عملیات نقش اور تعویذات کا اثر وقت کے سعد و نحس ہونے اور تاثیرات حروف کے سعد و نحس دیکھنے میں بہت اثر رکھتا ہے عمل پڑھتے وقت یا تعویذ لکھنے کے وقت اس امر کا خیال رکھ لینا چاہئے کہ جو عمل شروع کیا جائے۔ اس میں پہلے ان قاعدوں پر عمل رکھے۔ اس کے بعد اس کا حل کرے۔ کیونکہ عملیات نقش اور تعویذات میں ساوات و بدوج اور ترکیب نوشت و خواند کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ جو عمل اور تعویذ وغیرہ اوقات معینہ پر ترکیب میں کسی طرح کا فتور یا بے اعتدالی پائی جائے تو اس کے اثر میں ضرور نقص ہو جاتا ہے۔ جس طرح دوائیوں میں ترکیب کو دخل ہے۔ اسی طرح سے ہر ایک عمل میں سعادت و نحوست کا دارومدار قدرت نے گردش کواکب و بدوج نظرات و ترکیب نوشت و خواند پر قائم کر رکھا ہے۔ جس کی تاثیرات وقت کو دیکھ کر اسی کے عامل اپنے مقصد میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ترکیب نقش اور تعویذات

جب کوئی نقش یا تعویذ لکھنا ہو تو لکھنے کے وقت ساعت مذکور میں عطارد یعنی بدھ کی ساعت میں اس کے لئے قلم بنانا مفید ہے اور زحل یعنی سنیچر کی ساعت میں دشمن اور مقدمہ کے واسطے اور قمر یعنی چندرماں کی ساعت میں تسخیر دوستی و ترقی دولت و زرق کے لئے قلم بنا کر لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔ نقش آبی کو سیاہی سے لکھنا چاہئے نقش آتشی کو بھیم سینی کافور اور نیلے رنگ کی سیاہی سے مُدکرنا چاہئے نقش خاکی اشٹ گندھ سے لکھنا چاہئے۔ اور بادی کو سرخ صندل سے لکھنا مفید اور مُدتاثیر ہوتا ہے۔

اشٹ گندھ :۔ سفید چندن۔ لال چندن۔ مشک کافور۔ کیسر۔ اگر۔ تگر اور کستوری اور خس یہ چیزیں ملا کر تعویذ لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔

ترقی اور بلندی مراتب

١	۴١	١١	٨
١٢	٧	٣	١٣
٦	٩	١٦	٣
١۵	۴	۵	١٠

اس نقش کی تاثیر سے عامل تمام سال دُنیاوی مشکلات سے محفوظ ہو کر کاروبار میں ترقی اور ہر کام میں فائدہ اٹھائیگا۔ اس کو اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

قرض سے نجات ہو

٧٩۵	۵	٣٩	٦٦٣
٣٧	٦٧	٨٩	٦۵
	٨٧	٦٦	۴۵

اس نقش کو چاند کے پکش کے شروع میں منگلوار یا اتوار کے دن لکھکر اپنے پاس رکھیں اس نقش کے رکھنے سے روزگار میں ترقی ہوگی اور قرض ادا ہو جائیگا۔

فتح اور مرتبہ بلندی کے لئے

۵	۴	٧	١
٦	٢	٧	۵
٣	٩	٢	٦
٣	۵	۴	٨

جب کوئی مقدمہ یا کسی دشمن سے تکرار رہتا ہو تو اس نقش کو اشٹ گندھ سے بروز منگلوار لکھ کر گلے میں ڈال لیویں کامیابی ہوگی۔

مفید اور کار آمد جنتر

سنتان کے لئے

٨١٢	٨١۵	٨١٨	٨٠۵
٨١٠	٨٠٦	٨١١	٨١٦
٨٠٧	٨٢٠	٨١٣	٨١٠
٨١۴	٨٠٩	٨٠٨	٨١٩

جب کسی کے ہاں لڑکا نہ ہوتا ہو یا سنتان ہو کر گذر جاتی ہو تو اس نقش کو لال چندن سے لکھ کر حاملہ کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ مراد پوری ہوگی۔

راج دربار میں عزت بڑھے

۵٦	٦٢	٢	٨
٦	٣	٦٠	۵٩
٦٢	۵٧	٨	١
۴	۵	۵٨	٦١

پردیسی کی واپسی کا جنتر

٦٢	٦٩	٢	٦
٦	٣	٦٨	٦۵
٦٨	٦٣	٨	١
۴	۵	٦۴	٦٧

سرب سدھی جنتر

٨١	٩٢	٢	٨
٧	٣	٨۵	٨۴
٨٧	٨۴	٩	١
۴	٦	٨۴	٨٧

ڈر دور کرنے کا جنتر

٣١	٢٨	٢	٨
٧	٣	٣۵	٣۴
٣٧	٣٧	۴	١
۴	٦	٣٣	٣٦

نظر نہ لگنے کا جنتر

٧٢	٨١	٣٣	۴٢
٩٨	٨٢	٩	١١
٢۵	٣٧	۴٩	۵٠
۴۵	٢٧	٩	١

بلوان ہونے کا جنتر

٧٢	٧٩	٢	٨
٧	٣	٦٢	٧۵
٧٠	٧٣	٩	١
۴	٦	٧۴	٧٧

پیڑا دور ہونے کا جنتر

٦۵	٧٢	٢	٧
٦	٣	٦٩	٦٨
٧١	٦٦	٨	١
۴	۵	٧٨	٦٧

سب کارج سدھ ہوں

٨	١۵	٢	٨
٧	٣	١١	١٠
١٣	٩	٩	١
۴	٦	٩	١٢

گربھ رکھشا جنتر

٢۴٢	٢۴١	٢۴٠	٢٣٩
٢٢٨	٢٣٧	٢٣٦	٢٣۵
٢٣۴	٢٣٣	٢٣٢	٢٣١
श्री	ह्रिं	सं	ह्रिं

گمشدہ کا پتہ معلوم کرنا

ایک گھڑا جس پر کوئی کالا داغ نہ ہو لے کر اس کے اوپر اور بیچ میں نیچے لکھا ہوا منتر لکھ دیں۔ پھر منتر لکھ دو پھر منتر کو کاغذ پر لکھ کر گھڑے میں ڈال دو۔ اور ساتھ ہی چار پیسے تانبے کے ڈال دیویں۔ گھڑے کو ڈھکنہ دیکر بائیں طرف گھمائیں۔ اور ساتھ یہ منتر پڑھیں۔

ऐं ایگ	ह्रीं ہریگ	क्लीं کلینگ
डा ڈا	मु مُنہ	चा چا
यै یئے	वि وی	चे چے

گمشدہ ہوئے شخص کا نام

"ادم۔ ایگ۔ ہریگ۔ کلینگ۔ چہ۔ منڈاہئی وچے۔ گھڑے کو سات بار گھما کر گھڑے کو علیحدہ رکھ دو۔ سات دن تک ایسا کرنے سے وہ آدمی واپس آجاوے گا۔ یا چھٹی آجائیگی۔ گمشدہ کا نام نیچے لکھیں۔ اس منتر کو سفید کاغذ پر لکھکر جہنے کے ساتھ اُلٹا بھی گھما سکتے ہیں۔

برہم منتر :۔ اوم تچدیدکم۔ برہم یہ منتر سب منتروں سے سریشٹ ہے اور یہ ساکھشات دھرم ارتھ کام اور موکھش کا دینے والا ہے اور من کی کامنائیں پورن ہوتی ہیں۔

نوٹ :۔ منتروں کے متعلق زیادہ جانکاری کے لئے ہمارے ہاں سے منتر شکتی کے نام کی کتاب منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

فہرست عرس مبارک مسلم اولیاء کرام

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
لنگر صاحب	حیدر آباد	۱۱ر محرم	حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۱۷ربیع الثانی
بھورے میاں	رامپور	۴ "	شاہ دولہا دریا	گجرات	۱۹ "
بابا فرید الدین گنج شکر	پاک پٹن	۵ "	نظام الدین	دلی	۱۵۔۱۷ "
شیخ عبداللہ صاحب	گوالیار	۲۰ "	حضرت نیاز احمد	بریلی	۱۹ "
بابا پھول شاہ	اجمیر	۲۵ "	شمس الدین	پانی پت	۱۹ "
شاہ ولی اللہ	دلی	۲۵ "	حبیب اللہ شاہ نقشبندی	فیروزپور	۱۹۔۳۰ "
شاہ جمال	رامپور	۱۔۴ صفر	مولانا ثناء اللہ	پانی پت	یکم رجب
غوث پاک	راولپنڈی	۱۳ "	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶۔۱۱ "
خواجہ شمس الدین	سیالکوٹ	۱۳۔۱۵ "	میاں بادشاہ	لاہور	۸ "
عبدالرحیم	دلی	۱۳ "	عبدالحکیم	لاہور	۱۲ "
میاں کالے	دلی	۱۴ "	خواجہ شمس الدین	عثمان آباد	۱۶ "
مراد اللہ	لکھنؤ	۱۴ "	شاہجہاں بادشاہ	آگرہ	۱۶ "
داتا گنج بخش	لاہور	۲۰ "	خواجہ ناصر الدین	دلی	۲شعبان
شاہ مینا	لکھنؤ	۲۲ "	فضل علی	علی گڑھ	۱۱ "
علی شاہ	دلی	۲۲ "	مولانا پولی	لکھنؤ	۲۲ "
محمد ابوالحسن	حید آباد	۲۴ "	مولانا انوار الحق	لکھنؤ	۲۶ "
مخدوم شاہ علی	کانپور	۲۸ "	اکبر بادشاہ	آگرہ	۲۷ "
شیخ احمد صاحب	سرہند	۲۸ "	بندگی شاہ	سکندر آباد	۲۹ "
صادق شاہ	کانپور	۲۸ "	بو علی شاہ قلندر	پانی پت	۱۳ر مضان
شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷۔۲۹ "	سید محمد غوث	گوالیار	۱۴ "
محمد کابل	جلال پور	۴ر بیع الاول	نصیر الدین چراغ	دلی	۱۵۔۱۷ "
میاں شیر محمد	شری پور	۲ "	پیر شاہ ولائت	دیوبند	۲۱ "
رونق بخش	اورنگ آباد	۶ "	مولانا فضل الرحمٰن	مراد آباد	۱۴ "
میاں میر	لاہور	۷ "	میاوڈے شاہ	لاہور	۵ شوال
قدیم شریف	آگرہ	۱۱ "	شاہ عبدالعزیز	دلی	۷ "
مخدوم علاء الدین صابر	کلیر	۳۔۸ "	پیر عظمت علی شاہ	دیوبند	۵۔۸ "
شاہ محمد غوث	لاہور	۱۶ "	شاہ احمد سرور	مراد آباد	۸ "
شاہ ابولا علی	لاہور	۱۷ "	شہید ثالث	آگرہ	۱۲ "
قطب الدین بختیار	مہرلی دلی	۱۸ "	مادھولال حسین	لاہور	۱۸ "
خواجہ نظام الدین اولیاؒ	دلی	۱۷ "	خوجہ امیر خسرو	دلی	۱۷۔۱۸ "
شاہ جمال	لاہور	۲ربیع الثانی	کریم اللہ شاہ	بمبئی	۸ ذیقعدہ
حافظ علی	مراد آباد	۳ "	مہالم شریف	بمبئی	۱۲ "
حبیب اللہ شاہ	فیروزپور	۲۹۔۳۰ "	شاہ نظام	اورنگ آباد	۱۲ "
نظام الدین	دلی	۲۶ "	حضرت عبدالخالق	بہاولپور	۲۸ "
شاہ دریانی	گجرات	۱۹ "	حاجی اونجا	کشمیر	۱۷ ذالحجہ
صوفی محمد امام	گڑھ مکتیشور	۲۳ "	خلیفہ محمد رمضان	لاہور	۲۲ "
چشتی صاحب	رامپور	۲۶ "			تاریخ عیسوی
حضرت سد حاجب	گوہاٹ	۲۶۔۲۷	عرس نیاز احمد شاہ	کرتارپور	۲۸جون
بی بی پاکدامن	لاہور	۶جمادالثانی	عرس نیاز دو شاہ	کرتارپور	۱۷اکتوبر
مولانا فخر الدین	دلی	۷ "	عرس امام ناصر	جالندھر	۱۳ستمبر
محمد علی شاہ	لکھنؤ	۹ "	عرس میاداور باد	پھلور	۱۰۔۱۳ "

مسلم تیوہار کب و کیوں منائے جاتے ہیں

محرم الحرام	۱۰ محرم	اس دن امام حسین شہید ہوئے۔ اُنکی یاد میں یہ دن مناتے ہیں
چہلم شہید کربلا	۱۹ صفر	محرم سے ۴۰ ہویں دن کربلا میں جاکر شوک مناتے ہیں۔
آخری چہار شنبہ	صفر کے آخری بدھ	اس دن حضرت محمدؐ بیماری سے صحتیاب ہوئے اور غسل کے بعد فوت ہو گئے۔
عید میلاد النبی	۱۲ربیع اوّل	اس دن حضرت محمدؐ صاحب پیدا ہوئے۔
بارہ وفات	" "	اس دن حضرت محمدؐ صاحب نے دنیا سے رخصت فرما گئے۔
گیارہویں شریف	۱۱ربیع الثانی	اس دن سید غوث اعظم وفات پائے۔ غریبوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔
شب معراج	۲۶ رجب	اس دن حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ سے عرش معلے پر ملاقات کی۔
شب برات	۱۴شعبان	سال بھر کے اچھے کاموں کا عوضانہ ملتا ہے۔ چھٹکارے کی رات
جمعتہ الوداع	رمضان	رمضان کے آخری جمعہ کو مسلمان اکھٹے ہو کر نماز ادا کرتے
عید الفطر	یکم شوال	رمضان کے روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو عید مناتے ہیں
عید الضحیٰ	۱۰ ذالحجہ	حضرت ابراہیم نے حکم خدا پر اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی قربانی دی۔
روزے	تمام رمضان	اس مہینے قرآن حضرت محمدؐ پر نازل ہوا۔ یہ مقدس مہینہ ہے

قومی میلے اور عرس جموں و کشمیر

حاجی محمد مراد بخاری	۱۷رذالحجہ	میر سرک صاحب اندرابی	۵ "
حضر مولانا نعیم الدین	۱۸ "	امام موسیٰ علی رضا	۹ "
حضرت شیخ شہاب الدین	۱ر محرم	خواجہ نجم الدین احمد کبریٰ	۱۷ "
میر حیدر لاری تولہ مولا	۸ر "	شیخ مخدوم کشمیری	۲۴ "
یوم عاشورہ	۱۰ر "	مولانا احمد رضا خاں	۲۵ "
بابا نصیب الدین غازی	۱۲ر "	عرس حضرت کاکا	۲۹ "
سید محمد عالی پکھر پورہ	۱۲۔۱۶ "	شاہ ہمدان کاشمیری	۶ر بیع الاول
امام زین العابدین رو	۱۸ "	شیخ عبدالقادر جیلانی	۱۱ "
میاں شاہ صاحب قادری	۱۵ "	عید میلاد النبیؐ	۱۲ "
شیخ قمر الدین شیر گڑھی	۲۴ "	میر محمد ہمدانی	۱۷ "
حضرت مخدوم اشرف	۲۸ "	شاہ نعمت اللہ قادری	۲۶ "
شیخ بابا داؤد خاکی رو	۲ر صفر	وفات سید مضفر شاہ	۱۰ جمادالاول

جنتروں منتروں کے ذریعہ دل کا مُراد پانا

پراچین کال میں، جو کام دُنیاوی ذرائع سے پورا نہ ہوتا تھا۔ ہمارے رشی منی منتروں کے ذریعہ سدھ کر لیا کرتے تھے۔

اپنے آپ میں چھپے ورِدانوں کے اکٹھ کا نام ہی منتر ہے (समाप्ट) اور (ठयष्टि) من کی وراٹ شکتیوں کو عملی شکل دینے کا اہم کام (गुन्तशालि) منتر کرتے ہیں۔ منتروں اور ورانوں نے منتروں کے انوشٹھان اور ان کی سدھی کیلئے کئی طرح کے اصولوں پر عمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جن میں اہم یہ ہیں۔

(۱) منتروں کی سدھی کیلئے شبھ سنکلپ، پختہ ارادہ، اٹوٹ شردھا اور اٹل وشواس کا ہونا ضروری ہے۔

(۲) صاف۔ پوتر اور اکانت استھان۔

(۳) منتر خواہ کسی پرکار کا بھی ہو۔ اُسے گُپت رکھنا چاہئے۔

(۴) من کا ایک طرف اگانا اشد ضروری ہے۔ اپنے آدیشیہ کے سوائے دیگر کوئی بھی بات من میں نہیں لانی چاہئے۔

(۵) انوشٹھان کے دنوں میں ساتوک بھوجن کرنا چاہئے۔ سستی، بھوگ۔ ولاس۔ میتھن وغیرہ کو تیاگ کر براہمچریہ کا پوری طرح پالن کرنا چاہئے۔

(۶) من میں کسی طرح کا شک نہ کریں۔ اگر ممکن ہو تو کسی قابل تانترک یا وِدوان سے بھی ضروری مشورہ حاصل کریں۔

مزید جانکاری کیلئے ہماری پستک "منتر شکتی" رہسیہ منگوا کر پڑھیں۔

گربھ رکشک منتر :۔

اتوار اور منگلوار کی شام کو گائے کے گوبر کو ملا کر کاماکشی ماتا کے سامنے دھوپ جلائیں اور اس جلے اور اس جلے وئے گوبر کی راکھ کو لا کر اُس پر نیچے درج کیا گیا منتر تین مرتبہ پڑھ کر اُسے پوتر کریں۔ اُس کے بعد اُس بھسم راکھ کو حاملہ عورت کے جسم پر چھڑک دیں پھر اُس کا حمل بر قرار رہے گا۔

''ओं प्रवृवति रूप में शक्ति स्वरूपिणी

मा कामाक्षा देव्यै नमः ही की श्री फद् स्वाहा''

جنتر (تعویذ) دھارن کرنے کا طریقہ :

۔ کسی اتوار کو صبح سویرے کچھ کھائے بغیر چرچری کی جڑ اکھاڑ لائیں۔

ओं नमो: कामानाय गर्भस्थ सन्तान रक्षा कुरू कु रू फद् स्वाहा

اس منتر کو ۱۰۸ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد تانبہ کے تعویذ میں اس کو ڈال کر ریشم کی کالی ڈوری میں پرو کر حاملہ عورت کے گلے میں ڈال دیں جب تک اولاد نہ ہو تب تک وہ تعویذ عورت کے گلے میں ہی رہے۔

مفرور آدمی کو واپس بُلانا :۔

ایک کورا گھڑا اور کسورا لے آویں۔ جن پر کوئی نشان نہ ہو۔ گھڑے کے باہر اور کسورے کے اندر مندرجہ ذیل منتر لکھیں۔ اس منتر کو ایک کاغذ پر بھی لکھ کر اسے گھڑے کے اندر ڈال دیں۔ اسکے ساتھ ہی تانبہ کے چار پیسے بھی ڈال دیں۔ پھر گھڑے کو اس کسورے سے ڈھک کر گھڑے کی بائیں طرف سات مرتبہ گھماتے ہوئے نیچے درج منتر پڑھیں

ऐं ह्रीं कलीं डा मु च थै विच्चै

اب الگ الگ جگہوں پر سات دن تک کرنے سے مفرور جلد واپس آجائے گا۔

بیوپار کاروبار میں منافع کے لئے :۔

''ओं नमः भायाय, ओं नमः कामपनाय, ओं अं

क च ट त प य श ह्रीं ह्रीं क्रीं क्रीं ३ श्री फट स्वाहा।''

دیوالی کی رات کو اکانت میں کسی کمرہ میں آسن لگا کر اپنے سامنے دیپوں کی قطار سجا کر مندرجہ بالا منتر کا ۱۰۸ مرتبہ جاپ کریں تو منتر سدھ ہو جائیگا۔ بیوپار کاروبار شروع کرنے سے پیشتر اس منتر کا سات مرتبہ جاپ کریں۔ بیوپار میں ہمیشہ ترقی ہو گی۔

مندرجہ بالا منتر مہاویر جی کا مول منتر ہے۔ اس کی سدھی کا طریقہ ہے کہ سورج طلوع ہوتے پیشتر اُٹھ کر ندی پر جا کر وہاں نہانے کے بعد کھڑے ہو کر اس منتر کا ادائین کرے۔

ओं हि पवननन्दनाय नमः

اس کے بعد مول منتر کا ۸ مرتبہ جاپ کرتے ہوئے سر پر پانی سے بارہ مرتبہ مرجن کریں۔ پھر دورے سے کپڑے پہن کر گنگا یا ندی کنارے بیٹھ کر انگ نیاس کریں۔ اس کا روزانہ ۱۰۰۰ جپ کریں۔ ساتوں دن سورج نکلنے سے لے کر سورج غروب ہونے تک جپ کریں پھر رات کو مہاویر جی کا رودر روپ دکھائی دے گا۔ اور مہاویر جی ڈر خوف سے مکت رہنے کا ور دینگے۔

سنتان پراپتی کے لئے منتر

देवकी सुत गोविनन्द वामुदेव जगत्पते देहि मे तनयं कृष्णारामाहं शरमंगता

اس منتر کا ایک لاکھ جاپ کریں۔ تل شہد وغیرہ سے ہون کریں روزانہ کم از کم ایک مالا ضرور کرنی چاہئے۔ خاوند بیوی دونوں کو برہمچریہ برت کرنا چاہئے۔ ساتوک بھوجن کریں۔ جھوٹ۔ نندا۔ چغلی۔ حسد رغیرہ سے بچیں۔ زمین پر سوئیں۔ آدمی کو اپنے بال نہ کٹوانے چاہئیں۔ ایک لاکھ منتر کا جاپ پورا ہو جانے کے بعد جپ کے دسویں حصہ کا ہون کریں۔ اور چار برہمنوں کو ساتوک اور میٹھا بھوجن کروائیں۔ پھر منو کامنا لازمی پوری ہو گی۔

دھن حاصل کرنے کے لئے منتر۔

श्री हों. श्री ओं महालक्ष्म्यै नमः

اس منتر کا ماہ بیساکھ کے سواتی نکشتر کے وقت شروع کرنے پر اس کا ایک لاکھ بیس ہزار کی تعداد میں جپ کرنے پر منتر سدھی اوشیہ ہو گی۔ اور دھن کی کمی ختم ہو گی۔

ملازمت حاصل کرنے کے لئے منتر

ओ. नमो: भगवती पद्मावती रिद्धी सिद्धी दायिनी दु:खदारिद्रया

हारिणी श्री श्री ओम नमो: कामनाए ह्रीं ह्रीं फद् स्वाहा

سنیچر وار کو شنی دیو کی ودھی پوروک پوجا کریں۔ اس کے بعد اس منتر کا ایک ہزار جپ پورا کریں۔ تو یہ منتر سدھ ہو جائے گا۔ ملازمت کی تلاش کے لئے روانہ ہونے سے پیشتر اس منتر کا سات مرتبہ جاپ کریں۔ اور چلتے وقت کپلا گائے کو آٹا اور گڑ چٹا کر آگے جائیں تو یقیناً روزگار مل جائے گا۔ ملازمت کے حصول کے لئے الگ منتر تنتر۔

بھوت پریت کے سایہ والے مریض کے لئے منتر تنتر :۔

ओं पवन पुत्रारा नमः, ओं नमः कामानाय ह्रीं ह्रीं क्रीं क्रीं श्री श्री फद् स्वाहा

اس منتر کو سرسوں لے کر ہاتھ اُلٹا کر کے پڑھیں اور بھوت پریت کے سایہ والے مریض عورت یا مرد کے شریر پر سرسوں پھینکیں۔ یہ منتر تین مرتبہ پڑھ کر سرسوں پھینکیں تو پھر بھوت وغیرہ کا سایہ بھاگ جائے گا۔

بھوت پریت بھگانے کا ایک منتر :۔

اگر کسی عورت کو بھوت ستاتا ہو تو پوری چوکی کے ساتھ اس عورت کے پاس جا کر لیکن اس سے کچھ ہٹ کر آسن لگائیں اس کے بعد گوگل گھوڑے ناخن اور سوکھی لال مرچیں جلتی ہوئی آگ میں ڈال کر بھوت کھیلنے والی عورت کے ناک کے سامنے رکھ دیں۔ اگر بھوت پھر بھی نہ جائے تو بیت کی پتلی سی چھڑی پر ''ओं नमः सहाय हुं हुं फट'' کے منتر کو تین مرتبہ پڑھیں۔ پھر وہ چھڑی بھوت کے سایہ والی عورت کی پیٹھ پر تین مرتبہ ماریں تو پھر بھوت لازمی نکل جائیگا۔

حصولِ ملازمت کے لئے ایک تعویذ

کتے کا ناخن تانبے کے تعویذ میں رکھ کر ریشمی لال دھاگہ سے آدمی کے دائیں بازو پر مضبوطی سے باندھیں لیکن عورت کے بائیں بازو سے باندھ کر جہاں ملازمت کے لئے جگہ خالی ہو اگر وہاں پہنچ کر وہ آفیسر یا مالک کے پاس جائیں تو کام فوراً بن جائے گا۔

(پنالال جیوتشی)

گرہوں کے ناقص اثرات سے راحت حاصل کرنے کے اُپائے

سبھی گرہ انسانی زندگی پر اپنا اچھا یا بُرا اثر کرتے ہیں۔ جیوتش شاستر میں گرہوں کے ناقص (بُرے) اثرات کی دور کرنے کے لئے بہت طرح کے مزید اُپائے (طریقہ) بتلائے گئے ہیں۔ جنکو اپنا کر کے اپنے مقدر سے پریشان کوئی بھی شخص راحت حاصل کر سکتا ہے۔ از پنڈت پنالال جیوتشی

۱۔ سورج (شمس)۔ جنم زائچہ میں سورج خراب حالت میں پڑا ہو یا راہو وسنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی نظر میں ہو تو سورج کے بیج منتر کا سات ہزار سے لے کر سوا لاکھ کی تعداد میں جاپ کرنا چاہئے۔ جپ کا آغاز شکل پکھ (شدی) کے اتوار یا سورج چھشٹی، روی یوگ، روی پکھ، روی پتر بسو یوگ میں کرنا زیادہ فائیدہ مند ہوتا ہے۔ جپ کے واسطے رودراکش کی مالا اچھی ہوتی ہے۔ تلسی کی مالا کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پاٹھ کے بعد کل جاپ کا دسواں حصہ کا ہون کرنے سے پاٹھ خاص پُر اثر ہو جاتا ہے۔

پاٹھ کے بعد روزانہ سورج بھگوان کو ارگھیہ دینا اور گائیتری منتر کا جاپ کرنا مفید ہوتا ہے۔ پاٹھ اور ہون کے بعد سورج کے متعلق چیزوں کا دان باحیثیت کسی براہمن کو دینا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر۔ اوم ہرام۔ ہریم۔ ہروم سہ سوریائے نمہ۔

ॐ ह्रां ह्रीं ह्रौं सः सूर्याय नमः

سورج ارگھہ کے لئے چھوٹا بیج منتر۔ اوم گھرنی سوریائے نمہ

"ॐ घृणिः सूर्याय नमः ॥

اسکے علاوہ اتوار کے برت رکھنا۔ مانک (سورج منی) پتھر سونے کی انگوٹھی میں شبھ مہورت میں دھارن کرنا۔ تانبہ یا بھوج پتر پر سورج جنتر دھارن کرنا اور پھر بعد میں اپنی حیثیت کے مطابق سُپاتر کو دان کرنے سے سورج کے بُرے اثر سے راحت حاصل ہوتی ہے۔

سورج کے دان کے متعلقہ اشیاؤ، گندم، گڑ، لال کپڑا، گھی، بچھرے والی لال یا پیلے رنگ کی گائے۔ تانبہ یا سونے کا برتن کیسر لال پھول، لال چندن، مانک وغیرہ لال رنگ کی چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔ سورج کے جاپ سے روحانی طاقت پیچیدہ بیماری سے راحت، صحت، جسمانی طاقت اور سیاسی کامیانی حاصل ہوتی۔

۲۔ چندرماں (قمر) پیدائش زائچہ میں چندرماں ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو تو چندرماں بُرا اثر والا مانا جاتا ہے۔ اسکے بیج منتر کے جپ کی تعداد کم از کم ۱۱ ہزارہ ہونی چاہئے۔ جپ کے بعد کل پاٹھ کے دسویں حصہ کا ہون پلاش کی لکڑی سے کرنا چاہئے۔ جپ کا آغاز شکل پکھ (شدی) کے سوموار یا پورنماشی سے کرنا مفید گرہ ہوتا ہے۔

جپ کے لئے بیج منتر۔ اوم شرام۔ شریم۔ شروم سیہ چندرمسے نمہ

ॐ श्रां श्रीं श्रौं सः चन्द्रमसे नमः ।

چندرماں کا ارگھیہ منتر۔ اوم سوم سومائے نمہ

ॐ सों सोमाय नमः

منتر جاپ کے کے علاوہ چندرماں کے بُرے اثر سے راحت کے لئے چاندی کی انگوٹھی میں سفید موتی یا چندر کانت منی دھارن کرنا، سوموار یا پورنماشی کا برت رکھنا جڑی بوٹی دھارن کرنا، چندرماں کا جنتر چاندی کے پترے پر کھدوا کر باترکیب دھارن کرنا۔ شوجی کی پوجا کرنا بھی نہایت مفید ہوتا ہے۔

دان کی اشیاء ۔ چاول، چینی، سفید چندن، شنکھ، کپور دہی، دودھ، کھیر، گھی، سفید کپڑا، چاندی، کانسے کا برتن، چاندی کے ورق لگی برفی، سفید گائے، سفید موتی وغیرہ۔

- چندرماں اگر شبھ ہو تو دل دماغ، عورت، ماتا اور دھن دولت کے لئے فائیدہ مند ہوتا ہے۔

۳۔ منگل گرہ (مریخ) ۔ جنم کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹ یا ۱۲ ویں خانہ میں منگل ہو یا سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی زیر نظر میں ہو یا منگل اپنی نیچ راشی میں ہو تو خراب اثر کرتا ہے۔ نیچے لکھے منتر کا کم از کم دس ہزار کی تعداد میں منگلوار کو شبھ (مبارک) مہورت میں لال چندن، چاول، لال پھول موٹی گڑ گنگا جل لے کر شبھ سنکلپ سے جپ شروع کریں مکمل پاٹھ ہونے کے بعد کل پاٹھ کا دسوں حصہ ہون کرنا اور بعد میں برہمن بھوجن و پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

منگل کا بیج منتر۔ اوم کرام۔ کریم۔ کروم۔ سیہ بھومائے نمہ۔

ॐ क्रां क्रीं क्रौं सः भौमाय नमः ।

جپ کے علاوہ منگل کے ناقص اثر کی شانتی کے لئے ہر منگلوار کا باترتیب برت رکھنا، منگل استوتر کا پاٹھ، شری ہنومان اپاسنا، لال رنگ کی گائے کو چارہ ڈالنا، تانبہ یا سونے کی انگوٹھی میں مونگا پہننا او شدھی، اشنان، میٹ مانس وغیرہ سے پرہیز اور باترتیب طریقہ سے بنا ہوا منگل کا جنتر دھارن کرنا اور جپ ادیا پن پر براہمن کو میٹھا سمیت بھوجن کھلانا شبھ ہوتا ہے۔

منگل کا دان۔ منگلوار کو طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد تابنہ کی پلیٹ میں رکھ کر دیں۔ دان کی چیزوں میں گندم، مسور کی دال، تانبہ کا برتن، سونا، کنیر کے پھول، لال پھول، لال چندن، کیسر، ناریل، سیب وغیرہ لال رنگ کے پھل، مونگا، گڑ سے بنے ہوئے میٹھے چاول یا میٹھی۔ چاپاتیاں، براہمنوں کو بھوجن کھلانا مبارک ہوتا ہے۔ منگل گرہ ٹھیک ہو جانے سے حوصلہ، جوش، زمین بھائی اولاد وغیرہ کا سکھ حاصل ہوتا ہے۔

۴۔ بدھ (عطارد)۔ پیدائش زائچہ میں بدھ ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں کسی ناقص گرہ کے ساتھ ہو یا زیر نظر ہو تو بُرا اثر کرنے والا ہوتا

ہے۔ بدھ خراب اثر کرتا ہو تو عقل میں خرابی چڑچڑی کی بیماری، آواز میں گڑبڑ اور اولاد اور بیوپار کے متعلق پریشانی رہتی ہے۔ بدھ گرہ کی بہتری کے لئے نیچے لکھے اُپائے کرنے چاہیئے۔

بدھ کا بیج منتر۔ اوم براں۔ بریم۔ بروم۔ سیہ بدھیائے نمہ

ॐ ब्रां ब्रीं ब्रौं सः बुधाय नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ بدھوار کا باترکیب برت رکھنا، اوشدھی اشنان کرنا، ہرے رنگ کا نگ پنا(Emareld) سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر دھارن کرنا۔ صحیح طریقہ سے تیار شدہ بدھ کا جنتر رکھنا، شری درگا سپت شتی اور شری وشنو بھگوان کا پاٹھ کرنا۔ گائے کو ہرا چارہ ڈالنا، بدھوار کو کنیا پوجن کے بعد ہری چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

بدھ کا دان۔ مونگی سابت، کھانڈ، چھوٹی الائچی، ہری سبزیاں، ہرا ریشمی کپڑا، کانسہ کا برتن، ہرے پھول، یا رنگ برنگے پھول گھی کپور۔ ہرے پھل مٹھائی دکھنا سمیت براہمن کو بدھوار کے دن دان کرنا شبھ ہوگا۔

۵۔ برہسپت (مشتری)

جنم کنڈلی میں ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا نیچ راشی (مکر) میں پڑا ہو یا دشمن گرہوں کی زیر نظر میں ہو تو برہسپت برا اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں برہسپت ناقص حالت میں ہو تو وہ پڑھائی میں ناکامیابی، شادی اور اولاد کے سکھ میں اڑچنیں بھائی کو تکلیف جسم کو تکلیف، عقل میں کمی وغیرہ خراب اثر پیدا کرتا ہے۔

برہسپت میں بہتری (اچھے اثر) کے لئے برہسپت کے بیج منتر کا انیس ہزار (۱۹۰۰۰) کی تعداد میں پاٹھ کرنا یا کسی براہمن سے پاٹھ کروانا شبھ ہوتا ہے۔ مکمل پاٹھ کے بعد دسویں حصہ کا ہون (پیپل کی لکڑی سے) کروانا اچھا ہوتا ہے۔

برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام۔ گریم۔ گروم سیہ گوروے نمہ

ॐ ग्रां ग्रीं ग्रौं सः गुरवे नमः

برہسپتی کا دان۔ سونے یا تانبہ کی انگوٹھی میں پکھراج پہننا یا باترتیب تیار شدہ جنتر دھارن کرنا۔ اوشدھی اشنان کرنا۔ باترتیب ویروار کا برت رکھنا۔ چنے کی دال۔ شکر گھی۔ پیلے کپڑے، ہلدی، بچھڑے سمیت پیلے رنگ کی گائے، آم، کیلے وغیرہ۔ پیلے پھل، پیلا کمبل، دھارمک گرنتھ (مذہبی کتاب) بیسن کے لڈو، کانسا کا برتن، نمک، مٹھائی وغیرہ کا دان شکل پکھ کے ویروار کو براہمن بھوجن کے بعد دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

جو شخص پکھراج کا نگ نہ دھارن کر سکتا ہو وہ کیلے یا نارنگی کی جڑ کو پیلے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں کلائی میں ویروار کو منتر پڑھتے ہوئے باندھ سکتا ہے۔ میٹ ماس وغیرہ کے استعمال سے پرہیز رکھنا چاہیئے۔

۶۔ شکر (زہرہ) گرہ۔

جنم کنڈلی میں شکر ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں یا نیچ (کنیا) راشی میں منعقد ہو یا برہسپت، سورج وغیرہ دشمن گرہوں کی زیر نظر میں ہو تو شکر بُرا اثر کرتا ہے۔ شکر کے خراب اثر سے دھن دولت میں کمی، زمین، عورت دسواری وغیرہ کے سکھوں میں کمی رہتی ہے۔ اسکے اچھے اثر کو بڑھانے کے لئے شکر کے بیج منتر کا کم از کم سولہ ہزار (16000) کی تعداد میں جپ اور اسکے دسویں حصہ کا ہون کرنا اچھا ہوتا ہے۔ ہون ڈھاک یا گولسر کی لکڑی سے کرنا چاہئے۔

شکر بیج منتر۔ اوم۔ درام۔ دریم دروم سیہ شکرائے نمہ

ॐ द्रां द्रीं द्रौं सः शुक्राय नमः

شکر کا دان۔ چاندی، چاول۔ مشری، چینی، دودھ یا کھیر، برفی، وغیرہ سفید چندن سفید گائے، سفید پھول، پھل، سفید کپڑے، خوشبودار چیزیں، سفید یا کریم رنگ کی چیزوں کا دان مبارک ہوتا ہے۔

شکر جاپ کے علاوہ چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ہیرا پہننا، شکر کا جنتر دھارن کرنا اوشدھی اشنان، سفید گائے کی سیوہ (خدمت) کرنا۔ سفید چندن کا تلک کرنا چھوٹی کنیاؤں کا پوجن کر کے انکو برفی کپڑے وغیرہ تحفے دینا اور شری درگا سپتشتی کا پاٹھ کرنا مفید ہوتا ہے۔

۷۔ سنیچر (یعنی زحل) گرہ۔

جب کسی کنڈلی میں سنیچر ا، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ اویں خانہ میں پڑا ہو۔ یا میکھ وغیرہ نیچ راشی میں پڑا ہو یا سورج منگل دشمنی گرہوں کی زیر نظر یا دشا ہو تو سنیچر ناقص اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں سنیچر بُرا اثر کر رہا ہو تو وہ آمدن کے ذریعہ میں رکاوٹیں جسم کو تکلیف، دماغی تناؤ، پریوار میں تکرار اور بنتے کاموں میں بار بار اڑچنیں پیدا ہوتی ہیں۔ شنی کے ناقص اثر کو دور کرنے کے لئے شنی کے بیج منتر کا کم از کم ۲۳ ہزار کی تعداد میں جاپ اور اسکے کل دسویں حصہ کی تعداد میں شمی کی لکڑی سے ہون کروانا مفید ثابت ہوتا ہے۔

شنی کا بیج منتر۔ اوم پرام۔ پریم۔ پروم سیہ شنیہ نمہ

ॐ प्रां प्रीं प्रौं सः शनये नमः

شنی کا ویدک منتر۔ اوم شنو دیوی ربھیشٹہ آپو بھونتو پیتے شم یور بھیر ونتو نہ

باتقریب منتر جاپ کے علاوہ پانچ دھات کی یا سونے کی انگوٹھی میں نیلم دھارن کرنا سنیچر کے برت رکھنا، شنی استوتر کا پاٹھ کرنا، لوہے کی کٹوری میں تیل ڈال کر چھایا پاتر کرنا، اوشدھ اشنان، اندھ ودیالہ یا کوڑھی آشرم میں اُڑد کی دال کے ساتھ بیماروں کو کھانا، دوائی، کپڑا وغیرہ کا دان کرنا، شواستوتر کا پاٹھ کرنا شبھ اور مبارک ہے۔ اسکے علاوہ شنی کی شانتی کے لئے کالی گائے کی خدمت کرنا بھی اچھا ہوتا ہے۔

جو شخص نیلم دھارن نہیں کر سکتے ہوں وہ بائیں ہاتھ کی کلائی میں لوہے، سٹیل کا کڑا یا انگوٹھی پہن سکتے ہیں۔ بائیں بازو میں بچھو گھاس کی جڑ کالے کپڑے میں لپیٹ کر دھارن کر سکتے ہیں۔

شنی کے دان کی اشیاء۔ اُڑد، کالے تل، کالے چنے، سرسوں کا تیل کالی گائے، کالا کپڑا، لوہے کا برتن کالے جوتے، بھینس کلتھی، نیلم، ناریل، نیلے کالے اور نیلے پھول، اور بوڑھے غریب مفلس شخص کو بھوجن کروانا مبارک ہوتا ہے۔ شنی کا دان بعد دوپہر کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۸۔ راہو راس۔ جس کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ ویں خانہ میں راہو پڑا ہو خراب دشا کا اثر ہو تو یہ گرہ جسم کو تکلیف، تناؤ، دولت کاروباری اور گھریلو الجھنیں کلیش اور دیگر پریشانیوں کو پیدا کرتا ہے۔ راہو کے بُرے اثر کو دور کرنے کے لئے اسکے بیج منتر کا کم از کم ۱۸ ہزار کی تعداد میں پاٹھ کرانا اچھا ہوتا ہے۔

راہو کا بیج منتر۔ اوم بھرام۔ بھریم۔ بھروم سیہ راہو نمہ

ॐ भ्रां भ्रीं भ्रौं सः राहवे नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ راہو سے مطلقہ اشیاء کا دان، سنیچر کا برت، راہو کا جنتر دھارن، اوشدھ اشنان، گومیدنگ پنچ دھات کی انگوٹھی میں سنیچر کے روز درمیانی انگلی میں دھارن کرنا، راہو استوتر کا پاٹھ کرنا، بہتے پانی میں ناریل بہانہ شری درگا پوجا کرنا، کشٹھ آشرم یا اپاہج آشرم میں اناج پھل کپڑوں (خاص کر گرم کیمل) اور راہو کی اشیاء کا دان کرنا مبارک ہوگا۔

راہو کی اشیاء۔ ست ناجا، گومیدھ، سیسا، کالا گھوڑا، تیل، کالے پھول نیلا کپڑا کالے ماش (اُڑد) تلوار چناو غیرہ کمبل۔ بل پتر کستوری وغیرہ۔ راہو کا دان رات کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۹۔ کیتو (Ketu)۔ کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا کسی ناقص گرہ کے زیر اثر ہو تو اُس شخص کو جسم میں تکلیف، آپسی کلیش، گھریلو الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیتو کے ناقص اثر کو دور کرنے لئے نیچے لکھا بیج منتر کا ۱۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا فائیدہ مند ہوتا ہے۔ پاٹھ مکمل ہونے پر دسوں حصہ کی تعداد میں ہون کرنا چاہیے۔

کیتو کا بیج منتر۔ اوم۔ سرام۔ سریم۔ سروم سیہ کیتوے نمہ

کیتو گائیتری منتر۔ اوم پدم پوترائے ودمہے امرتے شائے دھی مہی تنو کیتو پرچودیات

ॐ स्त्रां स्त्रीं स्त्रौं सः केतवे नमः ।

پاٹھ پورا ہونے پر پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔ منتر جاپ کے علاوہ کیتو سے متعلقہ اشیاء کا دان، شری درگا و گنیش جی کی پوجا، کتوں کو دودھ چاپاتی ڈالنا، گرم کپڑے (کمبل وغیرہ) کا دان اندھ ودیالیہ یا کشٹ آشرم میں اناج، دوائیوں، کپڑوں پھلوں وغیرہ کا دان پرندوں کو ستنا جا ڈالنا اور کیتو کا جنتر یا نو گرہ جنتر دھارن کرنا مبارک ہوتا ہے۔

کیتو گرہ کے دان کی اشیاء۔ لہنیا، لوہا، ناریل، تل، تیل، سپت دھان، شکر بھورے رنگ سمیت رنگ برنگے کپڑے، کستوری، چاقو، لال رنگ کی گائے، ہسپتال میں دوائیاں وغیرہ کا بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

ست ناج گندم اڑد، مونگی، جوں، کنگنی، دھان اور چاول۔ ان سات چیزوں کو ہی سات دھان یا ستنا جا کہتے ہیں۔

نوٹ۔ کسی گرہ ہمرہ مٹھائی وغیرہ کا براہمنوں کو دان دینا، کھانا کھلانا اور چھوٹے بچوں میں پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

خیر اندیش۔ پنڈت پنالال جیوتشی مصنف مفید عالم جنتری جالندھر شہر

جنم کنڈلی میں ناقص گرہوں کیلئے نو گرہوں کے جنتر

جن کو جنم کنڈلی میں کوئی ناقص پڑ گیا ہو اسکو چاہئے کہ مندرجہ ذیل میں سے مطلوبہ جنتر اشٹ گندھ سے مور کے قلم سے اُس گرہ کے وار کو صبح شدھ پوتر ہو کر لکھے اس کا ناقص پھل کم ہو جائیگا۔ اشٹ گندھ اگر تگر کس مشک کافور لال و سفید چندن کیسر کستوری ان سب چیزوں کو گنگا جل میں مل کر کے چاندنے وار میں لکھ کرا اپنے پاس رکھیں۔

سورج

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

چندرماں

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

منگل

۱۰	۳	۸
۵	۷	۹
۶	۱۱	۴

بُدھ

۱۱	۴	۹
۶	۸	۱۰
۷	۱۲	۵

برہسپت

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

شکر

۱۳	۶	۱۱
۸	۱۰	۱۲
۹	۱۴	۷

سنیچر

۱۴	۷	۱۲
۹	۱۱	۱۳
۱۰	۱۵	۸

راہو

۱۵	۸	۱۳
۱۰	۱۲	۱۴
۱۱	۱۶	۹

کیت

۱۶	۹	۱۴
۱۱	۱۳	۱۵
۱۲	۱۷	۱۰

صحت و تندرستی کیلیے

۲	۹	۲	۷
۶	۳	۶	۵
۶	۳	۸	۱
۴	۵	۴	۷

روزگار کیلیے

۹	۱۶	۵	۴
۷	۲	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۸	۱
۶	۳	۱۰	۱۵

مرتبہ بلندی کیلیے

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

دھن پراپتی کیلیے

۹ ۱ ۳ ۷ ۸ ۲ ۴ ۶

شترو ناش کیلیے

۱۱ ۱ ۱۲ ۲ ۱۳ ۳ ۱۴ ۴

اقوال زریں

☆ مظلوم کی پکار سے بچو اس لئے کہ وہ اللہ سے اپنا حق مانگتا ہے۔ اور اللہ کسی صاحب حق کو اس کے حق سے محروم نہیں رکھتا (رسول مقبول)

☆ انسان سب سے بڑی خوبی کبھی نہ گرنے میں نہیں بلکہ گر کر اٹھنے میں ہے (قرآن کریم)

☆ رنج غم سے بڑھکر انسانی زندگی کا دشمن کوئی اور نہیں (ایک مشرقی مفکر)

☆ اپنے وقار کو مجروح کرنے دس بار مرنا زیادہ بہتر ہے (ایڈیسن)

☆ بے وقوف اپنے آپ کو عقلمند اور عقلمند خود کو بیوقوف سمجھتا ہے (شیکسپیئر)

☆ قلم ہاتھی کی زبان اور تحریر خاموش آواز (سقراط)

بِسم اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم

محرم یکم تاریخ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام کے ہاتھ اٹھا کر تین دفعہ بعد دعائے معظم پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنتُ اَللّٰہ الاَبرار القَدِیم وَھٰذِلاَسَنَۃٌ جَدِیدَۃٌ اَسئَلُكَ فیھَا العِصمَۃَ مِن الشَیّطٰنِ وَالعَونَ عَلَی الَفسِ الاَمّارَۃِ بِالسَّوءِ وَاَسئَلُكَ الاشتِغَالُ بِما تُقَدِّبُنِي اِلیكَ یَا کریمُ یَا ذُالجَلالِ وَالاکرامِ۔

اللہ تعالےٰ اس نماز اور دعا کے پڑھنے والے کو تمام سال شیطان کی شر سے محفوظ رکھے گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ

محرم کی پہلی شب سے شب عاشورہ تک بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ کلمہ توحید پڑھنا واسطے بخشش گناہ بہت افضل ہے۔

سورۃ الفاتحہ کا ثواب قران مجید کے ساتویں حصہ کے برابر ہے سورۃ الفاتحہ ہر مرض کی شفا ہے۔ ہر حاجت کے لئے ہر بیماری کے لئے لاعلاج مرض کے لئے ترقی رزق دولت خوشحالی، حصول اولاد اور الاد نرینہ کے لئے خاص الخاص عمل ہے خلوص نیت کے ساتھ پڑھیں روزانہ بعد نماز عشاء ۱۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف مع بسم اللہ اول واخیر درود پاک گیارہ مرتبہ پڑھیں جس وقت صراط الذینَ اَنعمت علیھم پر پہنچیں تو یہ جملہ سات مرتبہ پڑھیں مثل دائود و سلیمان و یوسف علیھم السلام پھر غیرالمغضوب علیھم ولاالضالین پڑھ کر الحمد شریف ختم کریں ۱۴۱ مرتبہ پھر درود پاک ۱۴۱ یوم پورا کرے مقصد پورا ہوگا۔

حصول اولاد کے لئے انعمت علیھم کے بعد مثل ابراھیم ویعقوب علیھم السّلام سات مرتبہ ۱۴۱ روز پڑھیں۔

اولاد نرینہ ۔صراط الذینَ اَنعمتَ علیھم کے بعد مثل ذکریاؑ علیہ السلام سات بار پڑھیں۔ ہر شخص جائز خواہشات مصیبت سے چھٹکارا دشمنوں سے بچاؤ۔ دکھ بیماری سے نجات غربت و مفلسی عزت وقار سر بلندی کے لئے پُر اثر ہے۔

برائے امراض قلب عدا امیر المومنین

دل پر ہاتھ رکھکر تین مرتبہ پڑھیں اوّل واخیر درود شریف

یا حَیُّ یا قیُوم یَا لاَ اِلٰہَ الاّ انتَ اسئلك اَن تُحیِی قلبی ۃ

دعا حضرت ابراہیمؑ وحضرت اسماعیلؑ

ربّنا تَقبّل مِنّا اِنّكَ اَنتَ السمیعُ العلیم ۃ

ہمارے پیارے نبیؐ نے اس دعا کو تین مرتبہ دہراتے تھے ہر جائز خواہش یا حاجت کی تکمیل کے لئے یہ دعا پڑھے۔

روزمرہ کا خرچہ لینے کا آسان عمل

رات کو سوتے وقت اسم یا عزیز کو ۲۹ مرتبہ پڑھیں اور سو جائیں صبح اٹھکر بغیر کسی سے بات کئے ہوئے بائیں طرف السلام علیك یا عبدالرحیم اور دائیں ہاتھ کی طرف السلام علیک یا عبدالکریم سامنے کی طرف السلام علیک یا عبدالقدیر اور پیچھے کی طرف السلام علیک یا عبدالرشید ایک ایک مرتبہ شب باشی میں پڑھیں کسی دن ناغہ نہ کریں روزانہ کا خرچہ مل جایا کریگا۔ مرسلہ:۔ **سیما خان** ناروے

حمل کے لئے کارآمد نقش

٦	١	٩
١	٢	٥
١	٢	١

نقش دیا ہوا مرزا بیر بیگ صاحب حاملہ عورت کے بارہ میں یعنی جس عورت کو کہ حمل نہ رہتا ہووے یا کہ کچا گر پڑتا ہووے تو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر کمر میں باندھے خدا کے فضل سے وہ عورت حاملہ ہوگی۔ اور حمل قائم رہیگا۔

نقش جو ایک قُل اَعوذ بِرَب الفلقِ جو ایک بزرگ سے ملا ہے تجربہ کیا ہوا جو شخص کہ سوتے میں ڈرتا بُرے خواب دیکھتا ہو یا مکان میں ڈر معلوم تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے تو بُرے خواب اور ڈرنے سے محفوظ رہے۔

٢٥٠	٢٥٣	٢٥٦	٢٤٣
٢٥٥	٢٤٤	٢٤٩	٢٥٤
٢٤٥	٢٥٨	٢٥١	٢٤٨
٢٥٢	٢٤٧	٢٤٦	٢٥٧

نقش اس عورت کے واسطے جس کو لڑکا نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ تین تعویز مشک اور زعفران سے یکشنبہ کو لکھے اور جمعہ کی رات اسے دودھ میں دھو کر تین روز تک عورت اور مرد دونوں پئیں اور تینوں روز مواصلت کریں انشاءاللہ بچہ صحیح وسالم پیدا ہو۔

٧٨٦

٢٣	١٨	٢٥
٢٤	٢٢	٣٠
١٩	٢٦	٢١

آیو یعنی عمر کا گیان

علم النفس کے ماہرین کا دعویٰ ہے کہ صبح کے وقت پچھم دشا (مغرب) کی جانب منہ کرکے کھڑے ہوکر پورب (مشرق) کی جانب پیٹھ کرکے اپنی چھایا کو دیکھے۔ اگر پورا جسم یعنی پورن شریر سفید رنگ میں دکھائی دے تو اس برس میں تمام سال سکون و آرام اور راحت میں زندگی بسر ہو۔ اگر اس سایہ میں سر دکھائی نہ دے تو چھ ماہ کے اندر اس شخص کی موت ہو جائے۔ اگر بغیر کانوں کے سر دکھائی دے تو ایک برس میں جسم کے کسی حصہ کے کٹنے کا حادثہ پیش آئے۔ اگر چھاتی کی حالت ٹھیک نہ نظر آئے تو سات مہینے کے اندر اندر موت ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر ہاتھوں کے بغیر جسم دیکھے تو دس ماہ، پسلی کے بغیر دو ماہ پسلی کے بغیر دو ماہ، منہ کے بغیر ایک ماہ اور اگر اس سایہ میں دو جسم دیکھے تو وہ شخص دس روز کے اندر اندر اس دار فانی سے رخصت ہو جاتا ہے۔ اس چھایہ پرش میں بغیر پاؤں کے جسم دیکھے تو کسی دوست کو خطرہ بنے اگر بغیر بازو کے دیکھے تو کسی عزیز کو خطرہ بنے۔ اگر بغیر سر کے سایہ دیکھے تو آتما کے ناش کا خطرہ ہوتا ہے۔ اگر پورا جسم نہ دیکھے تو خاندان کے ناش کا خطرہ ہے۔ اس چھایا میں دھر وورد کھی رنگت ہو تو ملک میں بیماری پھیلے۔ سر کٹا دیکھے تو موت واقع ہو اگر بُری حالت دیکھے تو دیش بھکمری برے، زرد رنگ ہو تو جسم میں مرض ہو، سرخ رنگ ہو تو مالی نقصان ہو۔ تن جسم دیکھے تو تین ماہ میں زندگی کو خطرہ در پیش آئے۔

ناقص گرہوں کی بہتری کے لئے کار آمد نگینے (پتھر)

نیک گرہوں کے اثرات میں اضافہ اور ناقص گرہوں کے ناقص اثر کو دُور کرنے کے لئے گرہوں کے لئے مناسب نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ کنڈلی میں پڑے گرہوں کی حالت اور اسمیں لکھی راشی کے مطابق ہی مناسب نگ کا چناؤ کرنا چاہئے ورنہ کئی دفعہ فائدہ کے بجائے غلط نگ پہننے سے نقصان کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔ صحیح نگ کو جاننے کے طریقہ کے متعلق مزید جانکاری کے لئے ہمارے یہاں سے نگوں کے متعلق کتاب اردو یا ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ قیمت ۶۰ روپے۔ جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور جالندھر۔

سورج گرہ کا نگ مانک (Ruby) اس نگ کا دیوتا سورج ہے اسکو انگریزی میں روبی (Ruby) ہندی میں مانک، فارسی اور اردو میں یاقوت یا لعل بھی کہتے ہیں۔ ان کا رنگ لال کمل کی طرح سنگرف کی طرح اور لاکھ کی طرح ہو سکتا ہے۔

پہچاننے کا طریقہ۔ اصلی مانک لال سرخ رنگت چمکیلا بھاری پن ہوتا ہے۔ ہتھیلی پر رکھنے سے ہلکی سی گرمی ہونے لگتی ہے۔(۲) شیشے کے برتن میں رکھنے سے چاروں طرف ہلکی سی لال کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔(۳) گائے کے دودھ میں اصلی مانک رکھا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔(۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔(۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو اس میں رکھے سبھی موتی لال رنگ کے دکھائی دینگے (۶) دوپہر کے وقت روئی میں رکھنے سے روئی میں آگ لگ جائیگی۔ اصلی نگ کی یہی پہچان ہے۔ چمکیلا اور بھاری اور کنیر کے پھولوں جیسا رنگ ہونا چاہئے۔ اس کے نقص کالے اور دودھیا رنگ سے آڑی ترچھی لکیر ہیں، دودھد میں بنا رنگ، جس میں گڈھے پڑے ہوں ایس انگ کبھی پہننے کے قابل نہیں ہوتا۔ اُلٹا بُرا اثر پڑتا ہے۔

پہننے کے ترکیب۔ مانک رتن اتوار کو سورج کے ہورا میں کرتکا پھاگنی اُترا پھالگنی اترا اکھاڑا روی پُکھ یوگ میں سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر سورج کے بیج منتروں سے پوجن کر کے چھوٹی اُنگلی کے ساتھ والی انامکا انگلی میں پہننا چاہئے جسکا وزن ۳۔۵۔۷۔۹ رتی تک ہونا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر:۔ اوم ہرانگ ہرینگ ہرونگ سہ سوریائے نمہ۔ پہننے کے بعد گایتری منتر کی ۳ مالا کا پاتھ ہون و سورج بھگوان کو طریقہ کے مطابق ارگھیہ دینا چاہئے اور تانبے کے برتن کنک ناریل، گڑ، لال وغیرہ کا دان کرنا چاہئے۔ طریقہ کے مطابق مانک پہننے سے راج دربار میں مان عزت بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔ اولاد کا سکھ تیج بل میں طاقت ملے دِل کی بیماری۔ آنکھوں کی بیماری۔ خون کی بیماری جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک و دھن راشی یا اس لگن والوں کو مانک پہننا فائیدہ مند ہے۔ جنکی جنم کنڈلی میں سورج گرہ کا اثر نہ ہوتا ہو انکو بھی مانک پہننا مبارک ہے۔

چندرماں کا گرہ موتی (Pearl) : چندرماں کے نگ کو سنسکرت میں موکتکہ، ملکتک، مکتا، چندر منی، ہندی پنجابی میں موتی۔ انگریزی میں (Pearl) کہا جاتا ہے۔ مکتا یا موتی نگ کا دیوتا چندرماں ہے۔ عربی فارسی میں گوہر کہتے ہیں۔

پہچان۔ موتی گول اور سفید صاف چندرماں کی طرح چمکنے والا نگینہ خوبصورت اور ہلکہ پن والا ہوتا ہے۔ گئو ماتا کے پیشاب میں مٹی کے برتن میں رات بھر پڑا رہنے دیں اگر وہ نہ ٹوٹے تو سمجھیں کہ نگینا بالکل ٹھیک ہے۔(۲) پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں موتی ڈال دیں۔ اگر پانی سے کرنیں نکلتی دکھائی دیں تو سمجھ لینا چاہئے کہ نگینہ بالکل ٹھیک ہے۔ اگر نقلی ہوگا تو ٹوٹ جائے گا (۳) دھان کی بھوسی کو ہتھیلی پر رکھ کر اُس پر موتی رکھ دیں اگر اصلی ہوگا تو اسکی چمک بڑھ جائیگی۔ سچا موتی اگر نہ ملے تو چندر کانت منی یا سفید پکھراج پہن سکتے ہیں۔ اصلی شدہ موتی پہننے سے دماغی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ مکتا بھسم کا استعمال نہایت فائدہ مند ہے۔ مرگی، ہائی بلڈ پریشر، پیٹ کی خرابی، پتھری، دانت کے روگ میں فائیدہ مند ہے۔ جسمانی خوبصورتی، عورت و دھن وغیرہ سُکھ حاصل ہونگے۔

پہننے کا طریقہ:۔ موتی چاندی کی انگوٹھی میں شکل پکش کے سوموار کو یا پورنماشی کے دن چندرماں کی ہورا میں گنگا جل اور کچا دودھ و چاول میں ڈبوتے ہوئے "اوم شرانگ شرینگ شرونگ سہ چندرمسے نمہ" کے بیج منتر کا گیارہ ہزار بار پاٹھ کرنے کے بعد پہننا چاہئے۔ اسکے بعد چاول، چینی، کھیر، سفید پھل و کپڑا وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ موتی ۲۔۴۔۶ یا ۱۱ رتی کا انامکا یا کنشکہ اُنگلی میں۔ ہست روہنی یا شرون نکشتر میں اچھے جوتشی کے بتائے مہورت میں پہننا چاہئے۔ میکھ و برکھ۔ متھن۔ کرک، کنیا تلا برشچک مین راشی یا لگن والوں کو موتی شبھ ہے۔

چندرماں کا اُپ رتن۔ چندر کانت منی (Moon Stone) چندر کانت منی چاندی کی طرح چمک والا ہوتا ہے۔ اس کو ہلانے اس پر سفید راشنی بنتی ہے۔ یہ نگ بھی دماغی سکون، یادداشت میں اضافہ کرتا ہے۔ اسے چاندی کی انگوٹھی میں پہننا چاہیے۔

منگل کا نگ مونگا (Coral) اسے سنسکرت میں پروال، انگارک منی و انگریزی میں کورل (Coral) اور عربی فارسی میں مرجان کہتے ہیں۔ مونگا عام طور پر لال سندھوری۔ گیروا رنگ کا ہوتا ہے۔ گول چکنا چمکدار و دوست سے زیادہ وزنی۔ سندھوری و شنگرف کے ملتے رنگ کا مونگا اُتم مانا جاتا ہے۔ اس کا دیوتا منگل ہے۔

پہچان۔ (۱) اصلی مونگے کے خون میں ڈال دیا جائے تو اسکے چاروں طرف گاڑھا خون جمع ہونے لگتا ہے۔(۲) اصلی مونگا اگر گئو کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو اس میں لال رنگ جھائی دکھائی دینے لگتی ہے۔ پہننے کے روز دھرم مقام پر لال رنگ کا کپڑا اور پھل وغیرہ کا دان کریں۔ اعلی درجہ کا مونگا پہننے سے زمین۔ پتر۔

بھائیوں کا سکھ۔ زرد کتا نصیب ہوتا ہے۔ اُسکے علاوہ خون کی بیماریاں بھوت پریت اگر ست ہوتا۔ کمزوری بھوک کا نہ لگنا دِل کی بیماری۔ وایو، کف وغیرہ میں مونگے کی بھسم کا استعمال ہوتا ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک، مکر، کنبھ و مین راشی یا لگن والوں کو اچھے جیوتشی کے صلاح سے پہننا چاہئے۔ منگل بیج منتر۔ اوم کرانگ کرینگ گرونگ سہ بھومائے نمہ۔

پہننے کا طریقہ۔ شکل پکش کے منگوار کو ہودا میں مرگشر، چتر یا دھنیشٹا نکشتر و میکھ، مکر یا برشچک کے چندرماں کے وقت سونے یا تابنے کو انگوٹھی میں بیج منتر کا پاٹھ کر کے انامکا اُنگلی میں چھ آٹھ دس یا بارہ رتی وزنی پہننے سے شُبھ ہے۔ پہننے کے بعد منگا ستوتر یا منگل گرہ کا دان کرنا شبھ ہے۔

بدھ کا نگ پنّا (Emerald) پنا بدھ گرہ کا نگ ہے اسے سنسکرت میں مرکت منی۔ اشمگربھ، سوپرنی ہریتی۔ فارسی میں ژمرد، انگریزی میں (Emerald) کہتے ہیں۔ پنا ہرے رنگ کا صاف، ملائم چمکدار ہوتا ہے۔

پہچان۔ شیشے کے گلاس میں پانی و پنا ڈال دیا جائے تو ہری کرنیں نکلتی دکھای دیگی۔ (۲) اصلی پنا کو ہاتھ میں لینے سے یہ لکا کومل و آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔

تاثیر۔ پنا نگ پہنے سے عقل میں اضافہ اور یادداشت بڑھتی ہے۔ علم، عقل، دولت، بیوپار میں ترقی کے لئے فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ سکون اور دماغی بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ حکیم اِسکو بھو بھسم استعمال کرتے ہیں۔ زچہ عورت کی کمر پر اس نگ کو رومال میں بدھوار کے روز باندھنے سے۔ بچہ بغیر تکلیف کے ہو جاتا ہے۔ اِسکے علاوہ یہ نگ جادو ٹونے، خون کی خرابی، پتھری، آنکھوں کی بیماری گردے کی بیماری اور دماغی کمزوری میں فائیدہ مند ہے۔

نگ پہننے کے طریقہ۔ یہ نگ چاندنے پکش میں بدھوار۔ اشلیکھا۔ جیشٹا۔ ریوتی، پورباپھالگنی، یا پکھ نکشتر میں اور بدھوار کی ہودا میں سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کے چھوٹی اُنگلی میں بدھ گرہ کے بیج منتر کم از کم ۱۶ ہزار بار پڑھ کر صبح پہننا چاہئے۔ بیج منتر۔ اوم ہرانگ، ہرینگ ہرونگ سیہ بدھائے نمہ۔

برہسپت کا نگ پکھراج (Topaz) : پکھراج برہسپت کا اہم نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے پُشپ راج، پیت منی۔ ہندی میں پکھراج فارسی میں زرد یاقوت اور اسفر انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ پکھراج کی مشابہت ہیرے سے بہت ملتی ہے۔ اسکا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

پہچان کا طریقہ۔ پکھراج کا نگ اکثر پیلا ہوتا ہے مگر رنگت کے مطابق (۱) نیبو کے چھلکے کی طرح (۲) سونے کی رنگ کی طرح (۳) کیسر اور ہلدی کے رنگ کی طرح (۴) سفید ہیرے کے طرح بھی ہو سکتا ہے۔ پکھراج ہتھیلی پر رکھنے سے چکنا، کچھ بھاری، پاردرشی اور قدرتی چمک والا اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ مگر بغیر چمک کے سفید دھبوں والا اور اندرونی ریشے دار پکھراج ناقص ہوتا ہے۔ دیگر پہچان۔ (۱) کسوٹی پر گھسنے اور زیادہ چمکدار ہوتا ہے۔ اصلی نگ چوبیس گھنٹہ دودھ میں رکھنے کے بعد بھی چمک میں فرق نہیں پڑتا۔ جہاں کسی زہریلے کیڑے نے کاٹا ہو وہاں گھس کر لگانے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ جادو ٹونے کا اثر بھی نہیں ہونے دیتا۔ محبوب کے دل میں محبت اور کشش پیدا کرتا ہے۔ خاصیت۔ پکھراج پہنے سے طاقت دماغ، ہمت میں فائدہ مند ہوتا ہے عمر دراز کرتا ہے۔ پکھراج شادی سکھ لڑکے کی پراپتی و دھرم کرم کی طرف روجھان پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی راب رُوح کا سایہ پڑتا ہو تو وہ بھی دُور ہو جاتا ہے۔ کاروباری الجھنوں کا حل ہے سمندری سفر کے لئے مفید ہے۔ دواؤں میں استعمال۔ حکیم اسکی بھسم کو کیوڑہ یا شہد کے ساتھ دینے سے پیلیا، تلی، کھانسی، دانتوں کی بیماری، منہہ کی بدبو۔ بواسیر، بھوک کا نہ لگنا وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ پکھراج ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۲ رتی وزن کا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ترجنی انگلی میں پہنیں۔ سونے یا تانبہ کے برتن میں کچا دودھ گنگا جل پیلے پھول ڈالکر بیج منتر کا ۱۹ ہزار پاٹھ کر کے شُدھ کرنا چاہئے۔ یہ نگ شکل پکش کے ویروار کے ہوداہ میں یا گورپغنہ یوگ میں یا پنربسو۔ وِشاکھا۔ پوربابھادوپد نکشتر میں کرک، دھن یا مین کا چندرماں ہو۔ پہنے سے مبارک ہوتا ہے۔ برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم سہ گوروے نمہ۔ پکھراج دھن مین ورشی کے علاوہ میکھ کرک، برشچک راشی والوں کے فائدہ مند ہے۔ پہننے کے بعد برہسپت کے مطابق دان دینا مبارک مانا گیا ہے۔

پکھراج کی جگہ نگ سوئیلا۔ پکھراج قیمتی نگ ہونے کی وجہ سے ہر کوئی عام شخص نہیں خرید سکتا اسکے بدلے میں سُونیلا بھی پہنا جاتا ہے۔ مُبارک سُونیلا ہلکے پیلے رنگ (سرسوں کی طرح پیلا پن) کا ہوتا ہے۔ کئی بار یہ پکھراج سے زیادہ پیلا پن لئے ہوتا ہے۔ پہننے کا طریقہ پکھراج کی طرح ہی ہے۔

شکر کا نگ ہیرا (Diamond)۔ سنسکرت میں اسے وجر منی ہندی میں ہیرا انگریزی میں (Diamond) کہتے ہیں۔ ہیرا خوب چمکدار سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پہچان زیادہ چمکدار چکنا۔ مضبوط پاردرشی اور کرنوں والا ہیرہ اصلی ہوتا ہے۔

شناخت۔ (۱) ہیرہ گرم پگھلے ہوئے گھی میں ڈالدیا جائے تو گھی بہت جلد جمنے لگتا ہے۔ (۲) اگر یہ ہیرا دُھوپ میں رکھ دیا جائے تو اُسمیں اندر دھنش کی طرح کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ توتلے بچے کے منہ میں رکھنے سے بچہ ٹھیک طرح بولنے لگتا ہے۔ اندھیرے میں جگنو کی طرح چمکتا ہے۔ خاصیت۔ ہیرے میں آکرشن کرنے کی خاص طاقت ہوتی ہے۔ اِسکو پہننے سے ونش میں اضافہ۔ دھن دولت و جائیداد میں اضافہ۔ عورت و اَولاد سُکھ ملے۔ صحت یابی۔ گھریلو و دنیاوی سُکھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہیرے کا مارا ہوا کشتہ بہت سی بیماریوں میں فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ جنسی ہار مون پیدا کرتا ہے۔ نامردی اور شوگر کو کنٹرول کرتا ہے۔ دوا کے طور پر استعمال۔ ہیرے کی بھسم شہد ملائی کے ساتھ لینے سے بہت سی بیماریوں میں فائیدہ مند ہے مثال کے طور پر کمزور، نپنسکتا، وایو کا پرکوپ، بھوک کا نہ لگنا۔ دھاتو میں نقص دِل کی تکلیف، سفید پردر، زہریلا مادہ بننا۔ بچوں میں سُوکھا کی مرض، دماغی کمزوری وغیرہ۔ دوائی کے طور پر استعمال حکیم کے مشورہ سے کرنا چاہئے۔

پہننے کا طریقہ۔ شدی یعنی شکل پکش کے شکروار کو شکر کی ہورا میں پکھ، پورباپھالگنی۔ پوربکھاڑہ نکشتر برکھ۔ تلا یا مین راشی ہو تو ایک رتی یا اس سے زیادہ

وزن کا ہیرہ سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر شکر کے بیج منتر (اونگ دراں درین، دروں، سہہ شکرائے نمہ) کا سولہ ہزار بار پاٹھ کر کے اچھے صورت میں مدھما نگلی میں پہننا چاہیے۔

پہنے کے دن شکر گرہ کے مطابق چیزوں جسطرہ دودھ چاندی، دہی، مشری، چاول، سفید کپڑے، چندن وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ ہیرہ پہنے کی تاریخ سے سات سال تک اثر والا بنا رہتا ہے۔ ہیرہ برکھ متھن کنیا، تلا، مکر کنبھ راشی والوں کو فائیدہ مند ہوتا ہے۔

ہیرا کی جگہ نگ : (۱) **فیروزہ**۔ نیلے آسمانی رنگ کی طرح یہ نگ شکر گرہ میں ہیرہ کہ جگہ پہنا جاتا ہے۔ یہ نگ بھوت پریت قدرتی مشکلوں میں آنے والی تکلیفوں میں مددگار ہوتا ہے۔ اگر اس نگ کو کوئی موقعہ میں ملنے پر پہنے گا تو زیادہ اثر والا رہے گا۔ ہلکے چمکدار رنگ والا نگ مبارک ہوتا ہے۔ کوئی بھی مشکل آنے سے یہ نگ اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔ آنکھوں کی بیماری سر درد زہریلا مادہ والی تکلیف میں خاص فائدہ مند ہوتا ہے۔

(۲) اوپل **(Opal)**۔ یہ بھی شکر کا دوسرا نگ ہے۔ اسکو پہنے سے اچھے خیال (وچار) ودھارمک کاموں کی طرف توجہ رہتی ہے۔ زیادہ مشہور نہیں ہے۔

شنی کا نگ نیلم (Saphire) ۔ نیلم شنی گرہ کا خاص نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے نیل، نیلمنی، اندرنیل، ہندی میں نیلم۔ انگریز یمیں سفائیر (Saphire) کہتے ہیں۔ عربی و فارسی میں یاقوت اور ارزاق کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی نیلم چمکدار چکنہ مور پنکھ کی طرح کے رنگ والا نیلی کرنوں والا پار درشی ہوتا ہے۔ لال پیلے دھبوں والا گھسا ہوا۔ بغیر چمک والا۔ ٹوٹا ہوا نیلم ناقص ہوتا ہے۔ اسکے پہننے سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔

شناخت۔ اصلی نیلم کو گائے کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو دودھ کا رنگ نیلا لگتا ہے۔ پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں ڈال دیا جائے تو نیلی کرنیں دکھائی دینگیں۔ فائیدہ نیلم پہنے سے دھن دولت مان عزت دماغی قوت نوکری یا بیوپار و خاندان میں اضافہ صحت کی بہتری میں فائیدہ مند ہے۔

نیلم شنی کی ساڑستی کے بُرے اثر کو دور کرتا ہے۔ خیال رہے عام طور پر نیلم چوبیس گھنٹہ میں اثر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر نیلم ٹھیک نہ بیٹھے تو سخت نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ شناخت کے طور پر کم سے کم ۳ تین دن تک پاس پرا گر بُرے خواب آئیں۔ بیماری آئے یا چہرے کو بناوٹ میں فرق تو مت پہنو۔

بیماری میں شانتی کے لئے۔ نیمل پہنے یادوڑی کی شکل میں دم، ٹی بی، دل کی بیمار، کھانسی، بخار، آنکھوں کی بیماری دماغی بیماری کشٹ روگ۔ پیشاب کے متعلقچ بیماریوں میں فائیدہ مند ہے۔ ٹوٹا ہوا نیلم پتھر پہننا کسی حادثہ میں موت کا سبب بن سکتا ہے۔ **پہننے کا طریقہ**۔ نیلم ۵۔۷۔۹۔۱۲ یا زیادہ وزن کا پنچ دھاتو۔ سونے یا لوہے کی انگوٹھی میں شنی وار کے دن شنی کی ہودہ میں پشیہ، اترابھادرپد، چترہ، سواتی، دھنیشٹھا، یاشتبث نکشتر میں سنی کے بیج منگر (اوم پرانگ۔ پرینگ، پرونگ سہہ شینئے نمہ) منتر کے ۲۳۰۰۰ (تیئیس ہزار) پاٹھ کر کے پہنیں۔ اُسکے بعد شنی کے مطابق چیزوں کا دان کریں۔

راہو کا نگ گومید (Zircon)۔ راہو کے نگ گومید کو سنسکرت میں گومید انگریزی اور اردو میں زرقون (Zircon) کہتے ہیں۔ گومید کا رنگ گئو موتر کی طرح ہلکے پیلے رنگ کا کچھ لالی وکالا پن لئے ہوتا ہے۔ صاف بھاری گومید مبارک ہوتا ہے۔ اِس میں شہد جیسی چمک بھی دکھائی دیتی ہے۔

پہچان۔ اموماً گومید اُلو یا باز کی آنکھ جیسا ہوتا ہے۔ گئو موتر جیسا۔ دل کے بغیر یعنی جو پر تدار نہ ہو۔ ایسا گومید مبارک ہوتا ہے۔ (۱) اصلی گومید کو ۲۴ گھنٹے تک گئو موتر میں رکھنے سے گئو موتر کا رنگ بدل جائیگا۔ یہ پتھر دشمن کے خوف سے راحت دلاتا ہے اور رکاوٹوں کو دُور کرتا ہے۔

پہننے کا طریقہ۔ گومید نگ شنی وار کو شنی کی ہوڑا میں سواتی، شتبکا، آردرہ، روی پشپک یوگ میں پانچ دھاتوں یا لوہے کی انگوٹھی میں جڑوا کر، راہو کے بیج منتروں کا پاٹھ کر کے دائیں ہاتھ کی مدھما انگلی میں پہننا چاہئے۔ اس کا وزن ۵۔۷۔۹ رتی کا ہونا چاہئے۔

راہو کا بیج منتر۔ "اوم، بھراں بھریں بھروں گ سہہ راہوے نمہ"

پہننے کے بعد بیج منتر کا پاٹھ ہون وسورج دیوتا کو ارگھ دیں۔ نیلے رنگ کا کپڑا کمبل تل، باجرا دکشنا کے ساتھ دان کریں۔

طریقہ کے مطابق پہننے سے بہت سے بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ دولت و جائیداد واولاد کا سکھ۔ وکالت ودراجدربار میں عزت مان کے لئے خاص فائیدہ مند ہے۔ دشمنوں کے ناش ہوتا ہے۔ جنکی کنم کنڈلی میں راہو ۱۔۴۔۵۔۷۔۹۔۱۰ ویں گھر میں ہو۔ اُنہیں گومید پہننا چاہئے۔ مکر لگن والوں کو گومید مبارک ہوتا ہے۔

کیت کا نگ لہسنیا۔(Cat's Eye Stone) : کیتو کینگ کو سنسکرت وہندی میں ہلسنیا انگریزی میں (Cat's Eye Stone) کہتے ہیں۔ یہ نگ اندھیرے میں بلی کی آنکھوں کی طرح چمکتا ہے۔ لہسنیا چار رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ کالی یا سفید چمک والا لہسنیا جس پر جینو کی طرح تین دھاریاں ہوں۔ صاف واوسط سے زیادہ وزنی ہو مبارک ہوتا ہے۔ اسے سوتر منی بھی کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی لہسنیا کو اگر ہڈی کے اوپر رکھ دیا جائے تو وہ چوبیس گھنٹہ کے اندر ہڈی کے آرپار چھید کر دیتا ہے۔ **پہننے کا طریقہ**۔ لہسنیا بدھوار کے روز۔ اشنی مھگا، مولا، نکشتر میں روی پشپ یوگ میں پانچ دھاتو کی انگوٹھی میں کھنشکا (چھوٹی) اُنگلی میں بدھوار کے روز پہنیں۔ پہننے سے پہلے کیتو کے بیج منتر کا پاٹھ کریں پانچ رتی سے کم وزن نہ ہو۔ ہر تین سال بعد نئی انگوٹھی میں لہسنیا جڑوا کر پاٹھ کر کے پہننا چاہئے۔

کیتو کا بیج منتر اوم سرانگ سرینگ، سروانگ، سہہ کیتوے نمہ۔

نگ پہننے کے بعد بدھوار کو ہی کسی شریشٹھ براہمن کو تل کمبل دورم رنگ کا کپڑا۔ سات اناج (الگ الگ) ہمت کے مطائق دکشنا کے ساتھ دیں۔ ودھی کے مطابق پہننے سے بھوت پریت کا اثر نہیں رہتا۔ اولاد کا سکھ دولت میں اضافہ وڈشمن بیماری کو دور کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔

زیادہ جانکاری کے لئے یہاں رتن جیوتش وِگیان کتاب۔ /۷۰ روپے بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر

لاٹری نکلنے کے یوگ

سب سے پہلے مفید عالم جنتری کے اس پچھتر والے صفحہ پر سے اپنے نام معلوم کریں پھر پتہ کریں کہ لاٹری کب نکل رہی ہے۔ جس روز لاٹری نکل رہی ہو۔ اس دن کا پچھتر جنتریوی کے مہینوں والے صفحہ پر دیکھیں۔ اگر وہ پچھتر آپ کے پچھتر سے ملتا ہے تو آپ نیچے لکھے پچھتروں کے پھل اور اُپائے دیکھ کر کافی حد تک لاٹری کی اُمید کر سکتے ہیں۔ نیچے تین تین پچھتروں کا مجموعہ دیا گیا ہے۔ تینوں میں سے آپ کے نام کا کوئی پچھتر ہو۔ تو اور لاٹری نکلنے کا کوئی اور دوسرا تو پھر آپ لاٹری خرید سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کا پچھتر روہنی ہے تو آپ شرون پچھتر میں نکلنے والی لاٹری خرید سکتے ہیں۔ آپ کی قسمت کا ستارہ چمک سکتا ہے۔

۱۔ **کرتکا ۔ اترا پھالگنی و اترا کھاڑا۔** لاٹری نکلنے کی امید ہے۔ روزانہ آدتیہ پردیہ کا پاتھ سورج دیو کو نمسکار۔ اور مانک۔ مانک دھارن کرنے سے لابھ رہے گا۔ اور اتوار کا برت رکھیں۔ تو اور بھی اچھا رہے گا۔ گڑ وغیرہ کا دان کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ اتوار کو خریدیں۔

۲۔ **روھنی ۔ ھست شرون۔** ہر امید پوری ہو سکتی ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ سوموار کو خریدیں۔

۳۔ **مرگشر۔ چترا ور دھنیشٹا۔** لاٹری نکلنے کی ابھی امید بہت کم ہے۔ مت ڈالیں ایک سال تک شری ہنومان جی کو لڈو کا پرشاد ہر منگلوار کو چڑھا کر منگلوار کا برت رکھیں۔ ہاں مُنگھ مونگا دھارن کرنے کے ایک سال بعد ضرور لاٹری نکل جائے گی۔

٤۔ **آردرا۔ سواتی۔ شتبھکا۔** تین ماہ بعد نکلنے والی لاٹری ڈالیں۔ ضرور نکلے گی۔ اپنے اشٹ دیو کی پوجا کریں۔ سنیچروار کو کالی چیز کا دان۔ پرندوں کو چاول ڈالنا۔ اور خود گومد دھارن کرنے سے تین ماہ بعد لاٹری ضرور نکلے گی۔ لکشمی پاٹھ ہر سنیچروار کو ضرور کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ ضرور شنیچروار کو ہی خریدیں۔

٥۔ **پنربس ۔ یشاکھ ۔ پوربا بھادرپد۔** لاٹری نکلنے کا یوگ بخوبی بنتا ہے کسی بوڑھے براہمن کو پہلے میٹھے چاول۔ پیلے کپڑے چنے کی دال کا دان کرنا شبھ ہے۔ برہسپت وار کا برت ۵ ہفتوں تک کریں۔ شری دُرگا ماتا کا پاٹھ پورے ۴۰ دن تک کریں۔ لاٹری ضرور نکلے گی۔ خور پکھراج کانگ دھارن کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ ویروار کو خریدیں۔

٦۔ **پکھ انورادا۔ اترابھادرپد۔** ابھی لاٹری نکلنے میں دیر لگے گی۔ سنیچر وار کا برت اور کالے تل لوہا کا برتن، کالا کپڑا کا کسی غریب کو دان اور نیلم پتھر پہننے سے یوگ ڈیڑھ سال تک سنبھل سکتے ہیں۔ پرندوں اور موک جانوروں کو چارہ ڈالنا بھی شبھ ہے ٹکٹ سنیچر وار کو خریدیں۔

۷۔ **اشلیکھا، جیشتھا۔ ریوتی** لاٹری نکلنے کا بہت امکان ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ بدھ وار خریدیں چار بدھ وارت تک برت رکھیں اور برت کے روز کسی غریب کو یا براہمن کو سبز کپڑا مونگی۔ ہرے پھول کانسی کے برتن گھی۔ مصری وغیرہ دان میں دیں۔ نگ پنا پہننا بہتر۔ ۴ ہفتہ تک شری درگا پاٹھ کرنا ضروری ہے۔

۸۔ **مگھا، مولا، اشونی۔** لاٹری کا ٹکٹ کسی بچے کے نام منگلوار کو خریدیں۔ ہر منگلوار کو بچوں میں پیلے لڈو تقسیم کریں۔ اور اپنے اشٹ دیو کی پوجا کریں۔ برت رکھیں لکشمی دیوی کا پاٹھ ہر روز کریں۔ سات ماہ بعد مُراد پوری ہوگی۔ ابھی ٹکٹ نہ خریدیں۔

۹۔ **پوربا پھالگنی ۔پوربا کھاڑا بھرنی** لاٹری نکلنے کی پوری امید ہے۔ دیوی دُرگا ماتا کے چھٹے، ساتویں ادھیائے کا پاٹھ چار ہفتہ تک کرلیں۔ شکر وار کو پاٹھ ضرور کریں۔ ٹکٹ بھی شکر وار کو ہی خریدیں۔ اس دن پانچ چھوٹی لڑکیوں کو میٹھے چاول کی کھیر کھلائیں۔ من کی مراد جلد پوری ہوگی۔

کون سی لاٹری خریدیں

میکھ برکھ متھن کرک	کلکتہ، اڑیسہ پنجاب راجستھان، بہار، اتر پردیش سکم، آسام، ہماچل پردیش، ناگالینڈ دہلی، شری لنکا، رنگون	سنگھ کنیا تلا برشچک	آسام، مہاراشٹر، کیرل آسام، سکم، ہماچل، ناگالینڈ اور سری نگر ہریانہ، راجستھان، پنجاب بہار اڑیسہ، کلکتہ، سکم، یوپی	دھن مکر کنبھ مین	دہلی، یوپی، بنگال، اور نیپال میسور، شری لنکا ہماچل پردیش پنجاب، ہریانہ، بہار، یوپی ناگالینڈ، مہاراشٹر، جموں کشمیر

نوٹ:۔ جس روز لاٹری نکلنے والی ہو۔ اس روز کا چندرماں۔ اگر آپ کی نام راس کے چوتھے۔ آٹھویں یا بارہویں مقام پر پڑتا ہے۔ تو اس روز لاٹری نہ ڈالیں (پنڈت پنالال جیوتشی ایم اے۔

گھوڑوں کی کی دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑ دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد ڈبھریا اور کالا دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں جس رنگ کی گولی نکلے۔ اسی رنگ کے پر بازی کیا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی۔ اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	دن	رنگت	سیارہ	دن	رنگت	سیارہ	دن	رنگ
سورج	اتوار	سرخی مائیل	بدھ	بدھوار	ڈبھریا	شکر	شکروار	سفید
چندرماں	سوموار	سفید						
منگل	منگل	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

گھوڑا دور اور لاٹری اپنی ذمہ داری پر ڈالیں۔ ہمارا صرف مشورہ۔ پنڈت پنالال جیوتشی۔

شکر کشیتر پر کالا بندو ہونے سے آدمی زیادہ شہوت پرست ہوتا ہے اور اس کے کارن بے عزت بھی ہوتا ہے۔ اسے گپت روگ ہوتا ہے۔

منگل کشیتر پر بندو کا نشان ہونے سے لڑائی میں چوٹ لگتی ہے۔ یا مقدمے بازی میں دھن کا ناش ہوتا ہے۔ جیون ریکھا پر کالا بندو ہو تو لمبی بیماری۔ مستک ریکھا پر ہو تو سر میں چوٹ اور سر کا روگ ہوتا ہے۔ ہردے ریکھا پر ہو تو بدنامی۔ پریم سمبندھوں میں مایوسی اور دل کی بیماری ہو سکتی ہے۔ سورج ریکھا پر ہو تو اپنوں سے بچھڑنا۔ سواستھ ریکھا پر ہو تو صحت میں خرابی اور حاسد ہوتا ہے۔ رِواہ ریکھا پر ہو تو شادی میں مشکلات پیش آتی ہیں، اور اگر وواہ ہو بھی جائے تو عورت کا چھوڑ کر چلے جانا، عورت کے ہاتھ میں ہو تو خاوند سے بچھڑنا۔ منگل ریکھا پر ہو تو بے حرکت رہنا۔ چندر ریکھا پر ہو تو قسمت میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔

نوٹ :۔ بندو اور تلوں کے نشان میں فرق ہوتا ہے۔ بندو۔ سفید۔ کالا۔ لال وغیرہ کئی پرکار کا ہو سکتا ہے۔ کالا بندو (داغ) عام طور پر بُرا اثر ڈالتا ہے، رنگ اور حالات کے مطابق ان کا پھل بھی مختلف پرکار سے ہوتا ہے، اگر ہردے ریکھا پر سفید بندو ہو تو آدمی یا عورت اپنے پریمی کو پانے میں کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔ اگر ایک سے زیادہ ہوں اور ہردے ریکھا کٹی ہوئی ہو تو ایسے لوگ پریم حاصل کرنے میں ناکام اور دُکھی ہوتے ہیں۔ اپنے پریمیوں پر زیادہ یقین رکھنے سے دھوکا کھاتے ہیں۔

ہتھیلی پر تل و چار تل کا نشان جس ریکھا یا گرہ پربت پر ہوگا اس کے نیک پھل کو دوگنا کر دیتا ہے خصوصاً داہنے ہاتھ میں جو کہ مٹھی بند کرنے پر اندر چل پڑ جاتا ہے۔ تو ایسا تل بیشمار دھن دولت دینے والا ہوتا ہے۔ وہ اپنے کل اور حالات کے مطابق ضرور ہی لکشمی پراپت کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ میں تو خرچ کی زیادتی کر کے اقتصادی مشکل لا کر پریشان کئے رہتا ہے۔ مرد کے داہنے انگ پر تل کا جو اثر ہوتا ہے وہی اثر استری کے بائیں انگ پر تل ہونے سے ہوگا۔

جس عورت کے ہردے ستھان پر تل ہو تو اُسے خوش نصیب سمجھنا چاہئے۔ اگر عورت کی بھوؤں کے درمیانی حصہ میں تل کا نشان ہو تو اسے راج پاٹھ (شاہی ٹھاٹھ) کی علامت سمجھنا چاہئے۔ جس عورت کے بائیں گال پر لال رنگ کا تل ہو تو وہ ہمیشہ اچھا اور سواد شٹ بھوجن پراپت کرتی رہتی ہے، اگر کسی عورت کے خفیہ مقام (گپت ستھان) کے دائیں حصے میں تل ہو تو وہ کسی راجہ کی پتنی ہوتی ہے۔ اگر گپت ستھان پر تل کا نشان ہو تو دکھ درد کا سوچک ہے

ہاتھ۔ کان۔ گال یا گلے کے بائیں طرف کے کسی حصہ میں تل ہو تو ایسی عورت پہلے حمل سے ہی پُتر کو جنم دیتی ہے۔

مستک کے بائیں طرف تل ہو تو ایسی عورت بھاگیہ وان خوشحال اور سکھی ہوتی ہے۔ بائیں آنکھ پر تل ہو تو ستی اور پاکدامن ہوتی ہے۔ گال پر تل ہو تو بھوگی عیش و عشرت پسند ہوگی۔ کان پر تل ہو تو لوبھی اور لالچی ہوگی۔ ناک پر تل ہو تو چنچل و شوخ مزاج ہوگی۔ گردن پر ہو تو ایسی عورت حکومت پسند اور عب و راب والی ہوگی، اگر ستین پر تل ہو تو ایسی عورت مردوں کے لئے بہت زیادہ پرکشش ہوتی ہے۔ اس کی سنتان اچھی نکلتی ہے۔

خیر اندیش

پنڈت پنا لال۔ جیوتشی۔ جالندھر شہر۔

لال کتاب کے مطابق

عمر کے مختلف حصوں پر گرہوں کے اثرات

لال کتاب کے مطابق ۱۲ سال کے بچے کی قسمت کا کوئی اعتبار بھروسہ نہیں ہوتا۔ (۷۰) سال کے بعد آدمی کی اپنی قسمت کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اس کا نصیب اس بچوں کے نصیب اس کے بچوں کے نصیب یا خدا کی عنایت پر منحصر رہتا ہے۔ ۳۵ سال میں پورے نوہ گرہ چل کر پورا چکر نیچے لکھے نقشہ پورا کرتے ہیں۔ ہر ایک گرہ کے اثرات کا عرصہ سال صرف اس آدمی کی عمر کے حساب سے دیئے گئے ہیں۔

نام گرہ	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر
سنیچر	۱ سے ۶ سال تک	۳۶ سے ۴۱ سال	۷۱ سے ۷۶ سال
راہو	۷ سے ۱۲ سال	۴۲ سے ۴۷ سال	۷۷ سے ۸۲ سال
کیتو	۱۳ سے ۱۵ سال	۴۸ سے ۵۰ سال	۸۳ سے ۸۵ سال
برہسپت	۱۶ سے ۲۱ سال	۵۱ سے ۵۶ سال	۸۶ سے ۹۱ سال
سورج	۲۲ سے ۲۳ سال	۵۷ سے ۵۸ سال	۹۲ سے ۹۳ سال
چندرماں	۲۴ ویں سال	۵۹ واں سال	۹۴ ویں سال
شکر	۲۵ سے ۲۷ سال	۶۰ سے ۶۲ سال	۹۵ سے ۹۷ سال
منگل	۲۸ سے ۳۳ سال	۶۳ سے ۶۸ سال	۹۸ سے ۱۰۳ سال
بدھ	۳۴ سے ۳۵ سال	۶۹ سے ۷۰ سال	۱۰۴ سے ۱۰۵ سال

۲۷ نچھتروں میں پیدائش کا بیان

اشونی:۔ جو شخص اشونی نچھتر میں پیدا ہو وہ دولت مند، ہر کام میں ہوشیار، خوش وضع، دوستوں اور سمبندھیوں سے میل ملاپ رکھنے والا ملنسار، شکر گذار، خوش کلام اور تیز فہم ہوتا ہے۔ سماج اور عزیز و اقارب میں عزت و احترام پانے والا اور فراخ دل ہوتا ہے۔ با اخلاق اور نیک سیرت ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ ویں برس میں طلوع ہوگا۔

بھرنی:۔ اس نچھتر میں پیدا ہونے والا بچہ لمبی عمر والا، راستی پر چلنے والا صحت مند اور ہر دلعزیز ہوتا ہے۔ نیک کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، نیک لوگوں کی صحبت کو پسند کرنے والا اور ہر جگہ عزت و توقیر پانے والا ہوتا ہے۔ اس کی قسمت کا ستارہ ۲۷ ویں سال کے بعد طلوع ہوگا۔

کرتیکا:۔ بسیار خور بھوک زیادہ رکھنے والا، لذیذ اور چٹ پٹی خوراک کا دلدادہ، مغرور، کنجوس اور ناشکر گذار ہو انیکی اور وفا کو کرتکا کا نچھتر والا شخص غیر عورت (عورتوں) سے تعلق رکھنے والا ہوتا ہے۔ جس کا کو ہاتھ میں لے اُسے پورے اُتساہ اور لگن سے سر انجام دے عزیز و اقارب سے بگاڑ رکھے۔ قسمت کا ستارہ ۲۹ سال کے بعد چمکے۔

روہنی:۔ دولت مند، راست گو، عزیز و اقارب سے اُلفت رکھنے والا، شیریں کلام، نرم گفتار، دنیاوی کاموں کو تندہی سے سر انجام دینے والا اور بلند حوصلہ ہوتا ہے۔ شردھاوان اور مفید مشوروں پر عمل کرنے والا، دولت مند اور رحم دل ہوتا ہے۔ راج دربار میں عزت پانے والا اور بزرگوں کا احترام کرنے والا ہوتا ہے۔ اگر رات کا جنم ہو تو کٹھور ہردے والا اور بدیش جانے کا شوقین ہو۔ قسمت کا ستارہ ۳۰ سال کے بعد چمکے۔

مرگشر:۔ سند مزاج، تیز رفتار، خود پسند اور معمولی بات پر بگڑنے والا عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا، چالاک اور ناشکرہ ہو۔ غصہ میں ہر وقت بھرا رہے۔ جھگڑالو اور فسادی ہو۔ مطلب پرست اور دوسروں کا احترام نہ کرنے والا ہو۔ ۲۸ برس کے بعد خوشحال ہو۔

آردرا:۔ مستقبل مزاج، حلیم طبع، ہر دلعزیز، عقلمند اور متحمل مزاج ہو مشکلات میں نہ گھبرانے والا مگر دھن دولت کے سکھ سے محروم رہے جمع خوری کے برخلاف نیک اور دانا۔ ۲۸ برس کے بعد خوشحال ہو۔

پنربس:۔ مستقبل مزاج، عالم، دانا، دولت مند، راج دربار میں اور عزیز و اقارب میں عزت پانے والا، دوست اور متر بہت ہوں اولاد کا سکھ دیکھے۔ سب کا خیر خواہ سفید چیزوں کو پسند کرے۔ سفر بہت کرے۔ قسمت کا ستارہ ۲۸ سال بعد چمکے۔

پکھ:۔ حلیم و ذہین، نیک دل، ہوشیار ہو، دوسروں کی مدد کرنے والا، خدا ترس، دھرم کرم کے کام کرنے والا اور عابد و نیک ہو نیک و بد کی تمیز رکھنے والا ہو۔ قسمت کا ستارہ ۳۵ سال بعد چمکے۔

اشلیکھا:۔ نیک کاموں کو کرنے میں سکھ ماننے والا، پریوار اور کنبہ بڑا ہو۔ دیوتا، بزرگوں اور سادھو سنتوں سے پیار کرنے والا ہو۔ کسی کی خاطر میں نہ لانے والا، دوسروں کو فائدہ اور بھلائی کو دیکھ کر خوش ہو۔ نشوں سے رغبت رکھے۔ نیک وید کا خیال نہ رکھے۔ رشتہ داروں سے ناچاقی رہے۔ قسمت ۳۰ برس بعد چمکے۔

مگھا:۔ دولت مند اور آسودہ حال ہو، عورت کے لئے وفادار اور پیار رکھے۔ ماں باپ کی عزت اور خدمت کرنے والا۔ دوسروں کو دکھ نہ دینے والا ہو۔ سدا خوشحال رہے۔ بیوپار میں دھن لابھ ہو۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ برس کے بعد چمکے۔

پورباپھالگنی:۔ دشمنوں پر غالب رہے ہر کام میں ہوشیار، افسروں، امیروں اور وزراء کی خدمت کرنے والا۔ خوش وضع او خوش کلام ہو۔ عورتوں کا پیارا۔ اقبال مند اور سواری وغیرہ کا شوقین ہو حکومت سے تعلق ضرور رکھے۔ سفر کا شوقین اور قابل ہو۔ امیدوں میں کامیابی اپنے رشتہ داروں سے پیار، راج دربار اور سماج میں عزت۔ قسمت ۲۸ برس کے بعد چمکے۔

اتراپھالگنی:۔ دولت مند۔ عیاش۔ اسلحہ اور دھنش ودیا کا جاننے والا، بہادر اور طاقتور ہو۔ کھیل کود اور پہلوانی کا شوق رکھے۔ ذہین، راست گو اور سنجیدہ ہو۔ دوسروں کی مدد کرنے والا، مدبر اور شیریں کلام ہو قسمت ۲۸ / ۳۱ برس کے درمیان چمکے۔

ہست:۔ اس نچھتر والا اپنی قوم اور برادری میں سردار ہو۔ باحوصلہ اور مدبر ہو۔ دشمنوں سے سدا لوہا لینے والا ہو۔ نشہ والی چیزوں کا شوقین ہو۔ بھائی بندوں کے پاس نہ رہے۔ عیش و آرام کا دلدادہ عورت غیر سے رغبت رکھنے والا۔ عیش و عشرت کا دلدادہ ہو۔ کرودھی ہو۔ قسمت ۳۰ / ۳۱ برس کے بعد چمکے۔

چترا:۔ بڑا دانا، صاحب ہمت اور میانہ قد ہو۔ دولت مند۔ سختی راست گو اور خوشحال ہو۔ استری اور اولاد کی طرف سے آرام پائے۔ خوش نویس اور تعمیرات کے کاموں میں دلچسپی رکھے۔ ویدک ودیا کا جاننے والا ہو۔ خوبصورت اور مذہبی خیالات والا ہو۔ روپیہ پاس کم ٹھہرے۔ قسمت ۳۳ / ۳۸ برس کے درمیان چمکے۔

سواتی:۔ بڑا سمجھدار اور تجارت کے کام کو خوبی سمجھنے والا۔ دوستوں اور عزیزوں کی پرورش کرے۔ شیتل سوبھاؤ۔ ہر دلعزیز اور سب کے ساتھ میل۔ جول اور سلوک رکھے۔ دیوتاؤں سے پریت رکھنے والا جب تشنگی کی حالت ہو تو بے صبر ہو جائے۔ ستارہ قسمت ۳۰ / ۳۴ برس کی عمر میں چمکے۔

وشاکھا:۔ خوش قسمت خوبصورت اور مالدار ہو۔ کھوٹے کاموں میں رجحان بہت ہو۔ موقع شناس، مستقبل مزاج اور مدبر ہو۔ لڑائی فساد کے کاموں میں خوش رہے۔ بہادر اور جرأت مند ہو۔ خوش خلق اور راست گو اور سفر بہت کرے۔ ۲۱۔ ۲۸۔ ۲۴ برس کے دوران قسمت کا ستارہ چمکے۔

انورادھا:۔ علم و ہنر، کسب و تجارت اور ہر طرح کے فنون کا ماہر،

صاحب عزت، خوشحال اور حلیم الطبع ہو۔ بھوک زیادہ رکھے۔ کنبہ کو پالنے والا۔ سفر زیادہ کرنے والا ہو۔ قسمت ۳۹ برس کے بعد چمکے۔

چیشٹھہ :۔ دولت بہت ہو۔ دھارمک کاموں میں رجحان والا۔ نیک اور پراپکاری ہو۔ صنعت اور دستکاری کا شائق۔ ادب اور شاعری کا دلدادہ۔ صابر اور شیتل سوبھاؤ۔ قانع اور دانا ہو۔ فرض شناس اور ہوشیار ہو۔ ۱۳۔ ۲۷۔ ۳۱ اور ۳۹واں سال صحت کے لئے خراب رہے گا۔

مولا :۔ فیاض۔ سخی۔ سنجیدہ ہو۔ سرنجان مرنج اور برادری میں بڑا احترام پائے۔ اکثر مریض رہے۔ تھوڑی سی خلاف بات پر بھی بگڑ جانیوالا ہو۔ بھاگیہ چمکنے کا وقت ۲۷ یا ۳۰ویں برس میں ہوگا۔

پوربا کھاڑہ :۔ صلح کل اور اتحاد کے معاملوں میں ثابت قدم ہو۔ صاحب لیاقت و مروت۔ سب کا دوست۔ پراپکاری۔ دین دکھیوں کے کام آنے والا اور چالاک ہو۔ قسمت ۲۸ویں سال میں چمکے۔

اترا کھاڑہ :۔ امیروں سے میل جول رکھنے والا۔ ہوشیار اور معاملہ فہم ہو ہر لحاظ سے کامیاب رہے۔ دوست بہت ہوں۔ سب کا بھی خواہ۔ ہردلعزیز۔ سب جگہ عزت پائے۔ ساگ ودیا کا شوقین۔ قسمت کا ستارہ ۳۱ ویں برس میں چمکے۔

شروان :۔ دولت مند۔ بسیار گو، باہمت اور نیک نام۔ عورت خوبصورت ملے۔ علم موسیقی اور حساب کتاب و نجوم میں رغبت رکھے۔ وسیع النظر اور دوسرے کے دل کی بات بھانپنے والا ہو۔ زندگی میں ۱۹واں اور ۲۴واں سال ناقص رہے۔

دھنشٹھہ :۔ آسودہ حال اور نیک بخت ہو۔ علم موسیقی کا شوق رکھے۔ بھائی بندوں اور عورت سے سچا پیار کرنے والا ہو۔ باہمت اور نیک کاموں کا دلدادہ۔ سرکاری کاموں میں دلچسپی رکھنے والا۔ عوام اور راج دربار میں عزت حاصل کرنے والا۔ ہیرے جواہرات کا دلدادہ۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۳۔ ۲۹ویں سال خراب ثابت ہوں۔

شتبھکا :۔ دولت مند۔ راست گو اور سخاوت میں مشہور ہو۔ نیک کام کرنے والا۔ دانا اور رحیم ہو۔ عورت غیر سے پیار کرنے والا ہو۔ دشمن پر غالب رہے۔ جہاں جائے عزت و احترام پائے۔ زندگی کا ۲۸واں سال خاص اہمیت رکھنے والا ہو۔

پوربا بھادرپد :۔ دولت مند۔ خوش مزاج بہت بولنے والا۔ عزیز و اقارب سے پیار کرنے والا۔ صاحب علم اور ہر فن میں کامل ہو۔ تنگ مزاج اور نیند ہمیشہ اس پر چھائی رہے۔ اولاد کی طرف سے سکھ پائے۔ ۱۹ویں سال میں بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔

اترا بھادرپد :۔ بڑا پراکرمی۔ خوبصورت گورا بدن۔ باہمت اور باوقار۔ تقریر اور گفتگو تیز۔ بحث و مباحثہ میں فتح مند۔ دانا اور موقع شناس۔ دشمنوں پر غالب آنے والا۔ دھرم نیتی کو جاننے والا۔ ثابت قدم اور فرض شناس ہو۔ بھاگیہ کا ستارہ ۲۷واں یا ۳۰واں سال رہے۔

ریوتی :۔ ماں۔ باپ کی خدمت کرنے والا۔ تیز رفتار۔ تیز گفتار دانا اور سادھو سبھاؤ والا ہو۔ دوستوں سے خوش رہے زندگی کے ۱۷۔ ۱۲۔ ۲۴ویں سال خراب رہیں۔

بھائی بہن ریکھا :۔ من مندھ مول پاک ریکھا ہے۔ یہ انگوٹھے کے بیچ کے حصے میں جتنی آڑی ریکھائیں ہوں اتنے ہی بھائی بہن ہوتے ہیں۔ جتنی ریکھائیں مکمل ہوں گی اتنے یہ بہن بھائی ہوتے ہیں۔ جتنی ٹوٹی ہوئی ریکھائیں ہونگی اتنے بہن بھائی زندہ نہیں رہیں گے۔

ماتری ریکھائیں :۔ آیو ریکھا کے پیچھے جو ریکھا پائی جاتی ہے اس کو ماتری ریکھا کہتے ہیں۔ اس کے نیچے پتری ریکھا ہوتی ہے۔ اگر ماتری ریکھا گہری اور صاف دراز ہو تو ماتا کا سکھ ہوتا ہے۔ اگر پتری ریکھا گہری اور صاف ہو تو پتا کا سکھ ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا صاف دکھائی نہ دے، کٹی ہوئی ہو تو ماتا پتا کے لئے خطرناک ہوتی ہے۔

دھن کی ریکھا :۔ آیو ریکھا و شبھ ریکھا کے بیچ میں چوکڑی دار آکار ہوتا ہے۔ جتنی چوکڑی ہوں اتنا ہی دھن ہوتا ہے۔ ایک چوکڑی والا معمولی دھنی ہوتا ہے اور ریکھا سے دولت کا ہونا یا نہ ہونا دیکھا جاتا ہے۔

شادی کی ریکھا :۔ یہ ریکھا چوتھی انگلی کے پہلو میں نیچے کی طرف ہتھیلی کے کنارے پر ہوتی ہے۔ جتنی ریکھائیں ہوں اتنی ہی شادیاں ہوتی ہیں۔ جتنی ریکھائیں ٹوٹ گئی ہوں وہ شادیاں نہیں ہوتیں بلکہ سگائی ہو کر ٹوٹ جاتی ہے۔ اگر ریکھا موٹی ہو تو مرد کو عورت کا سکھ ہرگز نہیں ملتا کیونکہ وہ مرد عیاش طبیعت کا ہوتا ہے۔

علم کی ریکھا :۔ یہ ریکھا تیسری انگلی کی جڑ کے پاس ہوتی ہے۔ اس کو سورج ریکھا بھی کہتے ہیں۔ یہ جس قدر باریک صاف اور مکمل ہوتی ہے وہ شخص اتنا ہی فاضل ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا کمزور اور ٹوٹی پھوٹی ہو تو وہ شخص کم علم اور اگر لائن نہ ہو تو وہ شخص ان پڑھ ہوتا ہے۔

گرہ وچار :۔ ہاتھ کے اندر سات گرہ ہوتے ہیں۔ (۱) سورج (۲) چاند (۳) منگل (۴) بدھ (۵) برہسپت (۶) شکر (۷) سنیچر کے مقام ہوتے ہیں۔ جن میں کچھ گرہوں کے تو ایک ہی مقام ہوتا ہے مگر منگل کے دو مقام ہوتے ہیں۔

گرہ شکری برج :۔ یہ برج محبت کا نشان مانا گیا ہے۔ اس سے محبت و عشق ظاہر ہوتا ہے۔ اس کا نشان انگوٹھے سے لے کر کلائی تک ہے۔ عورت کا سکھ، سواری اور زیورات کے بارے میں یہ پتا دیتا ہے۔

برہسپت :۔ اس سے عزت، حوصلہ، یاد دھرم، آدمی کے بڑا ہونے، علم اور گیان کے بارے میں پتا چلتا ہے۔ اس کو دیکھنے سے دکھ درد، آزادی، کامیابی اور ناکامیابی کا پتا چلتا ہے۔ جس شخص کے ہاتھ کا نشان معتدل ہوتا ہے وہ شخص بہت جلد کامیاب اور ترقی حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔

سنیچر :۔ اس کے دیکھنے سے دکھ درد، آزادی، ناکامیابی کا پتا چلتا ہے جس کے ہاتھ کا نشان معتدل ہوتا ہے وہ بہت جلد کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔

سورج :۔ انامکا انگلی کی جڑ میں سورج کا نشان ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ باتیں پائی جاتی ہیں۔ دولت، عزت، طاقت، والدین کا آرام شاعری، آرٹ اور ترقی کی خواہش کا پتا چلتا ہے۔

چاند۔ منگل کا پھل :۔ کلائی کے پاس نشان ہوتا ہے۔ اس سے عزت، عورت کا سکھ، دولت اور اقتدار کے بارے میں جانکاری حاصل ہوتی ہے۔ اس کے دو مقام ہوتے ہیں۔ جن سے طاقت، پیٹ کے امراض، خون کی خرابی، تندرستی وغیرہ کا اظہار ہوتا ہے۔ ماتا کا سکھ، بیٹے کا سکھ زمین و جائیداد و سواری کا سکھ معلوم ہوتا ہے۔

عید الفطر کا پیغام

☆اعجاز احمد جالندھر

دنیا کے رنگ روپ میں خدا نے انسان کو دو حقیقتوں سے دوچار کیا ہے۔ حالانکہ یہ دونوں حقیقتیں ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ مگر دونوں کا جوڑا ہے۔ جو سدا ہی ساتھ رہتا ہے۔ وہ دو حقیقتیں ہیں ایک خوشی۔ دوسری غم۔ جو انسان ان دونوں منزلوں سے گذر جاتا ہے وہ خوف تجربہ کرلیتا ہے۔ مختلف حالات اور مصائب سے مقابلہ کرنے کی ہمت اور سکت اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ دشوار گذار منزلوں کو بھی بآسانی طے کرتا چلا جاتا ہے۔ ایسے باحوصلہ افرادی مکمل انسان کہلائے جاتے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ دونوں چیزیں یعنی خوشی اور غم انسانی زندگی میں اس کے امتحان کے لئے آتی ہیں۔ اس لئے غم کے موقع پر صبر کا مظاہر کرنا اور خوشی کے میسر ہونے پر خدا کا شکر ادا کرنا انسان کا فرض ہے۔

اسلام تاریخ میں عید الفطر کی شان ہی نرالی ہے۔ یہ عظیم تیوہار کمزور سماج کو مضبوط کرنے۔ ٹوٹے ہوئے رشتوں کو جوڑنے بچھڑے ہوئے دلوں کو ملانے اور آپسی بھائی چارے و قومی اتحاد کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس تیوہار میں انسانی اعلیٰ اخلاقی قدریں اُجاگر ہوتی ہیں۔ سماج مہذب پاکیزہ اور شائستہ بن جاتا ہے۔ آپسی دکھ درد کو مل کر بانٹنے اور خوشیاں منانے کا موقع مل جاتا ہے۔ در حقیقت عید الفطر کا تعلق خدائے برتر کے سچے اور مقدس کلام قرآن پاک کے نازل ہونے۔ رمضان المبارک اور روزے سے ہے اور روزے داروں کے لئے چونکہ یہ دن انعام اور بہترین تحفہ خدا کی طرف سے ہے جو اہل اسلام کو عطا کیا گیا ہے۔

عید عربی زبان کا لفظ ہے۔ جس کے معنی بار بار لوٹ کر آنے والا خوشی کا وہ پوتر تیوہار جس کو بنا کسی بھید بھاؤ کے سب مل کر مناتے ہیں۔ عید سے پہلے رمضان کے مہینے میں ہر دن مسلمان سورج نکلنے سے سورج ڈھلنے تک سخت محنت کے بعد وہ بندگی کی عظیم بلندی تک پہنچتا ہے اور آزمائش کی کسوٹی پر کھرا اترتا ہے۔

خدا اس پر اپنی بے پناہ رحمت نازل کرتا ہے۔ جس کا چھوٹا سا بدلہ دنیا میں بندے کو عید کی خوشی کی شکل میں ملتا ہے۔ اس خوشی میں بندہ اپنے رب کے حضور عید کے دن دو رکعت نماز ادا کرتا ہے اور وہ اپنی زبان سے کہتا ہے کہ اے میرے رب۔ جس طرح میں نے ایک مہینے تک روزہ رکھ کر آپ کی مرضی کے مطابق زندگی گذاری ہے آئندہ بھی اسی طرح آپ کے فرمان کے مطابق زندگی بسر کروں گا۔ اس موقع پر بندہ اپنے رشتہ داروں، پڑوسیوں کے لئے یہاں تک کے روئے زمین پر بسنے والی تمام مخلوق اور اپنے ملک کی کے شریک ہوں۔ اس طرح یہ دن باہمی اخوت انسانی ہمدردی اور مساوات کا مکمل طریقہ سے ثبوت پیش کرتا ہے۔ عید کا یہ دن در حقیقت انسان کو اپنے رب کا مکمل طریقے سے بندہ بننے کا سبق بھی دیتا ہے۔ عید کی خوشی میں غریب بچوں کی فریاد اگر ہمارے دلوں کو متاثر نہ کر سکے تو آج کی یہ خوشی ہمارے، ضمیر پر ایک بوجھ ہوگی۔ مندرجہ ذیل واقعات عبرت کے لئے کافی ہیں۔

ایک مرتبہ پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز ادا کرنے کے لئے تشریف لے جا رہے تھے۔ مدینہ شہر کی گلیوں میں بڑا ہی جوش و خروش نظر آ رہا تھا۔ جہاں عید کی خوشیاں بہت سے بچے کھیل کود کر منا رہے تھے وہاں ایک بچہ بالکل اداس اور غمگین حالت میں بیٹھا ہوا تھا۔ پھٹے پرانے کپڑے پہنے وہ جانے کس گہری سوچ میں ڈوبا ہوا تھا۔ پیغمبر اسلام آقائے مدنی یہ منظر دیکھ کر اس بچے کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ تو اداس اور غمزدہ کیوں بیٹھا ہے۔ وہ بچہ کہنے لگا کہ میں یتیم ہوں۔ میرے ماں باپ نہیں۔ میرے پاس مال دولت و گھربار نہیں۔ اس بڑی دنیا میں میرا کوئی غم خوار نہیں۔ کس کو کہوں۔ یہ بات سنکر آپ کا دل بھر آیا۔ اس کو اپنے گھر لے گئے اور حضرت عائشہ سے فرمایا کہ اس بچے کو غسل دے کر اچھے کپڑے پہنا کر خوشبوں وغیرہ لگاؤ۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ پھر آپ نے بچے سے فرمایا کہ محمد آج سے تیرا باپ۔ عائشہ تیری ماں۔ فاطمہ تیری بہن اور حسن تیرے بھائی ہیں۔ یہ سن کر وہ بچہ بے حد خوش ہو گیا۔

آپسی بھائی چارہ محبت کا پیغام لے کر آنے والا عید کا یہ دن تمام اختلافات و بھید بھاؤ بھلا کر اتحاد و ملنساری کے ساتھ رہنے کا سبق دیتا ہے۔ عید کے دن ہندو۔ سکھ اور عیسائی افراد اپنے مسلم دوستوں کو گلے مل کر عید کی مبارکباد دیتے ہیں۔ اُن کے گھر جاکر مٹھائیاں اور سوئیاں کھاتے ہیں۔ ادھر مسلمان غریبوں و محتاجوں کی مدد کر کے ان کو اپنی خوشی میں شامل کر کے پھر عید گاہ جاکر نماز ادا کرتے ہیں اور اپنے رب کا شکر ادا کرتے ہوئے عالمی امن اور انسانیت کی بھلائی خصوصاً اپنے ملک کی خوشحالی و ترقی کے لئے اپنے رب کے حضور میں سچے دل سے دعاء کرتے ہیں۔ یہ عجیب اور دلکش نظرہ دلوں کو متاثر کئے بنا نہیں رہتا۔ اس طرح ایک ایمان والا بندہ۔ خدا اور بندوں کے حقوق اپنے ملک اور پڑسیوں کا پروانہ لے کر خدا کی طرف سے روزوں کا بدلہ اور انعام لے کر اپنے گھر کی طرف خوشی کے ساتھ واپس آتا ہے۔

بارہ ماہ کی مضر و مفید ہدایات نامہ

جنوری اس ماہ صبح نہار منہ چند گھونٹ گرم پانی پینا صبح سیر کو جانا گرم جگہ تیل کی مالش کر کے ورزش کرنا، دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے سورج نکلنے سے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر تازے پانی سے غسل کرنا مفید ہے۔

فروری اس ماہ میں دھوپ میں بیٹھ کر مالش کرنا۔ گرم پانی سے نہانا صبح کھلی ہوا میں سیر کرنا۔ نمکین چائے اور دودھ میں شہد ملا کر پینا مفید ہے بستر سے ننگے بدن اٹھ کر پاخانہ جانا سرد ہوا اور شبنم سے بدن محفوظ نہ رکھنا مکان میں کوئلے جلا کر دروازہ بند کرنا۔ سرد پانی سے نہانا دن میں سونا مضر ہے۔

مارچ علی الصباح ہلکی ورزش۔ سیر باغ۔ شہد اور ترکاریوں کا بجولی استعمال موٹا کپڑا پہننا اور دریا میں غسل کرنا مفید ہے کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہیئے کچھ دیر آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہیئے۔

اپریل ہلکہ جلاب لینا، ہلکی غذا کھانا، کھانے کے ساتھ سرکہ استعمال کرنا تازہ پانی پینا۔ تازہ پانی سے نہانا صبح کی سیر اور مکان کی سفیدی کرانا صبح سویرے نہا دھو کر۔ باقاعدہ آسن پرانایام کرنے سے جسم سڈول اور تندرست رہتا ہے۔ بدن پر تیل سرسوں کی مالش کرنا مفید ہے۔

مئی علی الصبح اٹھنا۔ ورزش کرنا۔ ترش اشیاء کا استعمال کھانے کے بعد تھوڑا لینا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا چاہیئے اور گرم غذا کھانا۔ دوپہر کو زیادہ سونا، برف کا استعمال کھانے کے بعد کرنا باریک کپڑے پہننا مضر ہے۔

جون سر کو دھوپ سے بچانا، دھوپ اور ٹھنڈی چیزوں و شربتوں نیز میٹھے اور نمکین رسوں کا استعمال کرنا صبح کی سیر۔ رات کو سفر دوپہر کو سونا مفید ہے اور زیادہ ورزش بدن سنگار کھنا بھیگے کپڑے پہنا۔ دھوپ میں ننگے سر پھرنا عورت سے زیادہ صحبت اور گرم اشیاء کا استعمال مضر صحت ہے۔

جولائی صبح سویرے ندی کے کنارے سیر کرنا دوپہر کو تھوڑا سونا ہوادار مکان میں رہنا ترش اور ٹھنڈی اشیاء اور ہلکا لباس پہننا مفید ہے دھوپ میں ورزش کرنا مضر صحت ہے۔

اگست صبح سویرے اٹھنا تازے پانی سے نہانا باغیچہ میں ہوا خوری، ہلکی غذا لیموں پودینہ اور پیاز کا استعمال مفید ہے دن کے آخر میں دودھ رات کے آخر میں لسی پینی چاہیئے اور ورزش کرنا زمین پر سونا دھوپ میں ننگے بدن رہنا رات کو جاگنا، عورت سے زیادہ صحبت کرنا مضر ہے۔

ستمبر علی الصبح دریا کے کنارے سیر ہلکی غذا تھوڑی ورزش تازہ سبزیاں اور پھل استعمال کرنا رات کو سرمہ لگانا مفید ہے ہمیشہ خوش رہنا درازی عمر کا راز ہے اور دن کو سونا بغیر عادت پان، چائے، شراب پینا مضر ہے۔

اکتوبر نہار منہ پانی پینا صبح شام چہل قدمی کرنا جلاب لینا بھوک سے کم کھانا، دودھ دہی کا استعمال، باغ کی سیر چشمہ میں غسل کرنا اور موٹا کپڑا پہننا مفید ہے سونے سے جاگ کر پانی پینے سے نزلہ کھانسی زکام اور پھل کھانے کے بعد پانی پینے سے صحت خراب ہوتی ہے دن چڑھے تک سونا گرم غذا کے بعد ٹھنڈا پانی پینا مضر ہے۔

نومبر صبح اٹھ کر ورزش کرنا بھینس کا گرم دودھ اور چائے پینا تازے پانی سے نہانا۔ ریشمی گرم کپڑے پہننا سیر باغیچہ تیل کی مالش اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے اور دن چڑھے تک دن میں سونا دہی کی لسی خاقہ رات کو سرد ہوا میں سونا ننگے بدن ہوا میں نکلنا باریک کپڑے پہننا بھوک روکنا مضر ہے

دسمبر گرم جگہ ورزش کرنا چائے مع دودھ پینا گلے و کانوں کو سرد ہوا سے بچانا گرم غذا تیل کی بدن پر مالش گرم لباس پہننا و پھل کھانا مفید ہے

تعویذ برائے حل المشکلات

ترکیب:۔ جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے استعمال کریگا وہ کام بر آئیگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگدست ہوگا تو رزاق مطلق روزی غیب سے دیگا۔ کبھی محتاج نہ رہے گا۔ صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو، اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پائے مرض دور ہو جاوے اگر حاکم کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے

ضروری ہدایات:۔ یہ نقش ایک بزرگ درویش (پہنچے ہوئے فقیر) کی مہربانی سے حاصل ہوا ہے۔ اُن کے حکم کے مطابق یہ نقش پنڈت دیوی دیال جیوتشی لاہور والوں کی مفید عالم جنتری میں شائع کیا جا رہا ہے۔ جس کو کاٹ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر یا تعویذ میں رکھ کر بائیں بازو میں باندھنے سے خدا نے چاہا تو یقیناً کامیابی ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ نیت پاک و صاف ہو۔ خدا پر پورا بھروسہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے محنت و ایمانداری سے کام کرنا ضروری ہے۔ (۲) نقش کو دوسرے کاغذ پر نقل کر کے استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ غلطی ہونے کا اندیشہ ہے جس کا اثر الٹا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا جنتری سے کاٹ کر ہی استعمال کریں تاکہ کسی غلطی کا احتمال نہ رہے۔

اقوالِ زریں

۱۔ دکھ انسانیت کی ترقی کا سادھن ہے۔ سچے انسان کا جیون دکھ میں ہی کھل اٹھتا ہے سونے کا رنگ تپانے پر ہی چمکتا ہے۔

۲۔ سب جگہ پرماتما کی من موہنی مورتی دیکھ کر آنند میں مگن رہو جس کو اس کی مورتی سب جگہ دکھتی ہے وہ تو خود ہی آنند سروپ ہے۔

۳۔ شانتی تو آپ کے اندر ہے کامنا روپی دان یا چڑیل کا سایہ اترا کر شانتی کے درشن ہوتے بیراگ کے مہامنتر سے کامنا کو بھگا دو پھر دیکھو سب جگہ شانتی ہی شانتی نظر آئے گی۔

۴۔ پرماتما پر بھروسہ رکھ کر جیون ڈور اس کے چرنوں میں باندھ دو پھر بجلی آپکی داسی بن جائے گی۔

۵۔ جو لوگ آتما کو امر نہیں جانتے وہی موت سے کانپتے ہیں۔

پچھتر کشٹاولی

جب کسی کی بیماری کا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو اس روز جنتری میں دیکھیں کہ بیمار ہونے کے وقت اس تاریخ کو کون نچھتر تھا پس جسقدر گھڑی پل وہ نچھتر ہوں اس نچھتر کی گھڑیوں کی ۴ پر تقسیم کر دو پھر دیکھیں بیمار ہونے کے وقت کس نچھتر کا کون چرن تھا پھر نقشہ ذیل میں دیکھو کہ اس نچھتر اور چرن کے واسطے کتنے دن کا کشٹ ہے اس کے لئے مہاراتیو نچے کا جپ کروانا ضروری ہوتا ہے۔

نچھتر	چرن (حصے) ۱	۲	۳	۴	اُپائے
اشونی	۹	۱۱	۱۰	۱۴	منگل کا جاپ
بھرنی	۰	۸۰	۱۴	۱۱	„ „
کرتکا	۰	۱۰	۱۶	۲۷	شکر کا دان
روہنی	۷	۱۰	۱۴	۳۰	„ „
مرگشر	۱۶	۱۷	۲۲	۲۱	بدھ کا دان
آردرا	۰	۱۸	۰	۰	„ „
پنروس	۷	۱۴	۱۰	۲۰	چندرماں کا دان
پکھ	۷	۷	۳۰	۲۱	„ „
اشلیکھا	۰	۰	۱۴	۰	سورج کا دان
مگھا	۱۵	۱۷	۷	۳۰	„ „
پوروا پھالگنی	۰	۱۵	۰	۳۰	بدھ کا دان
اترا پھالگنی	۷	۱۴	۷	۶۰	„ „
ہست	۱۵	۱۷	۱۵	۷	شکر کا دان
چترا	۱۱	۹	۸	۱۶	„ „
سواتی	۱۷	۲۵	۵	۵	„ „
وشاکھا	۱۵	۴	۱۵	۱۱	منگل کا دان
انورادھا	۶۰	۱۲	۲۶	۳۰	„ „
جیشٹھا	۹	۵	۱۹	۲۴	برہسپت کا دان
مولا	۱	۱۹	۱۵	۱۱	„ „
پورباکھاڑہ	۷	۱۵	۱۴	۱۰	شنیچر کا دان
اتراکھاڑہ	۳۰	۲۰	۲۰	۱۶	„ „
شرون	۶۰	۱۴	۶	۹	„ „
دھنشٹا	۱۵	۲	۲۰	۲۱	„ „
ست بکھا	۰	۴	۲	۱۰۲	„ „
پوربابھادرا	۰	۱۲	۲۶	۹	„ „
اترابھادر	۵	۶	۹	۱۸	برہسپت کا دان
ریوتی	۸	۱۰	۹	۳۰	„ „

یہ جنتری اپنے شہر کے کسی دکاندار سے حاصل کریں دستیاب نہ ہونے پر جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور۔ جالندھر پنجاب کو لکھیں۔

آج کا دن کیسا گزریگا

جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزریگا تو اس دن جنتری سے اپنے نام کا نچھتر دیکھیں بعدازاں اس روز کا نچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھے پھر ترتیب وار نقشہ پر کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام نچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے۔ اگر اس میں آپ کے نام کا نچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے اگر اس میں آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر آیا ہے تو خوش نصیب ہوکر لابھ ہوگا۔ اگر دائرہ کے باہر پڑا ہے تو نصف حصہ خوشی اور نصف غم و فکر میں گزریگا۔ اگر آپ کا نچھتر ترشول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر بیماری نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گزریگا اور پریشانی زیادہ رہے گی۔

مریض کے لئے کال چکر

جنم نچھتر یا نام نچھتر یا وقت بیماری نچھتر یا پرشن لگن نچھتر سورج اور چندرماں نچھتر جس وقت ایک ناڑی میں طول خواہ عرض کے اندر آجائیں تو اس وقت بیمار کے لئے موت ہوگی جنم نچھتر چندرماں و سورج نچھتر جس وقت ایک ناڑی طول یا عرض میں آجائیں گے اس وقت بیمار مرجائے گا اگر دو ناڑی میں پائے جائیں تو دیر بعد صحت ہوگی۔ اگر تین ناڑی میں پائے جائیں تو مریض کو جلد صحت ہوگی۔

لوح حیات

۱	۳	۸
۱۰	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷
۱۹	۲۰	۲۲
۲۵	۳۱	۲۹

لوح ممات

۲	۴	۵
۶	۷	۹
۱۱	۱۲	۱۸
۲۱	۲۳	۲۴
۲۷	۲۸	۳۰

مُستند فالنامہ خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو سات بار درود شریف پڑھ کر خیالات یکسو کر کے کسی بھی خانہ پر کلمہ کی انگلی رکھو جو حرف اور عدد انگلی کے نیچے آئے جوابات میں ملاحظہ فرمائیں

ص ۶	م ۴	ق ۱	ر ۳
ی ۱۰	ج ۱۲	الف ۲	ط ۷
ل ۱۱	ع ۹	ن ۸	س ۵

(ق ۱) تمہارے ذہن میں جو مقصد ہے اس کے پورا ہونے میں کم ازکم دو ماہ لگیں گے۔

(الف ۲) یہ کام پورب کے سفر سے پورا ہوگا۔

(ر ۳) مالی نقصانات کے علاوہ ابھی جسمانی اذیتیں بھی برداشت کرنا پڑیگی صدقات و خیرات جلد شروع کریں مصیبتیں دور ہوں گی۔ (م ۴) مالی فائدہ بھی پہنچے گا اور نیک مقصد حاصل ہوگا گناہ کا خیال ہرگز دل میں نہ ہو گا۔ (س ۵) سفر کرو بغیر سفر مطلب براری مشکل ہے۔ (ص ۶) پریشان مت ہو وقت اچھا آرہا ہے جس کی مدد کا خیال ہے اُسے نکال دو ورنہ سخت دھوکہ ہوگا اور مالی نقصان ہوگا۔ (ط ۷) جس کام کی تمہیں فکر ہے اس میں کامیابی دیر سے ملیگی گھبرا مت جانا کام ہونا یقینی ہے صبر ضروری ہے۔ (ن ۸) اس چیز کا ملنا بہت مشکل ہے زیادہ کوشش سے تمکو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ (ع ۹) فکر و پریشانی کا زمانہ ختم ہوچکا ہے جو تم کو نقصان پہنچا رہا ہے اب اس کی پریشانی کا نمبر ہے۔ (ی ۱۰) اس وقت تمہارا ستارہ گردش میں ہے جو کام کرتے ہو نقصان اُٹھاتے ہو یہ حالت اب ختم ہوچکی ہے۔ (ل ۱۱) لائق استاد تلاش کرو کام کچھ خرچ کرنے کے بعد ہی ہوگا۔ اپنے ساتھی سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (ج ۱۲) روزگار میں ترقی ہوگی۔ نیت درست رکھو لیکن فاسد خیال جو تمہارے دل میں ہے اُسے قطعی نکال دو۔

کارآمد نقش برائے افاقہ

اجیب یا دردبائیل بحق دصا

ک	و	ز	ح
ح	ز	و	ک
و	ک	ح	ز
ز	ح	ک	و

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے و شانے تک کسی قسم کا درد و تکلیف ہو یا داہنے طرف کا فالج ہو تو اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پہ باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پہ لکھ کر پئیں۔

اجیب یا اسماعیل بحق طا

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	ل	ک
ک	ل	ط	ی

داہنی طرف کے فالج و ہارٹ اٹیک میں دوجمعوں کے اندر میں دوسرا نقش مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے ہاتھ میں باندھیں دیکھیں۔

شبھ کاموں کے دیکھنے کے مہورت

دِشا شُول۔ سفر کو روانگی کے وقت اگر دِشا شُول ہو تو سفر نہ کریں۔ اگر ضرور ہی جانا ہو تو اتوار کو گھی۔ سوموار کو دودھ منگلوار کو گُڑ۔ بُدھ وار تل۔ ویروار کو دہی شکروار جو سنیچروار اُڑد کھا کر جائیں

کال باش۔ جس دِشا میں کال کا نواس ہو اُس سے مخالف دِشا میں پاش رہتا ہے۔ رات کو کال کا نواس اُلٹا ہوتا ہے۔ کال کا دائیں اور پاش بائیں جانب ہونا شبھ ہوتا ہے۔

یوگنی۔ اگر یوگنی کا نواس بائیں یا پچھلی طرف ہو تو شبھ۔ دائیں اور سامنے نا قص۔ اگر ضروری ہو تو مشرق کو گُڑ۔ مغرب کو چھوہارہ۔ شمال کو دہی اور جنوب کو دودھ پی کر سفر کریں۔

چندرماں۔ اگر جانے والی دِشا میں چندرماں کا نواس سامنے یا داہنے ہو تو شبھ ہوتا ہے۔ اگر بائیں یا پیچھے ہو تو سفر نہ کریں۔ تفصیل دیئے نقشہ میں دیکھیں:-

نام سمت	مشرق	شمال مشرق	شمال	شمال مغرب	مغرب	جنوب مغرب	جنوب	جنوب مشرق
دِشا شُول	سوموار سنیچروار	سنیچروار بدھوار	منگلوار بدھوار	بُدھ وار اتوار	شکروار۔ اتوار	ویروار شکروار	ویروار	ویروار سوموار
یوگنی	ایکم۔ نومی	اشٹمی اماوس	دُوج۔ دسمی	سپتمی۔ پورنماں	چھشٹی چودش	چوتھ دوادشی	پنچمی ترودشی	ترتیج۔ ایکادشی
کال چکر	سنیچروار	-	اتوار	سوموار	منگلوار	بُدھوار	ویروار	شکروار
پاش	منگلوار	بُدھ وار	ویروار	شکروار	سنیچروار	-	اتوار	سوموار
چندرماں کا نواس	میکھ سنگھ۔ دھن	-	کرک۔ برشچک مین	-	متھن تُلا کُمبھ	-	برکھ کنیا۔ مکر	-

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
بچے کا نام رکھنا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۳	سوموار۔ ویروار بُدھ وار شکروار	اشونی۔ روہنی۔ مرگشر۔ پُنربس۔ پکھ۔ تینوں اترا ہست چترا۔ سواتی۔ انورادھا۔ شرون۔ شت بھکا۔ ریوتی	لگن شبھ ہو لگن سے ۱-۴-۵-۷-۹ویں-۱۰ویں گھر میں شبھ گرہ-۳-۶-۱۱ یا پاپ گرہ ہوں-۸-۱۲واں شدھ ہو
منڈن کرنا	۲-۳-۵-۷-۱۰ اور ۱۱	سوموار سوبروار بُدھوار شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ پُنربس۔ پکھ۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ جیشٹھا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھکا۔ ریوتی	جنم یا گربھ سے ۳-۵-۷واں سال۔ کنیا کیلئے ۲-۴-۶واں سال شبھ ہے جنم نچھتر اور جنم کا مہینہ نہ ہو۔
جنیو پہننا (زنار بندی)	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱ اور ۱۲	اتوار سوموار بُدھوار۔ ویروار۔ شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ روہنی۔ آردرا۔ پُنربس۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ مُولا۔ تینوں اترا ہست۔ چترا سواتی۔ انورادھا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھکا۔ ریوتی۔	برہمن کو ۵-۸-۱۶ برس۔ کھتری کو ۶-۱۰-۲۲ ویش کو ۸-۱۲-۲۴ برس میں چیت۔ بیساکھ۔ جیٹھ۔ ہاڑ۔ ماگھ۔ پھاگن مہینہ ہو+ ۱-۵-۸ میں پاپ گرہ نہ ہو
نئی تعلیم حاصل کرنا	۲-۳-۵-۶-۱۰-۱۱-۱۲	اتوار۔ ویروار شکروار	اشونی۔ مرگشر۔ آردرا۔ پُنربس۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ تینوں اترا ہست۔ چترا۔ سواتی مُولا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ شت بھکھا	سورج اُترائن ہو۔ بیساکھ جیٹھ۔ ماگھ یا پھاگن کا مہینہ ہو۔ ۲-۳-۶-۹ لگن ہو۔ آٹھواں گھر شدھ ہونا چاہیئے۔
سگائی کرنا	۱-۴-۸-۹-۱۲-۱۴ نہ ہو	اتوار منگلوار یا سنیچروار نہ ہو	کرتکا۔ روہنی۔ مرگشر۔ مگھا۔ تینوں پُورنیا اور اُترا۔ ہست	سواتی۔ انورادھا۔ مُولا۔ ریوتی۔ چوتھے اور آٹھویں میں چندرماں نہ ہو۔

(باقی اگلے صفحہ پر)

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
نیا مکان بنانا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی - مرگشر - پُنربس - ہست - چترا - سواتی - انورادھا - تینوں اُترا - دھنشٹا - بہست - پُکھ اور ریوتی۔	بیساکھ - ساون - مگھر - ماگھ - پھاگن مہینہ ہو۔ بھادوں - کارتک مادھم ہیں - زمین سوئی نہ ہو - بیچ یان ہو - کیندر - ترکون شُدھ ہوں۔
نئے گھر میں داخلہ	۲-۳-۵-۶-۷-۸-۱۰-۱۱-۱۳ اور ۱۵	منگلوار اور ایتوار نہ ہو	روہنی - ریوتی - بیشاکھا - انورادھا - تینوں اُترا - اور پرانے مکان کے لئے ہست - اشونی - پُکھ - مُولا - شروَن - دھنشٹا - بہست - پُکھ۔	بیساکھ - جیٹھ - ماگھ - پھاگن کا مہینہ ہو - [illegible] اُترائن لگن ستھر ہو جنم لگن راشی سے ۸ واں نہ ہو سورج کے نچھتر ۵ خراب - ۸ عمدہ - ۷ خراب - ۶ عمدہ
زمین میں بیج بونا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱ اور ۱۳	ایتوار سنیچروار منگلوار نہ ہو۔	اشونی - روہنی - مرگشر - پُنربس - پُکھ - مگھا - تینوں اُترا - ہست - چترا - سواتی - انورادھا - دھنشٹا - مُولا اور ریوتی۔	لگن ستھر ہو - چوتھے گھر میں شبھ گرہ یا اُسکی درشٹی ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو۔
مندر بنوانا	۲-۳-۵-۶-۷-۱۰-۱۱-۱۲-۱۳ اور ۱۵	منگلوار نہ ہونا چاہیئے	اشونی - مرگشر - پُنربس - پُکھ - چترا سواتی - انورادھا - ابھجیت - شروَن دھنشٹا - شت بھکھا اور ریوتی شبھ نچھتر ہیں۔	پھاگن میں برہما - اسوج میں وشنو - بھادوں اسوج - پوہ چیت - دیوی کا جیٹھ - بھادوں پھاگن سب دیوتاوں کے لئے شبھ ہے۔
سواری کرنا	۲-۳-۵-۷-۸-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور سنیچروار نہ ہو	بھرنی - آردرا - اشلیکھا - مگھا - تینوں پوربا - مُولا جیشٹا کو چھوڑ کر باقی نچھتر گھوڑ سواری یا کار وغیرہ سواری کے لئے شبھ ہیں۔	اشونی - روہنی - مرگشر - پُنربس - تینوں اُترا ہست - چترا سواتی - ہاتھی یا دوسری سواری کے لئے شبھ ہیں۔
مہی کھانا	۴ - ۹ یا ۱۴ نہ ہو	منگلوار یا سنیچروار نہ ہو	شروَن - روہنی - مرگشر - پُنربس - تینوں اُترا پُکھ - ہست - جیشٹا	شروَن - انورادھا ۸ - ۱۲ پاپی گرہ نہ ہو اور ترکون میں شبھ گرہ ۔
علاج کرنا	۴-۸-۹-۱۰ نہ ہو	اتوار - منگلوار - سنیچروار نہ ہو۔	اشونی - پُنربس - اُترا پھالگنی - ہست - چترا - سواتی - انورادھا۔	مُولا - شروَن - دھنشٹا - ہست - پُکھ - ریوتی چندرماں شبھ لگنیش اچھا ہو۔
مقدمہ دائر کرنا	۴ - ۹ - ۱۴ ہو	منگلوار یا سنیچروار ہو	مگھا - مُولا - ریوتی - جیشٹا - اشلیکھا اور آردرا شبھ ہیں۔	گورو چندرماں لگن میں ہو دسویں شبھ او[ر] چھٹے کرور گرہ ہو۔
کان بیندھنا	۴ - ۹ اور ۱۴ نہ ہو	بدھ - ویروار - شکروار - سوموار	شروَن - دھنشٹا - پُنربس - مرگشر - ریوتی - چترا انورادھا - ہست - اشونی اور پُکھ۔	سم برس اور جنم تارا کو چھوڑ کر جنم سے ۶-۷-۸ ویں مہینے میں یا ۱۲ ویں یا ۱۶ ویں دن۔
بچے کو باہر نکالنا	۲-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۳	سوموار - بدھوار ویروار - شکروار اور ایتوار	اشونی - مرگشر - پُنربس - پُکھ - ہست - انورادھا - شروَن - دھنشٹا - ریوتی۔	لگن ستھر ہو - لگن سے ۱-۴-۵-۷-۹ ویں شبھ گرہ ہوں - ۸ واں اور ۱۲ واں شُدھ ہو

مفید اور کار آمد جنتر و منتر

سنتان کیلئے جنتر

۸	۲	۴	۳۳
۷	۲۷	۳۰	۷
۱	۹	۳۴	۳
۳۵	۲۵	۶	۴

اس جنتر کو شکر وار کے دن سے گیہوں کی روٹی پر لکھکر دو روٹی کالے کتے کو کھلا دیں مالک چاہے گا تو آپ کی مراد بہت جلدی پوری ہو جائے گی لیکن جب تک اولاد پیدا نہ ہو جائے یہ عمل بلا ناغہ روزانہ کرتے رہیں۔

کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۲	۵
۱۱	۱۱	۳	۶
۱	۹	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

اتوار کے دن ہلدی کے رس سے اس جنتر کو کاغذ پر لکھکر بتی بنائیں۔ شام کو دیئے میں سرسوں کا تیل ڈال اسکو جلائیں اسی طرح سات اتوار کو کریں سبھی قسم کے دکھ دور ہوں اور کارج سدھ ہو۔

ایک اور کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۵	۸
۱۳	۱۲	۳	۶
۱	۸	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

ہلدی سے کاغذ پر لکھکر جنتر کے نیچے اپنا مقصد لکھیں پھر بتی کرکے ویروار کو دیئے میں جلا دیں سات ویروار دن کو ایسا کریں سب کارج سدھ ہونگے۔ ۱۱ دن ہلدی کی مالا سے "ادم ہرینگ ہرانگ" جاپ کریں۔

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۱	۱۵	۸	۳۵
۱۳	۵	۵۲	۴
۳	۶۴	۱۳	۹
۶	۷۲	۶۵	۷۲

یہ جنتر کیسر سے بھوج پتر پر باندھیں روزانہ سات چرخا لشا گھمائیں تو غیر ملک گیا جلدی لوٹ آئے گا۔

خاوند بس میں کرنے کا جنتر۔ اتوار کو یہ جنتر سرسوں کے تیل کی ایک روٹی پر لکھکر اس جنتر کو ہاتھ سے ... اس روٹی پر لکھکر خاوند کو کھلا دیں وہ بس میں ہو جائیگا

۸	۲	۴۷	۶۳
۳۷	۶۹	۳	۸
۱	۹	۳۴	۲۹
۳۸	۳۵	۶	۴

بیماری دور کرنیکا جنتر

۷۰	۷۷	۲	۷
۶	۳	۷۴	۷
۷۶	۷۱	۸	۱
۴	۵	۷۲	۱۵

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر گوگل کی دھونی دے کر مریض کے گلے میں باندھ دینے سے لاعلاج مرض بھی جلد دور ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمودہ جنتر ہے۔

بواسیر دور کرنے کا جنتر

۱۳	۸	۳	۹
۷۷	۱۰	۴	۶۵
۸۰	۱۵	۶	۷
۱۴	۱۱	۸۲	۱۲

دارو چھکڑ ... لیموں کے رس سے اس جنتر کو لکھکر گلے میں باندھیں، بواسیر دور ہو جائے گی۔

عورت کو بس میں کرنیکا جنتر

"ادم کشو ہریں ہروں آں ہراں سواہا"۔ یہ منتر ایک ہفتے تک بلا ناغہ سرخ کپڑے اور کنکم کی مالا پہن کر عام عورت تو کیا سورگ کی اپسرا بھی بس میں ہو کر کھنچتی چلی آئے گی۔

ایک اور سنتان داتا جنتر

درگا گنیش مہیش

ادم

انگ اے

ننگی مم کاریہ کرو

جس استری کو اکھراہ روگ ہو یا جس کے سنتان نہ ہوتی ہو اس کے واسطے یہ جنتر بڑا مفید ثابت ہوگا۔ روہنی نکشتر کے دن پتر وتی استری کے دودھ میں کیسر اور چندن ملا کر انار کی قلم سے سفید کاغذ پر ایسے ۲ کل جنتر لکھیں۔ ایک جنتر تانبے میں مڑھوا کر استری کے گلے میں باندھیں اور باقی سات جنتر ہر منگلوار کو ایک جنتر جل میں دھو کر پلائیں۔ کارج سدھ ہوگا۔

گائے بھینس وغیرہ کا دودھ بڑھانے کا جنتر

"ادم نمو بھگوتی پرسواد م سشتلم۔" مذکورہ منتر ۱۰ بار پڑھکر مویشیوں کو چارہ کھلانے سے دودھ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

بس میں کرنے کا جنتر

"ادم نمہ سروا لوک وشی کرائے کرو کرو سواہا۔" اس منتر کو ۱۸ بار پڑھکر بھوج پتر پر ... نارکی

قلم سے اشٹ گندھ سے لکھکر دائیں بازو پر باندھ لینے سے جس کسی کے بھی سامنے جائیں گے وہ بس میں ہو جائے گا۔ اس منتر کا ایک لاکھ بار پاٹھ کرنے سے سدھ ہو جاتا ہے۔

سنتان حاصل کرنے کیلئے جنتر

"دیوکی سُت گووند واسو دیو جگت پتے دیہی مے تنیم کرشن توام ہم شرنم گتے۔"

جس جوڑے کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو انہیں اس منتر کا ایک لاکھ بار جاپ کرنا چاہیئے۔ کم از کم ایک مالا روزانہ کریں۔ زمین پر سوئیں۔ جھوٹ شراب، چھل کپٹ سے بچیں۔ سادہ بھوجن کریں۔ بال نہ کٹوائیں ایک لاکھ جاپ ہونے پر دشانش جاپ کا ہون، تل، شہد وغیرہ سے کرکے برہمنوں کو بھوجن کرا دیں۔

شری بگلا مکھی منتر

جب دشمن آپ کو انتہائی بے انصافی کے ساتھ تنگ کرتا ہے۔ مقدمہ اور جھگڑے وغیرہ میں آپ خود کو بے سہارا محسوس کرتے ہوں تو حسب ذیل منتر کا پاٹھ پیلے کپڑے پہنکر کرنا چاہیئے۔ ایکانت گھر میں بگلا مکھی دیوی کی تصویر پر پیلے پھول چڑھا کر دھوپ دیپ وغیرہ جلا دیں روزانہ گیارہ مالا کرتے ہوئے ۲۱ دن تک جاپ کرنے سے مطلوبہ سدھی ہو جاتی ہے منتر اس طرح ہے: "ادم ہریں بگلا مکھی سرو دشٹانام واچم مکھم پدم ستمبھے جہواں کیلئے بدھی ناشے ہریں ادم سواہا۔"

دھن دولت حاصل کرنے کیلئے منتر

"ادم ہریں کلیں شری نمہ۔" تنہائی میں بیٹھکر اس منتر کو ۲۱ ہزار بار پڑھیں ۲۱ بار دودھ چاول کی کھیر کا ہون کریں جب تک کارج سدھی نہ ہو جائے۔ زمین پر سوئیں۔ دودھ سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔ اناج نہ کھائیں۔ ضرور ہی سدھی ہوگی۔

بچوں کے سب روگ دور کرنیکا جنتر

۲۷	۳۲	۳۳
۶۷	۴۶	۳۷
۳۷	۶۶	۳۳

اس جنتر کو بھوج پتر پر لکھکر اور اس بھوج پتر کو تانبے کے تعویذ میں رکھکر تا ثرہ بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ ہر طرح کی مشکل رفع ہو گی اور بیماری دور بھاگے گی۔

شری مہا مرتیونجے منتر

اکال مرتیو کو ہرانے والا اور سب طرح کے دکھوں سے نجات دلانے والا یہ امو گھ سدھ منتر ہے اس کا سوا لاکھ بار جاپ کرنے سے ہر طرح کے دکھوں کا ناش ہو کر اکال مرتیو کا خوف جاتا رہتا ہے۔ "ادم ہوں ادم جوں سہ بھور بھوا سوہ۔ ترئمبکم یجامہے سگندھم پشٹی وردھنم۔ اروا رکمیو بندھنان مرتیور مکشیہ ماامرتات بھور بھوا سوہ جوں سہ ہوں ادم۔"

بالک کو ڈر سے نجات دلانے کا جنتر

۶	۱۰	۲۲	۴
۴	۶	۱۰	۶
۱۲	۴	۶	۱۰
۱۰	۱۲	۴	۱۲

اماوس کی رات کو جنتر کیسر کی سیاہی سے انار کے قلم سے لکھکر جس بالک کے گلے میں باندھ دیا جائے گا۔ اسے ڈر خوف سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

نظر روگ دور کرنے کا جنتر

۸	۶	۲	۴
۶	۸	۴	۲
۲	۴	۸	۶
۴	۲	۶	۸

اس جنتر کو لال چندن سے بھوج پتر پر لکھکر دھوپ دیں۔ پھر تانبے کی تعویذ میں مڑھکر بالک کے گلے میں باندھیں تو نظر لگنے کا دکھ دور ہو جائے گا، اور کبھی نظر نہیں لگے گی۔

بھوت بھگانیکا اچوک جنتر

۸	۲	۶۳	۵۵
۵۸	۵۹	۳	۷
۱	۹	۵۶	۶۱
۶۰	۵۷	۶	۳

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر جس کسی بھی گلے میں ڈال دیں وہ شخص بھوت چڑیل وغیرہ کسی بھی آسیب یا آسیبی روح سے محفوظ رہے گا اور اس طرح بھوت پریت اس پر کوئی اثر نہ کر سکے گا۔

فالنامہ

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

شمس ۱ — قمر ۲ — مریخ ۳

عطارد ۴ — مریخ ۵ — زہرہ ۶

زحل ۷

ناظرین! غیب کی خبر تو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جو اس بات کا دعویٰ کرے مناسب نہیں۔ مگر دلی اطمینان کے لئے یہ طریقہ چلا آرہا ہے اور اکثر صحیح ثابت ہوا ہے۔ اس لئے یہاں درج کیا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اوپر سات چاند بنے ہوئے ہیں اور ہر ایک میں سیارہ کا نام درج ہے جب آپ فال دیکھنا چاہیں تو پہلے قل ہو اللہ شریف پڑھکر اللہ سے دعا مانگیں اور اپنے کلمہ کی انگلی کسی ایک چاند پر رکھیں۔ اگر حاملہ خود اس عمل کو کرے یعنی انگلی رکھے تو بہتر ہے جس ستارہ پر انگلی رکھی جائے گی اس کا ثمرہ نیچے لکھا ہوا ہے وہ خود دیکھ لیں یا بتا دیں۔

نمبر	نام سیارہ	مختصر کیفیت حال
۱	شمس	مبارک ہو۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا
۲	قمر	خدا چاہے تو لڑکی ہونے کی امید ہے
۳	مریخ	اللہ کے فضل سے لڑکا ہوگا مگر غصہ ور ہوگا
۴	عطارد	انشاء اللہ خوش نصیب لڑکی ہوگی
۵	مشتری	لڑکی ہوگی۔ انشاء اللہ
۶	زہرہ	یہ حمل لڑکی کا ہے
۷	زحل	حمل ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہے بچاؤ کی تدبیر کرو

علم قیافہ کی صحیح اور مستند معلومات

(۱) جس شخص کا سر بڑا اور گول ہوتا ہے وہ اپنے ارادوں میں پختہ خیال ہوتا ہے۔ اور وہ دیانتدار نیک خصلت اور صاحب مرتب اور دولت مند ہوتا ہے (۲) جس آدمی کا سر بڑا اور لمبا ہوتا ہے تو وہ بیوقوف اور کم عقل کمزور اور حاسد ہوتا ہے (۳) جس آدمی کی پیشانی بلند اور خوبصورت ہوتی ہے وہ بخت آوری کی نشانی ہے اور فراخ پیشانی والا شخص صاحب علم و دانش ہوتا۔ (۴) جس شخص کی پیشانی تنگ اور پست ہوتی ہے وہ قسمت کا مارا اور کم عمر ہوتا (۵) ناہموار اور بے اعتدال پیشانی والا آدمی ہمیشہ رنج و مصیبت میں رہتا ہے۔ (۶) اگر پیشانی پر سر کے قریب بالوں کے پاس خصوصاً داہنی طرف اگر خال یعنی تل کا نشان ہو تو اس شخص کیلئے یہ علامت خوش قسمتی اور بلند بختی کی نشانی ہے (۷) اگر کسی آدمی کا چہرہ لمبا خمیدہ ہو تو اس میں بڑے بڑے اوصاف ہوتے ہیں (۸) جس شخص کے چہرے پر گوشت زیادہ ہو وہ زندہ دل فیاض باتمیز ہوتا ہے اور سب لوگ اس سے دلچسپی رکھتے اور ملتے ہیں (۹) جس شخص کی آواز بلند اور بھاری ہو تو وہ دیانتدار مغرور عالی ہمت ہوگا (۱۰) جس شخص کی ناک اونچی اور لمبی ہو تو اس سے سعادت اور دولت مندی کا اظہار ہوتا ہے (۱۱) جس شخص کی ناک طوطے کی چونچ کی طرح جھکی ہو تو یہ خوش قسمتی کی دلیل ہے۔ (۱۲) اور بہت بلند ناک بے حیثیت اور ذلت کی نشانی ہے (۱۳) پست اور چھوٹی پر شہوت ہوتا ہے (۱۴) موٹی کھلی اور بے ڈول ناک غرور و تکبر کی نشانی ہے (۱۵) جس شخص کی بھنویں خمدار ہوں تو وہ مغرور بدمزاج دولتمند عقلمند ہوگا (۱۶) جس شخص کی بھنویں چوڑیں ہوں بال کم ہوں تو وہ کم عقل کم علم، ملنسار نیک سیرت عبادت گزار ہوتا ہے (۱۷) جس کی بھوؤں کے بال باریک سیاہ ہوں تو وہ بہادر، صاحب اولاد صاحب علم و دولت مند ہوگا۔ (۱۸) جس کی بھوؤں کے درمیانی جگہ کم ہو تو وہ ہر وقت پریشان رہتا ہے، دلیر سمجھدار ملنسار تنگ ہوتا ہے (۱۹) جس کے چہرے پر پسینہ آجائے تو وہ بڑا متلون مزاج اور عیاش ہوتا ہے (۲۰) جس کا چہرہ فراخ ہو تو وہ بڑا دلیر بہادر جوانمرد مضبوط، قوی جسم کا ہوگا اور عزت و مرتبہ حاصل کرے گا (۲۱) گول اور موٹے چہرے والا آدمی سادہ دل کم تیز اور کمزور حافظہ کا مالک ہوتا ہے (۲۲) دبلے چہرے کا آدمی عقلمند ذہین متلون مزاج ہوتا ہے اگر رنگ سیاہ ہو تو وہ فتنہ انگیز حاسد اور جھگڑالو اور تنگ مزاج ہوتا ہے اور اگر چہرے کا رنگ سرخ ہو تو وہ تند مزاج متکبر غصہ ور ہوگا (۲۳) اگر بالوں کا رنگ سیاہ ہو تو جسمانی صحت عمدہ عادات و اطوار سنجیدہ ہوں، اگر بال کا گلابی رنگ ہو تو وہ لاپرواہ، سرد مہر کمزور طبع ہوگا۔ اگر سیاہ گھونگر والے بال ہوں تو وہ شرابی اور فسادی ہوگا۔ اگر بالوں کا رنگ سرخ ہو تو وہ مکار، دغاباز طبیعت کا بے چین اور لالچی ہو ہر کام ہمت سے کرے گا اور پورا کرے گا جس کے بال بھورے ہوں تو وہ فیاض فضول خرچ لاپرواہ ہوگا اور جس کے بال ملائم ہوں وہ خوش خلق شریف بامروت موسیقی پسند اور عورتوں کا رسیا عادت کا ہوگا۔ جس کے بال سخت ہوں تو وہ حاسد اور بے مروت ہوگا اور جس کے جسم پر بال زیادہ ہوں تو وہ حاسد ہوگا اور کینہ پرور ہوگا اگر بال کم ہوں تو عقلمند دانا ہوگا آسودگی کی زندگی بسر کرے گا اور جسم کے بال باریک اور نرم ہوں تو وہ خود غرض زود رنج ہوگا اور اگر سخت ہوں تو تنگ حال اور مریض ہوگا (۲۴) اور جس کے سر کے بال چھوٹے گھن دار ہوں وہ دلیر بہادر حسن پرست ہوگا اور بے عقل ہوگا (۲۵) جو ڈیلا خوبصورت لمبے بال والا ہو وہ نرم دل نیک اور سخی ہوگا (۲۶) جو شخص گفتگو کے وقت پلکیں نیچے جھکالے یا پوشیدہ نگاہ سے دیکھے وہ تنگ دل حاسد اور کم عقل ہوگا (۲۷) جس کی آنکھیں چھوٹی ہوں اور اندر کو دھنسی ہوں تو وہ دور اندیشی تیز مزاج ضدی بے رحم، بے عقل بدفعل، عیاش صاحب اولاد اور بڑی عمر والا ہوتا ہے (۲۸) جس کی آنکھیں موٹی ہوں وہ حاسد ہوتا ہے (۲۹) جس کی آنکھ کا ڈیلا چاروں طرف گھومے وہ شخص حاسد خوشامد پسند بے اعتقاد جھگڑالو ہوتا ہے (۳۰) جو آدمی ترچھی نگاہ سے دیکھتا ہے وہ حیلہ ساز تند مزاج جھوٹا حاسد، بدنصیب ہوتا ہے (۳۱) جس کی آنکھیں بڑی بڑی ہوں اور باہر کی طرف نکلی ہوں تو وہ نیکی اور بدی کو جلد قبول کرتا ہے جس کے کان بڑے ہوں اور موٹے ہوں تو کند ذہن، کم عقل تنگ دل اور مفلس ہوتا ہے (۳۲) جس کا منہ پنجہ کی طرح ہو وہ دولتمند اور کامرانی کی دلیل ہے مگر بے وفا ہوتا ہے چوڑا اور کھلا منہ شجاعت اور بلند حوصلہ کی نشانی ہے اور گھوڑے وغیرہ مویشیوں کی طرح آگے کو نکلا ہوا منہ بدنصیبی اور افلاس کی نشانی ہے۔ (۳۳) جس آدمی کے دانت پتلے اور تیز ہوں اور حاسد بے حیا بے اعتبار شکم پرست اور بہادر ہوتا ہے (۳۴) جس کی کنپٹی اور ابرو پر بال زیادہ ہوں تو وہ فضول گو، بے وقوف کم عقل سست ہوتا ہے (۳۵) جس آدمی کی گردن پتلی ہو وہ دانا عقلمند ہوتا ہے اور موٹی گردن اور بے ڈول گردن بدبختی کی نشانی ہے (۳۶) جس آدمی کے بازو لمبے ہوتے ہیں وہ بہادر اور بلند حوصلہ ہوتا ہے اور جس کے بازو چھوٹے ہوں تو یہ علامت ماتحتی اور غلامی کی ہے اور درمیانے اور مناسب بازو کامیابی اور مالداری کی نشانی ہے۔ (۳۷) جس کا ٹھوڑا نکلا ہوا ہو تو سیاہ بختی کی نشانی ہے اور چور کی گردن لمبی ہوتی ہے (۳۸) اگر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے لمبا ہو تو بہادری کی نشانی ہے اور اس کے برعکس بائیں ہاتھ کی لمبائی نامردی اور بزدلی کی نشانی ہے۔ جس کی آٹھ پسلیاں ہوں تو وہ شخص صاحب سلطنت ہوتا ہے اور اگر نو دس پسلیاں تو ایسا شخص فقیر یا درویش ہوتا ہے اور گیارہ پسلی والا آدمی زاہد متقی ہوتا ہے اور بارہ پسلی والا آدمی رنج و محنت میں مبتلا رہتا ہے تیرہ پسلی والا مال و دولت کی نشانی ہے اور چودہ پسلی والا عموماً بدکار اور بداخلاق ہوتا ہے۔

انسان کے بدن پر تل ہوتے ہیں ان کے خواص

قارئین مفیدِ عالم جنتری کے لئے تلوں کے خواص درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) پیشانی کے داہنی طرف جو تل جس شخص کی کنپٹی پر ہوگا وہ خوش نصیب اور دولتمند باعزت اور اپنی قوم میں ممتاز، فتح و کامیابی حاصل ہو (۲) پیشانی کے درمیانی بالوں سے ملا ہوا تل ہو وہ تنگ مزاج کج خلق جلا تن ہوگا اور لوگ اس سے بات چیت کرتے ہوئے گھبرائیں گے اور عورت کے تل ہونے سے انتہائی درجہ کے صدمے اور مصیبتیں اٹھاتی ہے (۳) پیشانی کے بائیں طرف کنپٹی سے کچھ اٹھا ہوا سرخ رنگ کا تل جس شخص کے ہوتا ہے وہ بہت عقلمند اور باہوش ہوتا ہے اور اگر اس کا رنگ سیاہ ہو تو وہ شخص جھوٹا ہوتا ہے جس کی وجہ سے سدا خراب اور رسوا ہوتا ہے اور اگر یہاں تل کی بجائے مسہ ہو تو وہ شخص قسمت کا ہیٹا ہوتا ہے اس کے اکثر کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہیں اور اگر عورت کے یہ علامت ہو تو وہ عورت بردبار باوقار اور باعصمت ہوتی ہے اور ہمیشہ نیک ثابت ہوتی ہے مگر سیاہ تل والی آگاہ پیچھا سوچے بغیر کوئی برائی بھی کر لیتی ہے (۴) داہنی کنپٹی پر آنکھوں کے اوپر اگر تل ہو تو ایسا آدمی لمبی عمر والا ہوتا ہے اور خوش نصیب ہوتا ہے اور اگر عورت کے یہی نشانی ہو تو وہ صاحب نصیب بامراد ہوتی ہے اور بانصیب مرد کے بیاہی جاتی ہے اور شادی کے بعد خوش خرم رہتی ہے۔ اور نیک بخت صاحب سلیقہ شوہر کی نظروں میں عزت حاصل کرتا ہے اور اپنے خاوند سے محبت رکھتی ہے۔ (۵) اگر داہنی کنپٹی پر گردن کی طرف جھکا ہوا تل ہو تو ایسا آدمی بڑی عمر والا اور مالدار ہوتا ہے اور اگر یہ تل سرخ رنگ کا ہو تو وہ شخص صاحب اقبال ہوگا اور اگر کسی رنگ کا ہو تو وہ رنج و فکر میں مبتلا رہے گا۔ (۶) آنکھ کے اوپر بائیں طرف تل رکھنے والا آدمی اکثر بیمار رہتے ہیں۔

نو گرہوں کا انسانی شخصیت پر اثر

ا۔ انسان پر برہسپت کا اثر۔ برہسپت گرہ کے زیر اثر میں ہونے والا انسان کا متھا چوہے کے ماتھے کی طرح تنگ اور دمہ کی بیماری کا اندیشہ یا جسم کا کوئی حصہ کٹا ہوا۔ اس کی بول چال بیٹھنا وغیرہ گورو کی طرح ہوتا ہے۔ گمبھیر اور ہر بات کو برداشت کرنے والا ہوتا ہے۔ اور جانوروں کو نہ مارنے والا۔ اپنی بات پر مٹنے اور جو قسمت میں لکھا ہوگا دیکھا جائیگا اور اپنے دیئے ہوئے وطن اور ارادے کو پکا ہوگا۔ اس طرح کے انسان سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ عادت سے بے فکر اور اُسکی حالت مدھم رہے گی۔

۲۔ انسان پر سُورج کا اثر۔ سورج گرہ کے پربھاؤ والا آدمی۔ جسم کو کائی حصہ کٹا یا نہ ہوگا۔ اس کا رنگ گندمی آنکھ شیر کی طرح تیز مگر ڈراؤنی نہ ہوگی۔ قد لمبا جسم پتلا۔ ہر طرح کی مشکلوں یعنی مصیبتوں سے لڑنے والا اور مضبوط لمبا چہرہ ماتھا چوڑا والا۔ چال میں بایاں حصہ پہلے چلانے والا۔ شکل و صورت سے بھولا بھالا۔ مگر اندر سے آگ کی طرح گرم چال چلن (کامدیو) کا پکا۔ آدمی محنتی اور پکا ارادہ والا جس بات کو ٹھان لے اُس سے کبھی پیچھے نہ ہٹے گا۔

۳۔ انسان پر چندرماں کا اثر۔ چندر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سفید رنگ (دودھ) کی جھلک والا۔ دہی کے جیسے رنگ والی سفیدی نہیں۔ ٹھنڈا سو بھاؤ چوڑا چہرہ (چور کور) دوسرے کی ہاں میں ہاں ملا کر پھر دوسرے کو نرم جواب دیکر اس کے دل کو اپنا بنانیوالا۔ پوشاک (پہنے کے کپڑے) اچھے کپڑے دھارن کرنیوالا۔ جسم کا نیچے کا حصہ نابھی سے نیچے پاؤں کی طرف دودھ والے مویشی پالنے کا شوقین اور دودھ والے مویشوں سے لابھ اُٹھانے والا۔ ایسے آدمی چاندی۔ چاول، پانی۔ برف کے بیوپار میں نفع کماتے ہیں۔

۴۔ انسان پر شکر گرہ کا اثر۔ شکر گرہ کا پربھاؤ والا آدمی میں سفید دہی رنگ، سفید کی جھلک دودھ کے سفید رنگ کا نہیں چہرا گول۔ موٹیلا۔ خوبصورت آنکھیں بیل کی طرح مست اور عاشق مزاج ہونٹ اونچے گول مست طبیعت کوئی روئے کوئی ہنسے مگر وہ اپنے آپ میں خوش۔ ہر وقت اپنے آپ کو عورتوں کی طرح سجنے سنورنے کا شوقین خوبصورتی پر مٹ جانے والا ہوتا ہے۔

۵۔ منگل۔ منگل گرہ کے زیر اثر والا آدمی گورا مگر سرخ رنگت لئے ہوئے 'چست' حوصلہ مند بے خوف 'محنتی' ایماندار' دِلیر' اپنے ارادے کا پکا' مستقل مزاج' صاف گوئی' آزاد خیالوں والا' رہنمائی کرنے کی خاصیت' کچھ تیز مزاج' ہمیشہ اونچا اٹھے رکھنے والا' ہوگا۔

۶۔ انسان پر بُدھ گرہ کا اثر۔ بدھ گرہ کا پربھاؤ والا آدمی کبوتر کی آنکھ سے ملتا جلتا ہو۔ مگر ڈرپوک۔ چال میں مسکین۔ بلی کی طرح کا بول چال، معصوم لڑکیوں کی طرح۔ مگر جادو منتری کی طاقت والا۔ خوبصورت دانت۔ بہروپیہ و نقل کرنے کا سانگ اتارنے کی طاقت رکھنے والا۔ زبان کو ہونٹوں پر پھیرنے عام عادت۔ بات چیت میں تیز۔ خیالی باتوں باتوں میں محل بنانا۔ لوگ، مگر آپ کسی کے آندھیں نہیں رہے گا۔ خوبصورتی پسند کرے۔

۷۔ انسان پر سنیچر گرہ کا اثر۔ سنیچر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سانپ کے سو بھاؤ جیسا آنکھ بھی سانپ کی طرح گولائی لئے ہوئے۔ رنگ میں سفید یا لال نہ ہوگا۔ بلکہ آنکھوں کا رنگ کالا ہوگا۔ بھوئیں لکیر کی طرح سیدھی یا اُن پر بال کم ہوں گے۔ آواز میں سانپ کی طرح ٹک ٹک کرنے والا۔ آنکھیں دیر بعد جھپکنے والا اپنے دل کی بات کا پتہ نہ لگنے دیوے۔ کہ اسکا اصل مطلب کیا ہے۔ چاروں طرف چلنے والا۔ جب کسی کی مدد پر ہوا تو اس کی پوری مدد کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کردے گا۔ پکا ضدی ہوگا۔ اگر کبھی کے برابر سامنے کھڑا ہو گیا تو سامنے والے کچھ برباد ہو جاوے تو پرواہ نہ کرے گا۔ سننے کی بجائے آنکھوں آنکھوں سے ہی کام لے گا۔ دوسرے پر سانپ کی طرح حملہ کر دیگا۔ کان چھوٹے چھوٹے۔ الگ بیٹھنے کا شوقین ہوگا۔

۸۔ انسان پر راہو گرہ کا اثر۔ راہو گرہ کے زیر اثر میں ہونے والے انسان کی ٹھوڑھی اوپر کو اُبھری ہوئی رنگ کالا۔ راہو اُوچ کا ہو تو بھی رنگ کالا ہوگا۔ باقی نیچے لکھی سب باتیں ہوں گی۔ انسان اکثر کالا کانا، بغیر سنتان۔ بنا شادی کے یا وور ٹیڑھا چلنے والا ہوگا۔ ہاتھی سے ملتی جلتی آنکھ (چھوٹی) شریر میں بے چینی پانے والا۔ جس طرف مل گیا دوسری طرف کا ناش (تباہ) کرنے والا خوراک زیادہ کھانے والا۔ گھر کی چیزوں کو بڑھانے کے شوقین مگر ان کی خوبصورتی کا دھیان نہیں۔ مسکین بلی کی طرح اُسے مکان سے پیار ہوگا۔ مکان کے مالک جان کا دھیان نہ ہوگا۔

۹۔ انسان پر کیتو گرہ کا اثر۔ کیتو گرہ کے زیر اثر ہونیوالا انسان کے کان بڑے بڑے بھوؤں کا مدھیہ حصہ اوپر اُٹھا ہوا۔ جسم مضبوط۔ بلکہ ٹانگوں کا حصہ بھاری گاجر کی طرح جسم نیچے سے موٹا اُوپر سر کی طرف سے ہلکا۔ نیک طبیعت درویش۔ کتا۔ سوریا سادھو ہوگا۔

مکان بنانے یا خریدنے کے وقت خیال کرنیکی باتیں

ا۔ مکان کے اندر داخل ہونے کے لئے سب سے بڑا دروازہ پورب (مشرق) کی جانب ہو تو سب سے اچھا ہوگا۔ ہر وقت لوگوں کا آنا جانا یعنی تانتا لگا رہے۔ اور ہر طرح کے سکھ سادھن مہیا ہوتے رہیں گے۔

۲۔ اگر مغرب کی جانب بڑا دروازہ ہو تو دوئم درجہ کا اچھا اثر ہوگا۔ منصوبہ میں کامیابی ہوگی مگر دیری اور اڑچنوں کے ساتھ۔

۳۔ اگر مکان کا دروازہ شمال (اتر) کی جانب ہو تو بہت اچھا اثر رکھے گا۔ ترقی کے راستے کھلے رہیں۔ لمبے سفر سے فائدہ ہوگا۔ پوجا پاٹھ، ہون جاپ وغیرہ شبھ کام کرنے کا عمدہ مقام اور روحانی مرحلوں کا حاصل کرنے کا اچھا مقام ہوتا ہے۔

۴۔ اگر آپ کے مکان کا بڑا دروازہ دکھن کی جان تو وہ بُرے اثر کو دینے والا ہوگا۔ عورت کے لئے موت کا طرح دکھ اور تکلیف دینے والا۔ فوجداری ہونے کا ڈر۔ آگ سے جلنے یا حادثہ کا ڈر ہے۔ موت وغیرہ کے حادثے ہونے کا ڈر۔ پریشانیاں زیادہ رہیں گی۔ دکھن کے دروازہ والے مالک اور اس کی عورت اولاد وغیرہ کی صحت ٹھیک نہیں رہے گی۔ گر میں بندر پالنا یا کبھی کا بندر ڈرائنگ روم (بڑے کمرے) میں رکھنا نیک اثر کرے گا۔ ہر سال یا کبھی کبھی بکری دان یا بدھ کی چیزوں کے ساتھ شام کے وقت دان کرنے سے راحت ملے گی۔

نوٹ۔ اوپر لکھے خصوصی گرہ یوگ "لال کتاب" کی بنا پر چھپی ہوئی مکمل سیٹ ہندی میں منگوانے کے لئے ڈاک خرچہ سمیت /600 روپے منی آرڈر سے بھیج دیں۔ اردو کی موٹی اسٹیٹ اصلی مکمل کتاب کی قیمت /1560 روپ ہوگی۔ جترب بک ڈپو جالندھر

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

گرہوں کی دشا کے ذریعہ ہر گرہ کی پھل پراپتی کا وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ سبھی گرہ اپنی دشا اور سوکھشم دشا کال میں پھل دیتے ہیں جو گرہ اُچ راشی، متر راشی یا اپنی راشی میں رہتا ہے وہ اپنی دشا میں اچھا پھل دیتا ہے لیکن نیچ راشی، شترو راشی اور غروب است حالت میں ہوں وہ اپنی دشا میں دھن ہانی، روگ، ترقی میں رکاوٹ وغیرہ پھل دیتے ہیں۔!

سورج دشا پھل :-

سورج جنم میں میکھ راشی کا اوچ میں ہو اور دس انش میں پڑا ہو تو اسکی دشا میں استری پتر کا سُکھ، بیوپار کاروباری فائیدہ و ترقی، راج دربار میں عزت، فائیدہ مند غیر ملکی سفر در پیش ہو۔ دھرم کارجوں میں رغبت بڑھے۔ دس انش سے اوپر جنم میں بیٹھا ہوا ہو تو پاپ کت و پاپ درشٹ ہو تو دشمن، چوری اور آگ سے خطرہ، بیوی و اولاد سے رنج، جھگڑا، جُدائی، قرضدار ہو۔ پیٹ یا آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو۔ سورج جنم میں برکھ راشی کا ہونے سے اسکی دشا کے اندر استری و سنتان سے دُکھ رنج اور عزیزوں و دوستوں سے تکلیف پائے۔ سورج متھن راشی کا ہو تو اس کی دشا میں دھن دولت میں اضافہ، مشکل کام حل ہوں، کاروبار میں فائیدہ، عزت بڑھے، دھرم کرم کے کام کرے علم و دانش میں اضافہ ہو۔ کرک سورج دشا میں ہونے سے راج دربار میں عزت، رشتہ داروں استری اور والدین سے سُکھ۔ والدین کو تکلیف۔ سنگھ کے سورج دشا میں راج جیسا سُکھ بھوگے گے۔ ہر طرح سے دھن ملے۔ استری سنتان سے سُکھ پائے۔ کنیا کے سورج کی دشا میں دھن دولت کا سُکھ و عزت مان پائے۔ لوگوں میں قدر، نیک نام ہو۔ دھرم کارجوں میں لگاؤ رکھے۔ تُلا کے دس انش تک سورج کی دشا ہو تو استری و سنتان سے متفکر اور رنجیدہ ہو۔ زمین وغیرہ کے کاموں سے نقصان۔ اگنی سے خطرہ ہو غیر ملکی سفر در پیش ہو۔ برشچک کے سورج کی دشا میں بڑا پرتاپی رعب دار ہو زہر و اگنی سے خطرہ پائے۔ ماتا پتا کو سُکھ دے پیچیدہ اور مشکل کام عقلمندی سے انجام دے۔ دھن کے سورج کی دشا میں راج کُل میں خاندان اور سادھو جن اچھے لوگوں سے مان پائے۔ استری پتر دھن کا سُکھ دھرم کارجوں میں ترقی کرے مکر کے سورج کی دشا میں استری پتر دھن وغیرہ سے فکرمندی۔ دوسروں کی اطاعت میں گذر اوقات ہو۔ کُنبھ کے سورج کی دشا میں نقصان و تنگدستی دلی صدمہ، دوسروں کی ماتحتی میں گذر اوقات ہو۔ مین کے سورج کی دشا میں استری سے لابھ۔ راج دربار سے سُکھ، پُتر کا رنج دیکھے۔ اگنی و زہر سے خطرہ۔ اچانک حادثہ پیش ہو۔

چندر دشا پھل :-

اگر بھاگیش دسویں خانہ اور دشمیش دسویں ستھان میں ہو یا ایک دوسرے کو دوستانہ نظروں سے دیکھتے ہوں تو پھر بہت اچھی ملازمت ملتی ہے۔

ہندوستان کے مشہور مقدس مقامات

ہری دوار :۔ اتر پردیش میں گنگا ندی کے کنارے آباد ہے یہاں ہر کی پوری پر اشنان کا بڑا مہاتم ہے اس گھاٹ پر برہما جی نے یجیہ کیا تھا۔ مرتک شریروں کے پھول (راکھ) یہاں بہائے جاتے ہیں چنڈی دیوی، یوگ مایا چوبیس اوتار کے منادر، کنکھل، بھیم گوڈا، شپت دھارا، گورو کل اور رشی کل دیکھنے یوگیہ ستھان ہر دوار سے ۱۶ میل دور رشی کیش کے مقام پر بھرت مندر اور بابا کالی کملی والے کا آشرم قابل دید جگہ یہیں سے بدری ناتھ کو چڑھائی شروع ہوتی ہے ہر دوار سے دو میل نیچے کنکھل کا مقام ہے جبکہ وقت دکش پر جاپتی کی راجدھانی تھا۔

بدری ناتھ :۔ یہ ضلع گڑھوال میں سطح سمندر سے ۔۱۰۲۲۳ فٹ کی بلندی پر ہے رشی کیش سٹیشن سے ۱۷۳ میل دور ہے یہاں صرف مئی جون جولائی میں یاترا کی جاتی ہے۔ ہر دوار سے بدری ناتھ جانے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز بھی راستہ ہے یہاں پر وشنو بھگوان کا مندر ہے اور تپت کنڈ قابل دید ہے۔

دیوبند ، شاہ لائت :۔ سہارنپور سے دہلی کے راستہ پر سہارنپور اور مظفر نگر کے درمیان میں دیوبند قصبہ میں یہ عظیم درگاہ واقع ہے یہاں پر عرس ہر سال بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے اس درگاہ کے نام پر اس محلّہ کا نام ہی شاہ ولایت پڑ گیا ہے۔ اس ولی کامل کی بہت سی کرامات مشہور ہیں۔ دور دور سے لوگ اس متبرک درگاہ کی زیارت کرنے کے لئے آتے ہیں اور اپنا دامن مرادوں سے بھر کر لے جاتے ہیں۔ یہاں دار لعلوم یونیورسٹی دنیا میں دوسری بڑی یونیورسٹی ہے۔

جگن ناتھ پوری :۔ یہ تیرتھ اُڑیسہ پرانت میں سمندر کے کنارے پر واقع ہے ۱۲۲ فٹ اونچا شری جگن ناتھ جی کا مندر بارہویں صدی میں تعمیر ہوا تھا۔ یہاں پر چھوت چھات نہیں ہے۔ یہاں مارکنڈے وٹے کرشن، اندر دیومن، لوک ناتھ مہادیو اور ساگر کا سورگ دوار پانچ تیرتھ ہیں۔ یہاں کارتھ یاترا کا میلہ مشہور ہے۔

بنارس :۔ گنگا ندی کے کنارے آباد ہے یہاں کے گھاٹ قابل دید ہیں۔ کاشی بھی اسے ہی کہتے ہیں۔ یہاں پر وشوناتھ کا مندر، ہندو یونیورسٹی اور سجابابا کی سمادھی قابل دید ہیں۔ سنسکرت تعلیم اور ناگری پرچارنی سبھا کا مرکز ہے رام نگر کی رام لیلا بہت مشہور ہے۔

ایودھیا :۔ شری رام چندر جی مہاراج کی جنم بھومی ہے رام نوی پر زبردست میلہ لگتا ہے یہاں پر ہنومان گڑھی، کنک بھون اور راجہ صاحب کا محل قابل دید ہیں۔

جوالا مکھی کانگڑہ :۔ جوالا مکھی روڈ سٹیشن سے ۱۳ میل کے فاصلہ پر جوالا مکھی کا مشہور مندر ہے یہاں زمین کے اندر سے نکلتی ہوئی آگ جوالا (جیوتی) کا درشن ہوتا ہے۔ نوراتروں میں بھاری میلہ لگتا ہے روایت ہے کہ یہاں ستی کی زبان گری تھی جوالا مکھی سے ۲۳ میل کے فاصلہ پر کانگڑہ کا قدیم مشہور قصبہ ہے۔ یہاں پر دیوی کا مندر مہابھارت کے وقت کا قلعہ اور شو جی کا مندر قابل دید ہے۔

ویشنو دیوی :۔ جموں سے تقریباً ۴۰ میل دُور ترکتا پہاڑ میں گپھا کے اندر داخل ہو کر ویشنو دیوی کے درشن ہوتے ہیں ہر سال آدمی اسوج کے نوارتروں سے اس کی یاترا شروع کرتے ہیں جو اب تقریباً سارا سال جاری رہتی ہے۔

امرناتھ :۔ کشمیر میں سرینگر سے ۸۵ میل دُور ہے شرلون کی پورنماشی کو ہزاروں کی تعداد میں یاتری اور سادھو چھڑی کے ساتھ روانہ ہو کر امرناتھ جی کے درشن کرتے ہیں یہیں پر امر کبوتروں کا جوڑا سب کی توجہ کا مرکز ہے۔

متھرا :۔ اتر پردیش میں بھگوان شری کرشن کا جنم ستھان ہے جمنا جی کے وشرام گھاٹ پر اشنان کرنیکا بڑا مہاتم ہے شری ناتھ جی، کشوری رمن، گوپی ناتھ اور دوارکا دھیش کے مندر دیکھنے لائق ہیں۔ پاس ہی برندابن ہے گوکل مہابن دلو تیج گوردھن، نند گام۔ برسانہ وغیرہ وغیرہ تیرتھ وہیں پر ہیں ساون میں جھولے کا میلہ لگتا ہے۔ برج کی ہولی بھارت میں مشہور ہے۔ جنم اشٹمی پر بڑا میلہ ہوتا ہے۔

مانسرودور :۔ یہاں جانے کے لئے بریلی سٹیشن سے راستہ جاتا ہے راستہ میں نکلا کو منڈی کے ایک میل اوپر ماماؤں کا ایک بہت بڑا مٹھ ہے جسے گپھا کہتے ہیں۔ یہاں بھگوان بدھ کی بہت بڑی سونے کی مورتی ہے۔ ۱۹ ہزار فٹ کی بلندی پر لوگ کیلاش پربت کا پوجن، اور ۳۲ میل کی پرکرماں کرتے ہیں نیچے گوری کنڈ کا تالاب ۶ ہزار مربع فٹ کے قریب برف سے ڈھکا ہوا ہے۔ کیلاش پربت کی بلندی ۲۴ ہزار فٹ ہے کیلاش پربت سے دس میل آگے مانسرودور جھیل ہے اس کا محیط ۷۰ اور ۷۵ میل کے درمیان ہے۔ کئی لوگ سرودور کی پرکرماں بھی کرتے ہیں۔ مانسرودور سے ستلج، برہم پتر، گنگا، سندھ، چھوگنگا چاروں طرف ندیاں نکلتی ہیں۔ جھیل کے اندر ہزاروں کی تعداد میں ہنس اور بڑے بڑے پانی کے جانور تیرتے رہتے ہیں۔ یہاں سے دو میل دور راکشس تل ہے اس تالاب میں گھڑیلے اور خوفناک جانور رہتے ہیں۔

پشکر :۔ اجمیر سٹیشن سے سات میل دور ہے یہاں سرودور میں اشنان ہوتا ہے برہمی گائتری، ساوتری اور بدراہ بھگوان کے مندر قابل دید ہیں کارتک کی پورنماشی کے روز یہاں میلہ لگتا ہے۔ یہ بڑا تیرتھ ستھان ہے۔

گنگوتری :۔ ہمالیہ پربت میں ہے۔ کاٹھ گودام سے راستہ جاتا ہے یہاں پر گنگا جی کے سب سے پہلے درشن ہوتے ہیں۔

جمنوتری :۔ ہمالیہ پر واقع ہے یہاں سے جمنا جی نکلتی ہیں۔

کوروکشیتر :۔ یہاں پر کوروں اور پانڈوں کی لڑائی یعنی مہابھارت کا یدھ ہوا تھا۔ شری کرشن جی نے یہیں پر ارجن کو گیتا جی کا اُپدیش دیا تھا۔ سورج گرہن کے روز یہاں پر بڑا بھاری میلہ لگتا ہے۔ یوگ اس جگہ پورتر تالابوں میں مشنان دان کرتے ہیں۔

کیدار ناتھ :۔ رشی کیش سے بدری ناتھ کے راستے میں تیرتھ ہے سطح سمندر سے ۲۲۸۵۳ فٹ اُونچا ہے یہاں کا مندر دیکھنے لائق ہے۔

شکن وچار

کتے کا شگن :۔ جو کتا یاترا پر جانے والے کے پاؤں چاٹے یا کان پھڑ کاتا ہوا اوپر چڑھے تو یاترا میں دکھن ہوتا ہے گیلی ہڈی لیکر آئے تو شبھ ہوتا ہے جلتی ہوئی لکڑی یا سوکھی ہڈی لیکر آئے تو شبھ ہوتا ہے یاتری کی موت بھی ہو سکتی ہے۔ کپڑا منہ میں لے کر آئے تو مصیبت آتی ہے اگنی کون میں کھڑا ہو کر سورج کی طرف منہ کر کے روئے تو جلد ہی چوروں اور آگ سے خطرہ ہو دوپہر کے بعد سورج کی طرف منہ کر کے روئے تو خونریزی ہو۔ گھر کے دروازے کی چوکھٹ پر سر اور باہر سارا بدن رکھ کر روئے تو اس عورت کو روگ ہو جو تا اٹھا کر مُنہ اوپر کر کے پاس آئے تو شبھ ہوتا ہے جو تا سونگھے تو سفر ہو۔

گائے کا شگن :۔ گائے اداس ہو تو مالک کو اشبھ ہے پاؤں زمین پر مارے تو روگ ہو۔ آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں تو مالک کی موت ہو۔ ڈری ہوئی شبد کرے تو چور سے خطرہ ہو۔ رات کو گائے بولے تو ڈر ہوتا ہے۔ بیل رات کو بولے تو اچھا ہوتا ہے۔ گئوؤں کو بہت سی مکھیاں یا کتے گھیر لیں تو جلد ہی بارش ہوتی ہے ایسا گرنتھوں میں لکھا ہے۔

کوّے کا شگن :۔ بے سبب گاؤں میں اکٹھے ہو کر کوّے بولیں تو قحط کا ڈر ہو چکر باندھ کر بیٹھیں تو دشمن سے خطرہ ہو کئی جگہوں پر جھنڈوں میں بیٹھیں تو اُپدور ہو۔ رات کو پھرنے لگیں تو آدمیوں کا ناش ہو۔ کوا چارپائی کے اوپر راکھ، ہڈی، بال یا پتا لا کر رکھے تو چارپائی کے مالک کی موت ہونے کا لکش کہا گیا ہے۔

سفر کے لئے شبھ نچھتر :۔ جانب مشرق کرتیکا، روہنی مرگھر، آردرا، پنربسو پکھ اشلیکھا شبھ ہیں۔ جانب مغرب اترادھا، جیشٹھا، مولا، پوربا کھاڑا، اترا کھاڑا، شرون جانب شمال دھنیشٹا، ستبھکا، اترابھادرپدا، ریوتی، اشونی، بھرنی، جانب جنوب ست بھکا پوربا پھاگنی، ہست، چترا، سواتی، وشاکھا، نچھتر سفر کے لئے شبھ رہتے ہیں۔

دنیا کے اہم اور مشہور شہروں کا تفاوت اوقات

جب لنڈن اور پیرس وغیرہ شہروں میں دن کے بارہ بجے ہوں گے تو ناروے اور سسلی میں ایک بجے دوپہر کا ٹائم ہوگا۔ کانگو میں دو بجے دوپہر سٹالن گراڈ مکہ میں تین بجے دوپہر خرد جوف ترکمان وغیرہ وغیرہ میں چار بجے کا ٹائم ہوگا

وقت	شہر
۱۲ بجے دن	لنڈن، پیرس۔ پرتگال۔ بارسیلونا۔ اورن، الجیریا، ٹمبکٹو۔ گولڈ کوسٹ
ایک بجے دوپہر	ناروے، مغربی ساحل۔ سٹاکہالم۔ کوپن ہیگن، برسلوہ۔ وائنا۔ ٹریسٹ۔
۲ بجے بعد دوپہر	سسلی نیپلز، مالٹا، ٹریپولی۔ کیمرون، براسول۔ بیوروڈ۔ انگولا (افریقہ)،
۲ بجے بعد دوپہر	سنڈرا وسطی (روس)، ہیلسنکی۔ لینن گراڈ۔ کیف۔ یوکرین۔ کریمیا۔ ونیسٹر
۲ بجے بعد دوپہر	انقرہ، وسطی سائپرس، سکندریہ، قاہرہ وسطی سوڈان (مصری) یوگنڈا
۳ بجے بعد دوپہر	کانگو۔ روڈیشیا بلیویا۔ ٹرانسوال۔ جوہنسبرگ ڈربن (جنوبی افریقہ)
۳ بجے بعد دوپہر	گورکی، سٹالن گراڈ۔ استرخان۔ کاکیشیا۔ مارجیا۔ آرمینیا۔ طبریز۔ بغداد
۴ بجے رات	کربلا۔ کویت مکہ مدینہ موچہ عدن، بابل مندیب۔ بربرا۔ مدغاسکر
۴ بجے رات	خرد جوف، تاسمین لینڈ (وسطی) کوہ یوران بیسن وسطی، جھیل ارال،
۵ بجے رات	جموں، لاہور۔ ہوشیارپور جے پور لدھیانہ۔ جالندھر۔ اندور شولاپور
۵ بجے رات	اومسک (روس) بلخاش جھیل سطح مرتفع پامیر۔ یارکند۔ کاشغر۔ ریشگر
۶ بجے شام	کوہ الطائی ترکستان۔ لہاسہ (تبت) ٹوناکھا۔ بھوٹان۔ دارجلنگ
۶ بجے شام	چراپونجی (آسام) ڈھاکہ (بنگلہ دیش)
۷ بجے شام	تیمر پیتن مثلا (روس) وسط منگولیا۔ ارکٹسک بین۔ چونکنگ سینان،
۷ بجے شام	نانکنگ ہنوئی۔ بنکاک۔ کمبوڈیا۔ سنگاپور۔ کوئین میری لینڈ۔
۸ بجے رات	پورٹ آرتھر نانکنگ۔ ہوچورسوچو۔ ہانگ چو کالگری۔ کول گارڈی۔
۹ بجے رات	درفویانسک۔ خبارووسک۔ ولاڈی ووسٹک کوبے، یاسنو۔ کیوٹو،
۹ بجے رات	نیوگنی، ڈارون۔ کارپنٹیریا۔ ایڈی لیڈ (آسٹریلیا) ایڈلی لینڈ۔
۱۰ بجے رات	جزائر کیوراٹل۔ نیوگنی۔ سڈنی کینبرا (آسٹریلیا) کنگ جارج فتھ لینڈ
۱۱ بجے رات	جزائر مارشل۔ نورو۔ ساؤتھ وکٹوریہ لینڈ
۱۲ بجے رات	سائبیریا۔ جزائر نجی۔
۱ بجے رات	سنٹرل پرنس آف ویلز۔ الاسکا۔ ولولو۔ پرل ہاربر۔ ہوائی
۲ بجے رات	ہیرجنکس۔ ورث یوکون۔ کوڈیاک (شمالی امریکہ)
۳ بجے رات	کوسٹ رینج۔ جزائر مارکوس
۴ بجے رات	سالٹ لیک سٹی۔ وینکوور۔ گولڈ کوسٹ۔ لاس اینجلس (شمالی امریکہ)
۵ بجے رات	ٹنڈرا (کینیڈا) وسطی۔ پرنس البرٹ۔ رجینیہ۔ میکسیکو
۶ بجے صبح	سینٹ پال۔ شکاگو۔ سینٹ لاس۔ نیو اورلینز۔ سمیریدہ بیلواعہ
۷ بجے صبح	سنٹرل کولمبیا۔ اٹاوہ۔ مونٹریال۔ الشارلو۔ نیویارک۔ واشنگٹن فلاڈلفیا
۷ بجے صبح	جزائر غرب الہند۔ کولمبیا۔ پیرو۔ چلی۔ انڈیا نیکا ساحلی علاقہ۔
۸ بجے صبح	مغربی گرین لینڈ لیبرے ڈور۔ برٹش گی آنا۔ ناؤس۔ بلیویا۔
۸ بجے صبح	پیٹاگوسے جولنس ہیرز۔ لاپلاٹلہ۔ جزائر خاک لینڈ
۹ بجے صبح	وسطی گرین لینڈ۔ رالوڈی جیزہ۔ ڈسیرو۔ جزائر جنوبی آرکنی۔
۱۰ بجے صبح	مشرقی گرین لینڈ۔ جزائر سورز
۱۱ بجے قبل دوپہر	آئس لینڈ کا مشرقی ستارا۔ رابوڈی اور و سینیگال۔ گیمبیا۔ گنی (افریقہ)
۱۱ بجے قبل دوپہر	کوناکری۔ سیرالیون۔ فری ٹاؤن (مغربی افریقہ)

نظرات سیارگان

سیارگان کی پانچویں نظر کو نظر تثلیث کہتے ہیں۔ سورج چندرماں کی نظر تثلیث دوستی محبت کے لئے مفید ہے۔ سورج منگل کی فتح اور کامیابی کے لئے مفید ہے۔ سورج بدھ کی بلندی مراتب کے لئے۔ سورج برہسپت کی حصول مراتب کے لئے۔ سورج شکر کی کشائش رزق کے لئے۔ سورج سنیچر کی مشکلات دنیاوی کے لئے۔ چندرماں منگل کی خواب بندی کے لئے۔ چندرماں بدھ کی عزیز خلائق کے لئے اور چندرماں برہسپت کی ترقی مراتب کے لئے مفید ہے۔ چندرماں شکر کی دوستی محبت کے لئے مفید ہے۔ چندرماں سنیچر کی زراعت کے لئے۔ منگل بدھ کی قوت حافظہ اور صحت جسمانی کے لئے۔ منگل برہسپت کی ترقی رزق و دولت کے لئے۔ منگل شکر کی دوستی رفع دوستی محبت کے لئے مفید ہے۔ منگل شکر کی دوستی محبت کے لئے اور شکر سنیچر کی استحکام محبت کے لئے مفید ہے۔

گرہوں کے مختلف زبانوں میں نام

نام اردو	نام ہندی	نام فارسی	نام انگریزی	قیام راشی
سورج	روی	شمس	سن	ایک ماہ
چندرماں	اندو	قمر	مون	۲½ دن
منگل	بھوم	مریخ	مارس	۱½ دن
بدھ	بدھ	عطارد	مرکری	ایک ماہ
برہسپت	گورو	مشتری	جوپیٹر	۱۲ ماہ
شکر	بھرگو	زہرہ	وینس	۲۷ دن
سنیچر	مند	زحل	سیٹرن	۲½ سال
راہو	راہو	راس	ڈریگن ہیڈ	۱½ سال
کیتو	کیتو	ذنب	ڈریگن ٹیل	۱½ سال
یورینس	اندر	〃	یورینس	۷ سال
نیپچون	ورن	〃	نیپچون	۱۴ سال

گرہوں کی گتی

ستقول مان سے برہسپت آدی گرہوں کا ماشی سے منگل برہسپت اور سنیچر کی راشی سے دوسری راشی پر ہو تو شیگھر گامی ہوتے ہیں۔ تیسری پر ہوں تو سم چاری۔ چوتھی پر ہوں تو مند چاری ہوتے ہیں۔ پانچویں یا چھٹی پر ہوں تو وکری ساتویں یا آٹھویں پر ہو تو اتی وکری۔ نویں یا دسویں پر ہوں۔ تو کٹل گتی والے ہوتے ہیں گیارھویں یا بارھویں پر ہو تو پھر شیگھر گامی ہو جاتے ہیں۔ ستقول مان سے بدھ اور شکر سورج سے دوسری راشی پر جانے سے وکری بارھویں راشی پر جانے سے شیگھر گامی اور تیسری یا ۱۱ ویں راشی پر جانے سے سم چاری ہوتے ہیں۔ مندگتی سے سورج ایک مہینہ چندرماں ½۲ دن منگل ½۱ مہینہ بدھ ۲۵ دن برہسپت ۱۳ مہینہ سنیچر ۳۰ مہینہ راہو کیتو ½۱ سال ایک راشی پر رہتے ہیں۔

گرہوں کا اودے است

گرہوں کے کالانش

چندرماں منگل وغیرہ گرہ سورج کے نزدیک آنے سے جتنے انش تک است رہتے ہیں ان انشوں کو کالانش کہتے ہیں۔ ستقول مان سے چندرماں کے ۱۲ انش منگل ۱۷ انش بدھ ۱۳ انش وکری ہو تو ۱۲ انش برہسپت ۱۱ انش شکر ۹ انش وکری ہو تو ۸ انش سنیچر کے ۱۵ کالانش کہتے ہیں۔

گرہوں کے غروب دن

ستقول مان سے منگل ۱۲۰ دن بدھ مارگی ہو تو ۳۶ دن اور وکری ہو تو ۱۶ دن برہسپت ۳۰ دن شکر مارگی ہو تو ۵۰ دن، وکری ہو تو ۹ دن اور سنیچر ۳۶ دن تک است رہتا ہے سورج کے کم و بیش چندرماں ۱۲ منگل یا بدھ ۱۳ برہسپت ۱۱ شکر ۹ سنیچر ۱۵ انش تک غروب رہتے ہیں۔

گرہوں کے طلوع دن

ستقول مان سے منگل ۶۵۸ دن بدھ ۳۲ دن وکری ہو تو ۳۲ دن برہسپت ۳۶۷ دن شکر ۲۶۰ دن وکری ہو تو ۲۴۸ دن سنیچر ۳۴۰ دن تک طلوع رہتے ہیں۔

گرہوں کا اودے است

منگل برہسپت اور سنیچر یہ تین گرہ سورج سے ہمیشہ مندگتی والے ہونے سے ہمیشہ مغرب میں غروب اور مشرق میں طلوع ہوتے ہیں اور بدھ شکر یہ دونوں گرہ کبھی شیگھر گتی ہیں اور کبھی وکر گتی ہوتے ہیں۔ جب شیگھر گتی میں ہوتے ہیں تو پورب میں است اور پچھم میں طلوع ہوتے ہیں۔ وکری ہوں تو پچھم میں غروب اور مشرق میں طلوع ہوتے ہیں چندرماں ہمیشہ شیگھر گتی ہونے سے مشرق میں غروب ہوتا ہے۔

گرہوں کے وکری دن

ستقول مان سے منگل ۶۷ دن بدھ ۲۳ دن برہسپت ۱۲۲ دن شکر ۴۵ دن اور سنیچر ۱۳۷ دن تک وکری رہتے ہیں۔

گرہوں کے مارگی دن

منگل ۵۰۷ دن بدھ ۹۲ دن برہسپت ۲۷۸ دن شکر ۵۰۱ دن سنیچر ۲۳۳ دن مارگی رہتے ہیں۔

گرہوں کی اتی چارگتی

منگل کی اتی چارگتی ۶ سے ۱۱ ہے اور ۱۵ دن رہتی ہے بدھ کی اتی چارگتی ۱۱۲ سے ۲۱۴ ہے جو ۱۰ دن رہتی ہے برہسپت کی اتی چارگتی ۱۴ ہے جو ۴۵ دن رہتی ہے۔ شکر کی اتی چارگتی ۷۵-۴۳ ہے جو دس دن رہتی ہے اور سنیچر کی اتی چارگتی ۷-۴۵ ہے جو ۱۸ دن رہتی ہے۔

گرہوں کی نچھتر اور پار گتی نچھتر

سورج ایک نچھتر میں ۱۳ دن پار نچھتر میں تین دن چندرماں ایک نچھتر ۱ دن پار ۴ گھڑی منگل ۲۰ دن پار ۵ دن۔ بدھ ۸ دن پار ۳ دن ۲۰ گھڑی۔ برہسپت ۱۶۰ دن پار ۴۴ دن شکر ۱۴ دن پار ۳ دن ۲۰ گھڑی سنیچر ۴۰۰ دن پار ۱۰۰ دن راہو اور کیتو ۲۶۰ دن نچھتر کے ایک پار پر ہوتے ہیں۔

گرہوں کے متفرق یوگ

سورج شنی یا منگل شنی یا راہو سنیچر اتھوا برہسپت منگل یا برہسپت سنیچر ان دونوں گرہوں کا جس مہینہ میں ایک راشی پر پھیرا ہو تو کال کوٹ یوگ ہوتا ہے اس یوگ میں راجاؤں میں یدھ۔ برشا کی ہانی پرجا کو دکھ اور ان کا ناش ہوتا ہے۔

بھوکمپ یوگ

راہو سے ساتویں ستھان میں منگل ہو منگل سے پانچویں گھر میں بدھ ہو۔ بدھ سے پندرا ستھان میں چندرماں ہو تو بھوکمپ یوگ کہا گیا۔ راجا پرجا دکھی سنسار میں یدھ ہوتا ہے۔

الکاپات یوگ

سورج سے چندرماں پانچویں و ساتویں ہو۔ منگل چھٹے ہو تو الکاپات یوگ تینوں نے کہا ہے۔ پورب دشا پر آتی راجہ پر کیو سیار پرجا دکھی سکھ ہو نہیں۔ اودھک روگ بھوکال۔ مصنف پنڈت پنالال جیوتشی

گھات یوگ

برہسپتی بدھ شکر ایک راشی پر آجائیں تو اس کو گھات یوگ کہتے ہیں بدھ برہسپتی اور شکر ایک راس پر ہوئے۔ والو ایسی ایسی پرکش بچے نہ کوئے۔

کرتری یوگ

سنیچر اور راہو ایک راس میں اکٹھے ہو جائیں تو اس کو کرتری یوگ کہتے ہیں سلطنی راہو یدپی میں ایک راس پر آن پر راجوں میں یدھ ہوئے۔

مینیجر عالم جنرل

पंचांग दिवाकर कार्यालय, अड्डा होशियारपुर, जालन्धर से प्राप्त होने वाली सर्वोपयोगी पुस्तकें

ज्योतिष तत्त्व (गणित खण्ड)
ज्योतिष तत्त्व (फलित) [प्रकाशनाधीन]
वर्षफल चन्द्रिका
वृहद् पराशर होरा शास्त्रम् (भा० टी०१,२,
मानसागरी (भा० टी०)
बृहजातकम् (भा० टी०)
बृहज्योतिष सार (भा० टी०)
जातक भरणम् (भा० टी०)
फलदीपिका (फलित) गोपेश कुमार
भृगु संहिता (फलित) बड़ी
भृगु संहिता (फलित) मध्यम्
करमविपाक (भा० टी०)
ज्योतिष सर्व संग्रह
कबाला अंक रहस्य
द्वादश फलादेश विज्ञान
महादशा विज्ञान
मुहूर्त चिन्तामणी (भा० टी०)
रत्न ज्योतिष विज्ञान
ज्योतिष और रत्न
विश्व के भाग्यवानों की कुण्डीलयां
ताजिक नीलकण्ठी (भा० टी०)
जातक दीपिका
लग्न चन्द्रिका (भा० टी०)
भुवनदीपक:
हनुमान ज्योतिष
चमत्कार चिन्तामणी
सामुद्रिक शास्त्र
हस्त रेखा विज्ञान
हस्त रेखा विज्ञान
हस्त रेखाएं और आप
रेखाएं बोलती हैं
लघु पराशरी
तनुभाव प्रकाश
जन्मपत्री दर्पण
भारतीय ज्योतिष
फलित दर्पण
भावकुतुहल प्रश्न भास्कर
मूक प्रश्न ज्योतिष
भृगु सूत्रम
भारतीय ज्योतिष शास्त्र
ज्योतिष शास्त्र
भारतीय ज्योतिष विज्ञान
कुण्डली विज्ञान
पुराने पंचाग (१९९१ से २००४ तक)
संवत् २००५ से २०२० तक
कर्मठगुरु:

ज्योतिष और व्यवसाय का चुनाव
जन्माङ्ग पत्रिका
ज्योतिष और रोग
अनिष्ट ग्रह और उपाय
रत्न परिचय और चिकित्सा
रत्न और रुद्राक्ष
फलित ज्योतिष विज्ञान
ज्योतिष और जन्मलग्न
आपकी राशी
राशीफल (सम्पूर्ण) [हिन्दी-पंजाबी]

शीघ्र वोध
भारतीय कुण्डली दर्पण
मुहूर्त ज्योतिष विज्ञान
हस्त रेखा विज्ञान और पंचागुली
वर्षफल विचार
गोचर ज्योतिष
वर्षफल जन्मपत्री दर्पण
स्वप्न ज्योतिष
स्वरोदय विज्ञान
शकुन और स्वप्न
स्वप्न विज्ञान
फल प्रकाश
अंक ज्योतिष
अंक विद्या
अंक विज्ञान
वृहद अंक ज्योतिष
सरल अंक ज्योतिष
आपका जन्मदिन
आपके सितारे
विवाह और ज्योतिष
मंत्र और ज्योतिष
ज्योतिष रहस्य
फलित ज्योतिष
तुलसी ज्योतिष
त्रिसूक्तम्
श्रीसूक्तम्
ज्योतिष जगत्
ज्योतिष योग रत्नाकर
वर्ष प्रबोध
लघु जातकम्
ज्योतिष की सुनहरी किताब (I)
वर्ष पत्री दीपक
ज्योतिष सार संग्रह
प्रश्न ज्योतिष
चमत्कार ज्योतिष

यंत्र-मंत्र-तंत्र सम्बन्धी पुस्तकें

मंत्र महाविज्ञान
तंत्र महाविज्ञान
तंत्र महा साधना
वृहद स्तोत्र रत्नाकर
यन्त्र शक्ति
मन्त्र शक्ति
मन्त्र विज्ञान
तन्त्र विज्ञान
मन्त्र शक्ति से कामना सिद्धि
श्री दुर्गा साधना तंत्र
श्री विद्या षोड्सी तन्त्र सिद्धि
महा इन्द्रजाल (बड़ा)
महा इन्द्रजाल
असली प्राचीन इन्द्रजाल
वृहद् इन्द्रजाल
गणेश साधना तन्त्र
काली सिद्धि
गायत्री महाविद्या
लक्ष्मी सिद्धि
लक्ष्मी तन्त्र
यंत्र महा सिद्धि
मन्त्र प्रयोग
महामृत्युञ्जय प्रयोग
मन्त्र सागर
वशीकरण सिद्धि
मनोकामना सिद्धि
मोहनी मन्त्र
मनोकामनना पूर्ण यन्त्र
मंत्र शक्ति से रोग निवारण
मंत्र महोदधि
यन्त्र सिद्धि रहस्य
चमत्कारी मंत्र साधना
तान्त्रिक अष्ट सिद्धियां
जादूगरी शिक्षा
कामाक्षा मंत्र
चीन०बंगाल का जादू
उल्लू तंत्र
कौआ तंत्र
दक्षिण का जादू
यंत्र-मंत्र-तंत्र

मंगाने का पता—जनरल बुक डिपो,
अड्डा होशियारपुर, जालन्धर-८।
नोट—कृपया प्रत्येक आर्डर के साथ 150 रु० पेशगी M.O. द्वारा अवश्य भेजें।— धन्यवाद।

عِلمُ التسخیرات

عملیات نقش تعویذات !!

عملیات نقش اور تعویذات کا اثر وقت کے سعد و نحس ہونے اور تاثیرات حروف کے سعد و نحس دیکھنے میں بہت اثر رکھتا ہے عمل پڑھتے وقت یا تعویذ لکھنے کے وقت اس امر کا خیال رکھ لینا چاہیئے کہ جو عمل شروع کیا جائے۔ اس میں پہلے ان قاعدوں پر عمل رکھے۔ اُس کے بعد اُس کا عمل کرے۔ کیونکہ عملیات نقش اور تعویذات میں سماوات و بروج اور ترکیب نوشت و خواند کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ جو عمل اور تعویذ وغیرہ اوقات معینہ پر ترکیب سے پڑھے و لکھے جاتے ہیں۔ وہ مطلب کو حاصل پاتے ہیں اگر اس کی ترکیب میں کسی طرح کا فتور یا بے اعتدالی پائی جائے تو اس کے اثر میں ضرور نقص ہو جاتا ہے جس طرح دوائیوں میں ترکیب کو دخل ہے۔ اسی طرح سے ہر ایک عمل میں سعادت و نحوست کا دارو مدار قدرت نے گردش کواکب و بروج نظرات و ترکیب نوشت و خواند پر قائم کر رکھا ہے۔ جس کی تاثیرات وقت کو دیکھ کر اس کے عامل اپنے مقصد میں فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

ترکیب نقش اور تعویذات

جب کوئی نقش یا تعویذ لکھنا ہو تو لکھنے کے وقت ساعت عطارد یعنی بدھ کی ساعت میں اس کے لئے قلم بنانا مفید ہے اور زحل یعنی سنیچر کی ساعت میں دشمن اور مقدمہ کے واسطے اور قمر یعنی چندرماں کی ساعت میں تسخیر دوستی و ترقی دولت و رزق کے لئے قلم بنا کر لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔ نقش آبی کو سیاہی سے لکھنا چاہیئے نقش آتشی کو بھیم سینی کافور اور نیلے رنگ کی سیاہی سے پُر کرنا چاہیئے نقش خاکی اشٹ گندھ سے لکھنا چاہیئے۔ اور بادی کو سُرخ صندل سے لکھنا مفید اور پُر تاثیر ہوتا ہے۔

اشٹ گندھ:۔ سفید چندن۔ لال چندن۔ مشک کافور۔ کیسر۔ اگر۔ تگر۔ نگر اور کستوری اور خس یہ چیزیں ملا کر تعویذ لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔

ترقی اور بلندی مراتب

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۳	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اس نقش کی تاثیر سے عامل تمام سال دُنیاوی مشکلات سے محفوظ ہو کر کاروبار میں ترقی اور ہر کام میں فائدہ اُٹھائے گا۔ اس کو اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

قرض سے نجات ہو

۷۹۵	۵	۳۹	۶۶۳
۳۷	۶۷	۸۹	۶۵
۶۸	۱عہ	۳	۸۸
عہ	۸۷	۶۶	عہ۴

اس نقش کو چاند کے پکش کے شروع میں منگلوار یا اتوار کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھے اس نقش کے رکھنے سے روزگار میں ترقی ہوگی۔ اور قرض ادا ہو جائے گا۔

فتح اور مرتبہ بلندی کے لئے

۵	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

جب کوئی مقدمہ یا کسی دشمن سے تکرار رہتا ہو تو اس نقش کو اشٹ گندھ سے بروز منگلوار لکھ کر گلے میں ڈال لیویں کامیابی ہوگی۔

مفید اور کار آمد جنتر

سنتان کے لئے

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۰	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

جب کسی کے ہاں لڑکا نہ ہوتا ہو یا سنتان ہو کر گذر جاتی ہو۔ تو اس نقش کو لال چندن سے لکھ کر حاملہ کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ مراد پوری ہوگی ÷

راج دربار میں عزت کا جنتر

۵۶	۶۲	۲	۷
۶	۳	۶۰	۵۹
۶۲	۵۷	۸	۱
۴	۵	۵۸	۶۱

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۶۲	۶۹	۲	۶
۶	۳	۶۸	۶۵
۶۸	۶۳	۸	۱
۴	۵	۶۴	۶۷

سرب سدھی جنتر

۸۱	۹۲	۲	۸
۷	۳	۸۵	۸۴
۸۶	۸۴	۹	۱
۴	۶	۸۴	۸۷

درد دور کرنے کا جنتر

۳۱	۲۸	۲	۸
۷	۳	۳۵	۳۴
۳۷	۳۷	۴	۱
۴	۶	۳۳	۳۶

نظر نہ لگنے کا جنتر

۷۳	۸۱	۳۳	۴۲
۹۸	۸۳	۹	۱۱
۲۵	۳۷	۴۹	۵۰
۴۵	۲۷	۹	۱

بلوان ہونے کا جنتر

۷۲	۷۹	۲	۸
۷	۳	۶۲	۷۵
۷۰	۷۳	۹	۱
۴	۶	۷۴	۷۷

پیڑا دور ہونے کا جنتر

۶۵	۷۲	۲	۷
۶	۳	۶۹	۶۸
۷۱	۶۶	۸	۱
۴	۵	۷۸	۶۷

سب کاج سدھ ہوں

۸	۱۵	۲	۸
۷	۳	۱۱	۱۰
۱۳	۹	۹	۱
۴	۶	۹	۱۲

گربھ رکھشا جنتر

۲۴۲	۲۴۱	۲۴۰	۲۳۹
۲۳۸	۲۳۷	۲۳۶	۲۳۵
۲۳۴	۲۳۳	۲۳۲	۲۳۱
श्री	ह्रीं	[illegible]	[illegible]

گمشدہ کا پتہ معلوم کرنا

ایک کورا گھڑا جس پر کوئی کالا داغ نہ ہو لے کر اس کے پیڑا اور بیچ یہ نیچے لکھا ہوا منتر لکھیں۔ وہ منتر کو کاغذ پر لکھ کر گھڑے میں ڈال دو۔ اور ساتھ ہی چار پیسے تانبے کے ڈال دیویں۔ گھڑے کو ڈھکنا دیکر بائیں طرف گھمائیں۔ اور ساتھ یہ منتر پڑھیں:۔

ऐं اینگ	ह्रीं ہرینگ	क्लीं کلینگ
डा ڈا	मुं منڈ	चा چا
यै یئے	वि وی	च्चे چچے
گمشدہ ہوئے شخص کا نام		

"اوم۔ اینگ۔ ہرینگ۔ کلینگ چہ۔ منڈا بیئ وچے۔ گھڑے کو سات بار گھما کر گھڑے کو علیحدہ رکھ دو۔ سات دن تک ایسا کرنے سے وہ آدمی واپس آ جاوے گا۔ یا چٹھی آ جاوے گی۔ گمشدہ کا نام نیچے لکھیں۔ اس منتر کو سفید کاغذ پر لکھ کر چرخے کے ساتھ اُلٹا بھی گھما سکتے ہیں۔

برہم منتر:۔ "اوم سچد یدکم۔ برہم" یہ منتر سب منتروں میں سریشٹ ہے اور دھرم ارتھ کام اور موکش کا دینے والا ہے۔ اور من کی کامنائیں پوُرن ہوتی ہیں ÷

نوٹ: منتروں کے متعلق زیادہ جانکاری کے لئے ہمارے ہاں سے منتر لکشمی نام کی کتاب منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

جنم کنڈلی میں گرہوں کے یوگ

جنم کنڈلی میں بعض وقت دو تین اور چار گرہ ایک جگہ اکٹھے ہو جاتے ہیں جن کو یوگ کہا جاتا ہے۔ پراچین گرنتھوں سے دستیاب بعض لوگوں کے وچار پھل یہاں درج کئے جا رہے ہیں۔ ان کا ثمرہ بیان کرتے وقت وہ جس راشی اور گھر میں گرہ پڑے ہوں۔ ان کا لحاظ رکھا جانا چاہئے۔

(پنالال جیوتشی)

1۔ اجر (رجو) یوگ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب رہ چر راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص دیش پردیش می گھومنے والا، سخت مزاج، قریبی اور بری چال وحکمت سے کام کرنے والا ہوتا ہے۔

۲۔ مؤسل یوگ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر (غیر متحکم) راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص بڑا پرتاپی شبھ آچار (اچھے چال چلن) والا بہادر اور ہر ایک کا غم خوار ہوتا ہے۔

۳۔ نل یوگ جنم کنڈلی کے اندر اگر سب گرہ استھر سبھاؤ راشیوں میں پڑے ہوں تو وہ شخص استری اور دھن دولت سے خوشحال اور فارغ البال ہوتا ہے۔

۴۔ سنیاس یوگ کیندر یا تکون میں چار یا چار سے زیادہ گرہ واقع ہوں تو سنیاس یوگ ہوتا ہے۔ وہ شخص سادھو یا فیقروں کے بریقہ میں زندگی بسر کرنے والا ہوتا ہے۔

۵۔ بجر یوگ جنم لگن اور ساتویں گھر میں اشبھ گرہ بلوان ہوں اور چوتھے و دسویں گھر میں پاپی گرہ پڑے ہوں تو اس یوگ میں اس شخص کی زندگی پہلی اور پچھلی عمر میں خوشی اور فائدہ ملتا ہے۔ درمیانی زندگی جوانی کی حالت میں دکھ رنج اور تکلیفات کو بھوگتا ہے۔

۶۔ شنکھ یوگ چھٹے گھر کا سوامی اور پانچویں گھر کا سوامی اہم مرکز میں بیٹھے ہوں اور لگن کا سوامی بلوان ہو تو اس کا نام شنکھ یوگ ہوتا ہے۔ لگن اور دشم کا سوامی کیندر میں واقع ہوں اور نہم بھاؤ کا سوامی بھی ساتھ ہو تب بھی شنکھ یوگ ہوتا ہے۔ شنکھ یوگ میں جنم لینے والا شخص عیش و عشرت کا دلدادہ، تعلیمیافت، استری، پتر اور فارغ البال ہوتا ہے۔ ایسا شخص شاستر کے گیان اور وچار والا اور راشی برس تک عمر والا ہوتا ہے۔

۷۔ شکٹ یوگ لگن اور ساتویں گھر میں سپورن گرہ واقع ہوں تو شکٹ یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں جنم لینے والا روگی، کھوٹے مزاج والا، غریب، دوستوں اور رشتہ داروں سے محروم، کم عقل اور محنت و شفقت کر کے روزی کمانے والا ہوتا ہے۔

۸۔ اقبال یوگ چندرماہ سے ساتویں گھر میں شکر ہو تو وہ شخص مالدار ہو، برہسپت، بدھ، شکر کیندر میں ہو تو بڑا خوش نصیب ہو، کیندر میں کوئی شبھ گرہ نہ ہو تو منحوس ظالم اور بدنصیب ہو، چاروں کیندروں میں کوئی گرہ نہ ہو تو ایسا شخص بدنصیب ہوتا ہے اور عموماً پریشان رہتا ہے۔

۹۔ کاہل یوگ جس شخص کے جنم لگن میں ساتویں اور تیسرے گھر کے مالک آپس میں مرکزی مقام پر واقع ہوں اور لگن کا مالک بلوان ہو تب کاہل یوگ ہوتا ہے اگر چوتھے گھر کا مالک اور دشیش (مالک خانہ دہم) ایک ساتھ ہوں اور چوتھے گھر کا مالک اپنی اوچ راشی یا شبھ گھر میں پڑا ہو تب بھی کاہل یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں جو شخص جنم لیتا ہے وہ بڑا شوریر، بہادر، پراکرمی، ہٹ اور ضد پر قائم رہنے والا ہوتا ہے۔ تھوڑی بات پر اپنا ارادہ نہیں بدلتا۔ صاحب جائیداد اور خوشحال ہوتا ہے۔

۱۰۔ کورم یوگ جس کنڈلی کے پانچویں، چھٹے اور ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں اور اپنے اوچ متر کے نواس و راشی میں پڑے ہوں، تیسرے و گیارھویں استھان میں پاپی گرہ پڑے ہوں اور وہ متر کے گرد اوچ راشی میں پڑیوں تو کورم یوگ ہوتا ہے۔ جو شخص کورم یوگ میں پیدا ہوتا ہے وہ ہر دلعزیز، شہرت یافتہ اور زمین پر حکومت کرنے والا (راج بھوگنے والا) ہوتا ہے ایسا شخص بڑے کرموں والا، پراکرم اور گنوں کے کارن پردھان، پنڈت اور سکھی ہوتا ہے وہ شخص اپنی بانی سے اُپکار کرنے والا اور راجیہ سمان سکھ بھوگنے والا ہوتا ہے۔

۱۱۔ لکشمی یوگ اگر کسی شخص کی جنم کنڈلی میں 9ویں گھر کا مالک کیندر چوتھے و ساتویں گھر میں یا اپنی مول تکون راشیوں کے علاوہ پرم اوچ میں پڑا ہو، لگن کا مالک بلوان ہو تب اس کا لکشمی یوگ ہوتا ہے۔ وہ شخص متعدد اوصاف کا مالک، کئی علاقوں کا سوامی، دیا، پراکرم، بڑے لیش والا اور کام دیو جیسا خوبصورت ہوتا ہے۔ ایسا شخص سمپورن راجوں کے باعث پنڈت اور بہت استری پرشوں کے باعث راجہ ہوتا ہے۔

۱۲۔ ابدیش یاترا یوگ جب آٹھویں گھر میں اور اس کے سوامی گرہ پر پاپی گرہوں کا اثر زیادہ ہوتا ہے تو بدیش جانے کا یوگ بنتا ہے۔ علاوہ ازیں لگن کے سوامی سمیت زیادہ گرہ اگر چر راشیوں میں تیسرے، 9ویں، گیارہویں یا بارھویں گھر میں ہوں تو بدیش یاترا منافع بخش رہتی ہے۔ اس سلسلہ میں دشا، انتر دشا اور گوچر گرہوں کا بھی وچار کر لینا چاہئے۔

۱۳۔ مالا یوگ اگر کنڈلی میں بدھ، برہسپت اور شکر چوتھے ساتویں اور دسویں گھر میں واقع ہوں اور باقی گرہ ان سے مختلف گھروں میں پڑے ہوں تو مالا یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ کے آنے سے وہ شخص مالدار ایک سے زیادہ عورتوں سے محبت کرنے والا اور اعلیٰ افسر ہوتا ہے۔ چناؤ، کمپی ٹیشن وغیرہ میں اکثر و بیشتر کامیاب ہوتا ہے۔

اہلِ اسلام کے مشہور تہواروں اور مہینوں کے مختصر حالات

ماہ مُحرّم الحَرام یہ مہینہ اسلامی سال کی ابتدا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو آخر دن ذی الحجہ (اسلامی سال کا آخری مہینہ) اور اوّل دن محرم الحرام کا روزہ رکھے وہ پورے سال کے روزہ رکھنے والوں کے برابر ثواب پائے۔ چاہیئے کہ ذی الحجہ کی ۲۹ تاریخ کو روزہ رکھے، اگر ۲۹ کا چاند نہ ہو تو ۳۰ کو بھی روزہ رکھے پھر پہلی محرم الحرام کو روزہ رکھا یہ مہینہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے مہینوں میں نیکی کا ثواب عظیم ہے مگر گناہ کا عذاب بھی اسی قدر ہے۔ اس ماہ میں خوب ایثال و ثواب کرنا چاہیئے اپنے گھر کے مرحومین اور خصوصاً شہیدانِ کربلا و دیگر بزرگانِ دین کو اس کا ثواب پہنچانے پر دس گنا اجر ملتا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ مجھے اللہ پر گمان ہے کہ عاشورہ کا روزہ ایک سال کے گناہ مٹا دیتا ہے اور عاشورہ محرم الحرام کی دسویں کو کہتے ہیں۔

صَفَرُ المُظفّر اکثر لوگ ماہِ صفر المظفر کو منحوس مانتے ہیں، کوئی نیا کام نہیں کرتے اور کچھ لوگ آخری چہار شنبہ یعنی بدھ کو خوشی مناتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس دن صحت ہوئی تھی۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دونوں باتیں غلط ہیں۔ احادیث سے ثابت ہے کہ نہ یہ مہینہ منحوس ہے اور نہ اس میں شادی کرنا منع ہے نہ مکان کی تعمیر اور نہ ہی کوئی نیک کام باعث تکلیف ہے۔ بلکہ یہ ہے کہ حضور صلی علیہ وسلم کے مرض میں اضافہ ہوا تھا اس لئے چاہیئے کہ مسلمان اس رات کو عبادات، نوافل و تلاوت قرآن میں گذاریں۔

رَبیعُ الاَوّل یہ بڑا مبارک مہینہ ہے۔ اس مہینہ کی بارھویں شب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ اس پورے مہینہ میں رضائے الٰہی کے لئے وعظ، لنگر، میلاد، نوافل و خیرات، تلاوت قرآن کریم میں پورا ماہ گذاریں اور بکثرت درود و جمعہ پڑھیں کہ اس کا ثواب بے حد اور فوائد کثیر ہیں۔

رَبیعُ الآخِر یہ مہینہ سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے منسوب ہے۔ اس ماہ کی ۱، ۳، ۵، ۷، ۹، ۱۱ تاریخوں میں سے کسی شب کو صلوٰۃ غوثیہ پڑھنے سے حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

جَمادی الاَوّل ۔ جَمادی الآخِر ان دونوں مہینوں کی شروع میں جو عمل بھی عامل بننے کے لئے کیا جائے اور زکوٰۃ ادا کی جائے تو وہ عمل ضرور کامیاب ہوتا ہے اور عامل کے عملیات زود اثر ہوتے ہیں۔

رَجَبُ المُرَجّب یہ برکت کا مہینہ ہے اس کی ۲۷ویں شب میں حضور پُر نور کو معراج ہوئی اور اسی موقع پر نماز فرض ہوئی۔ اس ماہ کے ایک روزہ کا ثواب سال بھر کے روزوں کے برابر ہے۔ اسلئے ۲۷ رجب کو روزہ رکھنا چاہیئے۔

شَعبانُ المُعظّم حضورؐ فرماتے ہیں شعبان میرا مہینہ ہے جس نے اس کا احترام کیا اس نے میرا احترام کیا۔ اس ماہ میں ایک رات شب براۃ کے نام سے مشہور ہے اس رات کی عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی راتوں کی عبادت کے برابر ہے۔ اس شب مردوں اور بزرگوں کی قبروں پر جا کر ایثال و ثواب کرنا چاہیئے تاکہ مردے بخشش دیئے جائیں اور بزرگوں سے فیض حاصل ہو۔

رَمضانُ المُبارک یہ بڑا مبارک مہینہ ہے اس ماہ میں مسلمان روزہ رکھتے نماز پنجگانہ ادا کرنا، زکوٰۃ دینا ساتھ ہی ساتھ تراویح پڑھتے ہیں اس ماہ میں قرآن کریم نازل ہوا تھا۔ رمضان کے بعد یکم **شوالُ المکرّم** کو روزہ ختم ہونے کی خوشی میں عید منائی جاتی ہے۔ اس ماہ میں فطرہ اور خیرات دینے کا بڑا اجر و ثواب ہے۔

ذیقعدہ یہ اللہ کا مہینہ ہے اس میں خیرات، یتیموں، فقیروں و مسکینوں کو کھانا کھلانا چاہیئے۔ **ذی الحِجّہ** اس ماہ میں حج کا فریضہ ادا کیا جاتا ہے۔

پانچ تُڈ د بجز د تیتھ ...
مہورات۔ چیت شدی یکم اکھیشہ تیج دجیہ دشمی (دسہرہ) دیوالی کی شام اور بسنت

میری قسمت آجکل کیسی ہے؟

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ میری قسمت آجکل کیسی ہے تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حروف شمار کر لو اور اسوقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اسوقت ہو اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں لے کر جمع کریں بعد ازاں ۲ اعدد قانون کے اس میں اور جمع کر دیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ سے تقسیم کر دیں اگر باقی ایک ہے یا ۳ یا ۵ رہے تو تمہاری طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ باقی رہیں تو نحوست گزر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امیدیں بر آئیں گی۔ اگر ۶ باقی رہیں تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہوا ہے۔ اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آجکل کمزور ہے جس کام میں ہاتھ ڈالوگے اس میں نقصان اٹھاؤ گے۔ اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے

اعداد یوم

اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	شنیچروار
۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

ناظرین: خدا کے سوائے غیب کی خبر کوئی نہیں جانتا مگر دل کے اطمینان کے لئے یہ طریقہ اور حساب تجربہ کیا جا رہا ہے جو اکثر معیار پر پورا اترا ہے اس پر سو فیصدی یقین نہ کر لینا تو بہتر نہیں ہوگا۔ حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی اس کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ مذکورہ نقشہ میں سات سیاروں کے نام درج ہیں۔ فال دیکھنے سے پہلے قل ھو اللہ شریف تین بار پڑھکر حاملہ کسی ایک خانہ میں انگلی رکھے اور نیچے نقشہ میں اسکی تاثیر دیکھیے

۱ شمس، ۲ قمر، ۳ مریخ، ۴ عطارد، ۵ مشتری، ۶ زہرہ، ۷ زحل

۱	شمس	تمہیں مبارک ہو۔ تمہارے ہاں انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا
۲	قمر	تمہارے ہاں خدا نے چاہا تو لڑکی ہونے کی امید ہے۔
۳	مریخ	اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے لڑکا دے گا۔ مگر غصہ والا ہوگا۔
۴	عطارد	انشاء اللہ لڑکی ہوگی، جو خوش نصیب ہوگی۔
۵	مشتری	لڑکی ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ
۶	زہرہ	لڑکی ہوگی۔
۷	زحل	حمل خالی جائے گا۔ اندیشہ ہے۔

نو گرہ جنتر

اوم ہرینگ سوریائے نمہ	اوم ہرینگ گوروے نمہ	اوم ہرینگ شکرائے نمہ
اوم سوم سومائے نمہ	اوم ہرینگ بدھائے نمہ	اوم ہرینگ شنیچرے نمہ
اوم ہرینگ بھومائے نمہ	اوم ہرینگ راہوے نمہ	اوم ہرینگ کیتوے نمہ

اس جنتر کو نو گرہ استوتر کا پاٹھ کرنے کے بعد آٹھ دھاتوں کی پلیٹ پر کھدوا کر یا اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر نوروز عالم کے دن یا روی پکھ، گورو پکھ وغیرہ شبھ مہورت تیار کر کے اپنے پاس رکھنے سے نو گرہوں کے ناقص اثر کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے

سنواله سوا ( ) ۱۵۱ سال کا بے نظیر کیلنڈر رجسٹرڈ

جب کسی سن اور مہینے میں کسی تاریخ یا وار معلوم کرنا ہو تو نقشہ نمبر (۱) صدی کے سامنے اور نقشہ نمبر ۲ سن کے نیچے دیکھیں۔ کونسا حرف ہے پھر اس حرف کو مطلوبہ مہینے کے نیچے دیکھیں اور اس خانہ کے سامنے اور تاریخ کے نیچے آپ کا مطلوبہ وار نکل آئے گا۔ صدی میں لیپ سال ۲۹ دن کا ہو جاتا ہے۔ مثلاً ہم کو ۲۰ ستمبر ۱۹۹۵ کو دیکھنا ہے کہ کونسا وار ہوگا۔ اب ہم نے نقشہ نمبر ۱ سن ۱۹۰۰ کے سامنے اور ۹۵ کے نیچے دیکھا۔ تو وہاں 'ا' لکھا ہے، اور نقشہ نمبر ۳ میں ستمبر کے نیچے (ا) دیکھا۔ اب نقشہ ۴ میں 'ا' کے سامنے اور ۲۰ تاریخ کے نیچے دیکھا تو وہاں بدھوار لکھا ہوا ہے یعنی ۲۰ ستمبر ۹۵ کو بدھوار ہوگا۔ اس طرح آپ اپنے مطلوبہ وار اور تاریخ مندرجہ نقشوں کی مدد سے بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔

صدی کے درمیانی سال (۲)				۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
پوری صدی				۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰	۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵
				۵۶	۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰	۸۱	۸۲	۸۳
(۱)				۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹	۹۰	۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۹۰۰	۲۳۰۰	۲۷۰۰	۳۱۰۰	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج	ا	ز	د	ه	ج	ب	ا	ز	ه	ط	ج	ب
۱۸۰۰	۲۲۰۰	۲۶۰۰	۳۰۰۰	ه	ط	ج	ب	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج	ا	ز	د	ه	ج	ب	ا	ز
۱۷۰۰	۲۱۰۰	۲۵۰۰	۲۹۰۰	ج	ب	ا	ز	ه	ط	ج	ب	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج	ا	ز	د	ه
۱۶۰۰	۲۰۰۰	۲۴۰۰	۲۸۰۰	ا	ز	د	ه	ج	ب	ا	ز	ه	ط	ج	ب	ز	د	ه	ط	ب	ا	ز	د	ط	ج	ب	ا	د	ه	ط	ج

(۳)

جنوری	فروری	جنوری	مئی	جون	فروری	ستمبر
اکتوبر	مارچ	اپریل				
	نومبر	جولائی			اگست	دسمبر

کوئی بھی شتابدی بدھ، شکروار، اتوار کو شروع نہیں ہوتی۔ اکتوبر کا مہینہ اسی دن سے شروع ہوتا ہے جس دن جنوری، اپریل اور جولائی شروع ہوتا ہے

ا	ط	ز	ب	ه	ج	د
ب	ه	ا	ج	د	ط	ز
ج	د	ب	ط	ز	ه	ا
ط	ز	ج	ه	ا	د	ب
ه	ا	ط	د	ب	ز	ج
د	ب	ه	ز	ج	ا	ط
ز	ج	د	ا	ط	ب	ج

(۴)

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
۲۹	۳۰	۳۱	۰	۰	۰	۰
اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار
شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار
ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار
بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار	منگلوار
منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار	سوموار
سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار	اتوار

مکان بنانے یا خریدنے کے وقت خیال کرنے کی باتیں

(۱) مکان کے اندر داخل ہونے کے لئے سب سے بڑا دروازہ پورب (مشرق) کی جانب ہو تو سب سے اچھا ہوگا۔ ہر وقت لوگوں کا آنا جانا یعنی تانتا لگا رہے اور ہر طرح کے سکھ سادھن مہیا ہوتے رہیں گے۔

(۲) اگر مغرب کی جانب بڑا دروازہ ہو تو دوئم درجہ کا اچھا اثر ہوگا۔ منصوبوں میں کامیابی ہوگی مگر دیری اور اڑچنوں کے ساتھ۔

(۳) اگر مکان کا دروازہ جنوب (اتر) کی جانب ہو تو بہت اچھا اثر رہے گا۔ ترقی کے راستے کھلے رہیں گے۔ (۴) اگر مکان کا دروازہ دکن کی جانب ہو تو برے اثر کو دینے والا ہوگا۔ عورت کے لئے دکھ، فوجداری ہونے کا ڈر، آگ اور قدرتی آفات بنی رہیں گی

گرہوں کے انسانی زندگی پر اثرات

شمش یعنی سورج

یہ ستارہ برج۔ اسد یعنی سنگھ راس کا مالک ہے جن لوگوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۱۰۔۱۔۱۹ تا ۲۸ تاریخ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی سورج ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے۔ انہیں شہرت پسند' غصیلا' خوردار' ظریف الطبع' ذہین اور دیانتدار ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ اگر کوئی احسان کیا جائے۔ تو وہ اس کا معاوضہ ادا کرنے کا بیحد خواہش مند ہوتا ہے۔ دنیاوی نفاست حسن و خوبصورتی۔ تعلقات۔ شاعری علم موسیقی اور مناظر قدرت سے اس بہت رغبت ہوتی ہے۔ بڑا دانشمند صاحب عزت و جائیداد کا مالک ہوتا ہے۔ پختہ ارادہ کا مالک جس کام کو ہاتھ میں لیتا ہے۔ فتح و ترقی سے سرانجام دیتا ہے۔ وہ ٹھنڈک تازہ ہوا کو بہت پسند کرتا ہے، رہائش اسے اعلیٰ روشنی والے گھروں میں بے حد پسند ہے۔ یہ حسب کتاب المبین دین میں ماہر اور کامیاب ہوتا ہے۔ خلاف مرضی بات پر جلد ناراض بھی ہوتا ہے۔ ان لوگوں کو رہ زیادہ مدد دیتا ہے۔ جن کا ستارہ پیدائش کے وقت چندرماں یا برہسپت ہوتا ہے۔

مشتری یعنی برہسپت

یہ ستارہ برج توس اور حوت یعنی دھن اور مین راس کا مالک ہوتا ہے جن کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۳۔۱۲۔۲۱۔۳۰ تاریخ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی برہسپت ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہے وہ بڑا فیاض، زندہ دل اور خوش مزاج ہوتا ہے حکومت و اقتدار کا شائق اور دوسروں کے دلوں کو فتح کر کے حکومت کرنے کی پیدائشی قابلیت کا مالک ہوتا ہے۔ اس کو مثل مصاحب عالم فاضل۔ زاہد اہل خزانہ اور صاحب اعتبار۔ عابد۔ سخی اور شیریں صاحب یدبیر۔ عاقل اور بااختیار لوگوں سے تعلق رکھتا ہے۔ دنیاوی شہرت، راحت و اطمینان سے زندگی بسر کرتا ہے۔ بہت دانشمند۔ زبردست حکمت عملی اور بے نظیر دماغی قابلیت و جائیداد کا مالک ہوتا ہے۔ لذیذ غذاؤں کا خواہش مند۔ مذہب کا شیدا اور عزیز اقارب سے محبت اور نیک سلوک کرنے والا متقی۔ بزرگوں اور ذی عزت لوگوں سے میل ملاقات رکھے۔ دوسروں کی مدد کے لئے ہر وقت مستعد اور کوشاں رہتا ہے۔

قمر یعنی چندرماں

یہ ستارہ برج سرطان یعنی کرک راس کا مالک ہے جن کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۲۔۱۱۔۲۰۔۲۶ تاریخ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی چندرماں ہوتا ہے وہ شخص اس کی تاثیر سے قوت خیال کی بہت اظہار دیتا ہے۔ اس کے اندر قدرتی مناظر کا شوق۔ خوبصورتی کا احساس اور شاعری مصیف کی طرف رغبت زیادہ پائی جاتی ہے۔ حلیم الطبع۔ کم گو۔ شیریں سخن اور ملنسار ہوتا ہے۔ دوسروں کی نکتہ چینی کو پسند نہیں کرتا۔ شدھ پاکیزہ بدن۔ سفید پوش۔ شیریں غذا کا شائق۔ ہمدرد اور پوتر خیالات کا مالک ہوتا ہے۔ ذمہ داریوں کو محسوس نہیں کرتا۔ مزاج بادی ملٹی چہرہ مستطیل۔ گوری رنگت سے یحت ہوتا ہے۔ سمندر کا مد و جذر۔ باغ دریاؤں کا نظارہ پسند کرتا ہے۔ روشنی کو زیادہ وقت نہیں دیتا۔ وہ اندھیرے کو پسند کرتا ہے۔ علمی تحقیقات میں اس کی رچی ہوتی ہے۔ کوئی کام بلا سوچے سمجھے نہیں کرتا۔ اس قسم کے لوگوں کو وہ آدمی زیادہ مدد دیتا ہے۔ جن کا ستارہ سورج اور برہسپت ہوتا ہے۔ ان تاریخوں میں جس کی پیدائیش ہو وہ بدیش جانے کی خواہش کم رکھتا ہے۔

زہرہ یعنی شکر

یہ ستارہ برکھ اور تلا راس کا مالک ہے جس شخص کا جنم کسی انگریزی مہینہ کی ۹۔۱۵۔۲۴ تاریخ کو ہوا ہو اس کا ستارہ بھی شکر ہوتا ہے جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے وہ عام طور پر بڑے وفادار محبت کرنے والے رحمدل اور خوش مزاج ہوتے ہیں۔ اس کا قومی عالت میں واقع ہونا۔ مرد عور ، کی باہمی محبت کا نشان پایا گیا ہے۔ عشق و محبت کی طرف ان کی رغبت ہوتی ہے۔ لباس عمدہ۔ گوری رنگت۔ حسن اخلاق سے پر ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑے سے دُور بھاگتا ہے اس کو جوہری سوداگر۔ ارباب نشاط اور خوبصورت عورتوں سے بہت تعلق رکھتا ہے۔ اس کی گھریلو زندگی بالعموم خوشگوار ہوتی ہے۔ خود غرض بالکل نہیں ہوتا۔ عورت اور اولاد کا بہت خوائش مند ہوتا ہے۔ خوبصورتی اور محبت اس کا ستارہ ہے۔ جو اچھی چیز زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے اس پر اس کا پیدائشی حق ہے آرٹ کے کاموں میں رچی رکھے۔ کھانسی اور اور روگ کا شکار رہے۔

مریخ یعنی منگل

یہ ستارہ برج حمل۔ عقرب میکھ اور برچھک راس کا مالک رہتا ہے۔ جن آدمیوں کی پیدائش انگریزی مہینہ کی ۹۔۱۸۔۲۷ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی منگل ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت منگل بلوان ہوتا ہے ان میں زندگی خاص قابلیت پائی جاتی ہے ایسا آدمی بے خوف۔ حوصلہ مند۔ وفادار۔ اپنی دھن کا پکا اور مستقل مزاج ہوتا ہے۔ جھگڑے سے ہمیشہ بچتا ہے لیکن جب کوئی خواہ مخواہ چھیڑے تو پھر ہزاروں بار اس سے توبہ کر دم لیتا ہے۔ زندگی کے جس شعبہ میں وہ کام کرتا ہے یہ اس میں دوسروں کی رہنمائی کا حصہ اختیار کر ہے۔ اراضیات کا مالک بڑا رئیس اور سپہ سالار جنرل فوجی افسران۔ حکام۔ امیر الامرا اور کارخانوں سے اس کا تعلق رکھتا ہے۔ دوسروں کی نکتہ چینی اسے پسند نہیں آتی۔ ہمیشہ اپنی رائے مقدم تصور کرتا ہے۔ سرخ رنگت۔ مائل سفیدی۔ ہمیشہ پرزور خونی مزاج ہوتا ہے۔ ایسا شخص بہت مضبوط۔ طاقتور اور پکے ارادے کا انسان ہوتا ہے۔ وعدہ اور اقرار سے مکرتا نہیں جنگ و جدل اور لڑائی فساد کے کاموں میں اس کا دل سخت ہوتا ہے۔ جوش میں آکر وہ جلد اپنا رویہ بدل لیتا ہے جاکم بننے کا شوق رکھتا ہے۔

زحل یعنی سنیچر

یہ ستارہ برج جدی اور دلو یعنی مکر اور کمبھ راس کا مالک ہوتا ہے۔ جس شخص کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۸۔۱۷۔۲۶ تاریخ کو ہوتی ہے اس کا ستارہ بھی شنی ہوتا ہے اس کا انسانی قسمت پر بڑا بھاری اثر ہوتا ہے۔ اس کا انسانی قسمت پر بڑا بھاری اثر ہوتا ہے۔ جو قسمت کی حالت کو بدل دیتا ہے۔ جس شخص کے زائچہ میں یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے۔ وہ شخص ترقی۔ کامیابی و مرتبہ بہت جلد حاصل کر لیتا ہے اس کو مثل چودھری، پنچ اور تعلقہ دار اور رئیس و مالک آراضیات و مہتم صاحب خزانہ اور جاگیرات سے تعلق رکھتا ہے۔ بڑا ہوشمند اور دوراندیش ہوتا ہے۔ اس میں انتہائی آزادی اور زیادہ بولنے کی طرف رغبت پائی جاتی ہے خاموشی و کم گفتگو کو پسند زیادہ کرتا ہے۔ زیادہ بولنے والوں سے اسے نفرت ہوتی ہے۔ اس کو زیادہ بولنے والوں سے نفرت ہوتی ہے۔ ارادے کا پکا۔ اور اپنے آپ پر بھروسہ رکھنے والا ہوتا ہے۔ لکھنے پڑھنے میں زیادہ وقت دیتا ہے۔ زراعت دیہات کی بود و باش پسند کرتا ہے۔ گرمی سردی اس کے لئے منظر ہوتی ہے۔

عطارد یعنی بدھ

یہ ستارہ عقل دلیل۔ سوچ وچار علم اور ترقی سے منسوب ہے اور برج جوزا اور سنبلہ یعنی متھن اور کنیا راس کا مالک ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۸۔۱۳۔۱۴ تاریخ کے دن ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی بدھ ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ بلوان ہوتا ہے۔ وہ دنیاوی ضرورت بہت عقل و دور اندیشی اور حکمت عملی سے کام لیتا ہے سنجیدگی اور داناؤں کی رغبت۔ ہنرمندی اور تجارت کی ملاقات اس میں زیادہ پائی جاتی ہے۔ بیوپاری۔ سوداگر اور اہل قلم۔ گنت ریاضی کے کاموں میں ماہر سرشٹ بدھی چوکھونٹی مربعہ مشکلات کو جلد سمجھنے والا نکتہ دان، حسن الرائے اور علم الرائے عالم فاضل اور باتدبیر ہوتا ہے۔ حکیم منجم صفت لوگوں سے اس کا واسطہ اور تعلق ہے۔ تصنیف۔ مصوری اور آرٹ وغیرہ کے کاموں میں بہت دلچسپی پاتے ہیں اولاد سے سکھ پاتے ہیں۔ رہائش اس کی اندھیرے میں اچھی معلوم نہیں دیتی۔ جن لوگوں کا ستارہ پیدائش سورج۔ سنیچر ہوتا ہے ان کی مدد کرتا ہے۔

راہو کیت

راہ متھن وکنیا راس کا مالک ہے جس کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۴۔۳۔۲۲ تاریخ کو ہوتی ہے اس کا ستارہ بھی راہو ہوتا ہے۔ اس ستارہ کی پیدائیش والا شخص بہت طاقتور ہوتا ہے۔ گو اچانک واقعات ہو جانے سے بلاوجہ کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔ جن لوگوں کا یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے۔ وہ شخص کئی کاموں پر اپنی آمدن کا ذریعہ دیکھتا ہے۔ ایک کام چھوڑ کر اچانک دوسرا شروع کر دیتا ہے۔ اس پر سوریہ کی روشنی بہت جلد اثر دیتی ہے۔ گرمی کو بیحد کم برداشت کرتا ہے۔ سفر کا اچانک پیش آنا اچانک مہزہ زار کو زیادہ پسند کرتے ہیں کیت ستارہ کو برج قوس اور حوت یعنی دھن اور مین راس سے تعلق رکھتا ہے۔ جن کی پیدائیش کسی انگریزی مہینہ کی ۷۔۱۶۔۲۵ کو ہوتی ہے۔ ان کا ستارہ بھی کیتو ہوتا ہے۔ یہ لوگ سمندر یاترا ارتھات پانی کے بڑے شوقین ہوتے ہیں۔ عجیب سوبھاؤ ہوتا ہے۔ جن کا ستارہ پیدائش چندرماں ہوتا ہے ان کی مانند ان کی زندگی زیادہ تر بسر ہوتی ہے۔

دن رات کے سیارگان کی روزانہ ساعات

ساعتیں دن اور رات میں بارہ ہوتی ہیں۔ اگر دن میں سیاروں کی ساعت معلوم کرنی ہو تو مقدار دن کو ۱۲ پر تقسیم کردو۔ جو باقی بچے وہ ایک سیارہ کی ساعت ہوگی۔ ساعت کا وقت طلوع آفتاب سے شمار ہوگا۔ شبھ گرہ کی ساعت شبھ پھل اور اشبھ گرہ پھل دیتی ہے۔

رات کی ساعت	دن کی ساعت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بدھوار	اتوار	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر
ویروار	سوموار	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج
شکروار	منگلوار	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	بدھ	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر
سنیچروار	بدھوار	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل
اتوار	ویروار	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ
سوموار	شکروار	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت
منگلوار	سنیچروار	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر	بدھ	چندر	سنیچر	برہسپت	منگل	سورج	شکر

سیاروں کی ساعت میں کیا کام کرنا چاہیئے؟

ساعت زحل یعنی سنیچر :۔ اس کی ساعت میں عمارت بنوانا۔ درخت اور باغ لگوانا۔ چاہ اور حوض کھدوانا۔ صلح و شرکت کا معاملہ اختیار کرنا۔ دشمنی اور ہلاکت کے لئے نقش اور تعویز لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا۔ بچہ بد حال منحوس اور کرپن ولالچی ہوتا ہے۔ ساعت شمس یعنی سورج :۔ اس کی ساعت میں حکام سے ملاقات کپڑا زیورات اور ضروریات کا طلب کرنا فصد کھلوانا۔ سفر کو جانا۔ محبت دوستی صحت اور دولت کے لئے تعویذ لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بڑا دوراندیش دراز عمر دولت مند و خوشحال ہوتا ہے۔ ساعت قمر یعنی چندرماں :۔ اس کی ساعت میں تعمیرات عمارت حوض وغیرہ باغ اور زراعت علاج معالجہ شادی وغیرہ کا پیغام بھیجنا دوستی محبت کے لئے تعویذ لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بڑا خوش قسمت ہوتا ہے۔ ساعت مریخ یعنی منگل :۔ اس کی ساعت میں دشمن سے مقابلہ جنگ اور لڑائی کرنا موزوں ہے۔ شبھ کاموں کے لئے نحس ہے۔ بغض و حسد و ہلاکت دشمن کے لئے تعویذ اور عمل لکھنا مفید ہے۔ اس ساعت میں پیدا ہونے والا بچہ ظالم ہوتا ہے۔ ساعت عطارد یعنی بدھ :۔ اس کی ساعت میں علاج دوائی وغیرہ کرنا لڑکے کو مکتب بٹھانا تعلیم حاصل کرنا۔ کنواں باؤلی کھدوانا۔ عمارت بنوانا۔ خرید و فروخت کرنا۔ کپڑا بنانا بنوانا زبان بندی اور خواب بندی کے لئے تعویذ لکھنا اور حاکمان واہل قلم سے کوئی حاجت طلب کرنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بچہ بڑا عالم نیک ہوتا ہے۔ ساعت مشتری یعنی برہسپت :۔ اس کی ساعت شادی بیاہ اور حکام سے ملاقات کپڑا پہننا فصد کھلوانا۔ مجلس منعقد کرنا۔ خرید فروخت دوستی کے لئے تعویذ لکھنا اور عمل کرنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں پیدا ہونے والا بلند اقبال ہوتا ہے۔ ساعت زہرہ یعنی شکر :۔ اس کی ساعت میں شادی نکاح دوستی عشق و محبت علاج صحت و تندرستی۔ خرید و فروخت کا کام کپڑا سلانا یا پہننا اور عمل حب دوستی و خواب بندی کے لئے نقش و تعویذ لکھنا مبارک ہے۔ اس کی ساعت میں جو فرزند پیدا ہوتا ہے وہ نیک سخت خوش قسمت اور صاحب مال اور دولت مند اور اقبال مند و ذی مرتبہ اور گانے و دیا کا بہت شوقین اور دلدادہ ہوتا ہے۔

<u>روگ ناڑی چکر</u> :۔ اگر کسی مریض کے متعلق جاننا ہو کہ اس کا روگ دور ہو جائے گا۔ یا مرتیو ہو جائیگی تو اس کے متعلق نقشہ ذیل میں دیکھو اگر سورج پچھتر یعنی جس پچھتر پر سورج ہو، دن پچھتر جنم پچھتر اور نام پچھتر سب ایک ہی ناڑی میں آجائیں تو روگی کی مرتیو ہو جاتی ہے۔ اگر مختلف ناڑیوں میں آجائیں تو روگی صحت یاب ہو جائیگا۔

<u>ناڑی اول</u> :۔ ارادا۔ دونوں بھالگنی۔ انورادھا۔ جیشٹا۔ دھنیشٹا۔ ستبھکا۔ بھرنی اور کرتیکا۔

<u>ناڑی دوم</u> :۔ پنربس۔ مگھا۔ ہست۔ بشاکھا۔ مولا۔ شروِن۔ پوربا بھادرپد۔ اشنی۔ روہنی

<u>ناڑی سوم</u> :۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ چترا۔ سواتی۔ پوربا کھاڑا۔ اترا کھاڑا۔ اترا بھادرپد۔ ریوتی۔ مرگشر

مہورت چوگھڑیا برائے سفر

اگر بروقت یاترا سفر یا کسی نیک کام کے وقت مہورت نیک نہ بنتا ہو اور جانا بھی ضروری ہو تو اس چوگھڑیا مہورت دیکھ کر سفر اختیار کرنا چاہئے۔ جس دن مہورت چوگھڑیاں دیکھنا ہو اس دن دنمان ۸ پر تقسیم کرنے سے جو گھڑی پل برآمد ہوں گے وہ ایک حصہ کی مقدار ہوگی۔ اسی طرح راتری مان کو ۸ پر تقسیم کرکے جو گھڑی پل برآمد ہوں وہ ایک حصہ مقدار رات کی ہوگی۔ کال اُدیگ اور روگ ناقص ہوتے ہیں۔ امرت لابھ شبھ اور چر شبھ ہیں۔

دن کا چوگھڑیا مہورت

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
اتوار	لوبیگ	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ	اوبیگ
سوموار	امرت	کال	شبھ	روگ	لوبیگ	چر	لابھ	امرت
منگلوار	روگ	لوبیگ	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ
بدھوار	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ	لوبیگ	چر	لابھ
ویروار	شبھ	روگ	لوبیگ	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ
شکروار	چر	لابھ	امرت	کال	شبھ	روگ	اوبیگ	چر
سنیچروار	کال	شبھ	روگ	لوبیگ	چر	لابھ	امرت	کال

رات کا چوگھڑیاں مہورت

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
اتوار	شبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	اوبیگ	شبھ
سوموار	چر	روگ	کال	لابھ	لوبیگ	شبھ	امرت	چر
منگلوار	کال	لابھ	لوبیگ	شبھ	امرت	چر	روگ	کال
بدھوار	لوبیگ	شبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	اوبیگ
ویروار	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	لوبیگ	شبھ	امرت
شکروار	روگ	کال	لابھ	لوبیگ	شبھ	امرت	چر	روگ
سنیچروار	لابھ	لوبیگ	شبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ

چندرماں کی سواری دیکھنے کا طریقہ

ایک شخص رام لال کی تلا راس اور سواتی پچھتر ہے اور یکم جنوری ۱۹۶۱ء کو آردرا پچھتر میں سفر کرنا چاہتا ہے۔ سواتی پچھتر سے آردرا پچھتر تک شمار کیا تو ۱۹ آیا۔ اس کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی ایک رہا۔ اب نقشہ ذیل میں دیکھا تو گدھا کی سواری ہوئی جو دہشت اور فکر دینے والی ہے۔

چندراسوار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
نام سواری	گدھا	گھوڑا	ہاتھی	مینڈھا	گیدڑ	شیر	کوا	مور	ہنس
خاصیت	دہشت اور فکر ہو	دولت کا فائدہ ہو	دشمن کی بردمی ہو	خوف وخطر تکلیف ہو	روزگار میں تنزل ہو	مرتبہ بلند فائدہ ہو	پریشانی وحیرانی ہو	فرحت وصال دوست	زیادہ فائدہ طبیعت خوش ہو

چندرماں و سورج پچھتروں میں کیا کام کرنا چاہیئے۔

سفر یاترا اور شبھ کاموں کے شروع کرتے وقت دھرم ارتھ کام اور موکش ایسے چار قسم کے پچھتروں کا وچار کرلینا ضروری ہے۔ اگر بروقت یاترا سورج دھرم پچھتروں میں اور چندرماں ارتھ موکش پچھتروں میں پڑا ہو تو یاترا شبھ پھل دینے والی ہوتی ہے۔ اگر اس کے برعکس پچھتروں میں ہو تو اس کا پھل ذیل میں ملاحظ کریں دھرم پچھتر ۔اشنی۔ پکھ۔ اشلیکھا۔ بشاکھا۔ انورادھا۔ دھنشٹا۔ ستبھکا۔ ارتھ پچھتر :۔ بھرنی۔ پنربس۔ مگھا۔ سواتی۔ جیشٹا۔ شرون۔ پوربا بھادرپد۔ کام پچھتر :۔ کرتیکا۔ آردرا۔ پوربا بھالگنی۔ چترا مولا۔ ابھیجت۔ اترا بھادرپد موکش پچھتر :۔ روہنی۔ مرگشر۔ اترا بھالگنی۔ ہست پوربا کھاڑا۔ اترا کھاڑا۔ ریوتی۔

سورج	چندرماں	کیفیت سفر
دھرم پچھتر میں	ارتھ یا موکش پچھتر میں	شبھ ہوتی ہے
ارتھ پچھتر میں	دھرم یا موکش پچھتر میں	شبھ پھل ہوتا ہے
کام پچھتر میں	دھرم یا موکش پچھتر میں	اچھا پھل ہوتا ہے
موکش پچھتر میں	دھرم پچھتر میں	فائدہ مند ہے
دھرم پچھتر میں	دھرم پچھتر میں	ناقص ہوتی ہے
دھرم پچھتر میں	کام پچھتر میں	ناچالی رہے
ارتھ پچھتر میں	ارتھ پچھتر میں	تکلیف دہ ہو
ارتھ پچھتر میں	کام پچھتر میں	رکاوٹ دینے والی
کام پچھتر میں	کام پچھتر میں	خطرہ دشمن ہو
موکش پچھتر میں	ارتھ پچھتر میں	شبھ دائیک ہو
موکش پچھتر میں	کام پچھتر میں	پریشانی ہو
موکش پچھتر میں	موکش پچھتر میں	رنج ہو

اہل اسلام کے مقدس عرس اور تیوہار وغیرہ

محرم الحرام

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	نیا اسلامی سال شروع۔ وفات حضرت عمر فاروق	۱۶	عرس مولنا شمس الدین دھلوی
۲	عرس کرم علی شاہ تیونیل بمبئی	۱۷	وفات سیدنا زین العابدین
۳	〃 حضرت معروف کرخی بغداد شریف	۱۸	عرس سید حسین شاہ سات تارہ بمبئی
۴	〃 خواجہ شرف الدین منگلور	۱۹	〃 مولنا عبد الحق بھوپال
۵	〃 بابا فرید الدین گنج شکر پاک پٹن	۲۰	〃 صابر بخش دریا گنج دہلی
۶	〃 وفات حضرت زکریا علیہ السلام	۲۱	〃 بھولو شاہ قلندر دہلی
۷	〃 شاہ آفاق مہرولی شریف، دہلی	۲۲	〃 شاہ جمال رائے چور
۸	〃 پیدلا و شاہ بمبئی	۲۳	〃 فرید میاں چشتی احمد آباد
۹	〃 خواجہ گل محمد احمد آباد	۲۴	〃 شاہ انور علی کاکوئی
۱۰	〃 یوم عاشورہ	۲۵	〃 شاہ قادری احمد نگر
۱۱	〃 خواجہ براہیم قادری بیجاپور	۲۶	〃 شاہ محمد واصل در صورت
۱۲	〃 فاتحہ شہدائے کربلا	۲۷	〃 مخدوم اشرفی کچھوچہ شریف
۱۳	〃 وفات شہید ملت مولنا محمد علی جوہر	۲۸	〃 وفات مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
۱۴	〃 مولنا شمس الدین تحیی چشتی	۲۹	〃 حکیم سید حسن علی ناسک
۱۵	〃 عین الحق بدایونی	۳۰	〃 مولانا صاحب باندرہ بمبئی

صفر المظفر

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس میراں داتار	۱۶	عرس عاطق شاہ ڈونگری
۲	عرس جمال اللہ شاہ رام پوری	۱۷	عرس پیر سید احمد دروکالی
۳	〃 کریم شاہ سورت	۱۸	عرس داتا گنج۔ بخش لاہور
۴	〃 صورتی محلہ	۱۹	〃 مولنا عبد الحق بھوپال
۵	〃 بابا فرید شکر گنج	۲۰	〃 صابر بخش دریا گنج دہلی
۶	〃 خواجہ مسکین شاہ	۲۱	〃 جلال الدینؒ دہلی
۷	〃 شیخ شاہ اللہ تولنہ شریف	۲۲	〃 حضرت ذوق دہلویؒ
۸	〃 محمد حمد السلام	۲۳	〃 حضرت شاہ بلائی احمد آبادؒ
۹	〃 جسالی محلہ	۲۴	〃 سید امیر علیؒ
۱۰	〃 شاہ عبد الرحیم	۲۵	〃 سید امیر علیؒ
۱۱	〃 بابا فریدیؒ	۲۶	〃 مخدوم جہانیان جہاں گشت
۱۲	〃 کالے صاحب دہلی	۲۷	〃 حضرت حدو الصاتانی
۱۳	〃 امام علی سیالکوٹی	۲۸	〃 مولنا میر علی شاہ کانپور
۱۴	〃 مولنا فخر الدینؒ دہلی	۲۹	〃 میاں میرؒ لاہور
۱۵	〃 عاطق شاہ ڈونگری	۳۰	〃 خواجہ بہادر الدین ذکریا ملتانیؒ

ربیع الاول

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس پیر محمد افضل خدا انماد ہلی	۱۶	عرس پیر سید قادری در قلابہ
۲	عرس مولنا عاشق شاہ بخاری	۱۷	عرس سید غوث شاہ پانی پت
۳	〃 شیر محمدؒ	۱۸	عرس نور قطب عالم
۴	〃 سورتی محلہ	۱۹	〃 حضرت صادق حسین در ناسک
۵	〃 علاء الدین صابر کلیر شریف	۲۰	〃 مولانا شاہ سین فرخ نگر
۶	〃 خواجہ منتخب الدین ورنگ آباد	۲۱	〃 مولنا عبد الخالق محدث دہلوی
۷	〃 شیخ شاہ اللہ تولنہ شریف	۲۲	〃 فضل الرحمن
۸	〃 آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں داخل ہوئے	۲۳	〃 شیخ کلیم اللہ جہان آبادی
۹	〃 مفتی یعقوبؒ دہلی	۲۴	〃 حضرت جعفر دیوان
۱۰	〃 صوفی سرمد شہید دہلی	۲۵	〃 سید مقبول شاہ
۱۱	〃 مولانا الحق میراں دہلی	۲۶	〃 بو علی شاہ قلندر پانی پت
۱۲	〃 عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۲۷	〃 شیخ پیر حسن گجراتی
۱۳	〃 میر مشتاق سعید آباد	۲۸	〃 خواجہ مخدوم نظام الدین اورنگ آباد
۱۴	〃 خواجہ بختیار کاکیؒ دہلی	۲۹	〃 نار شاہ ولی
۱۵	〃 نظام الدین گنجویؒ	۳۰	〃 مخدوم صاحب

ربیع الثانی

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس قادر شاہ روی ناگور شریف	۱۶	عرس فتح شاہ دربار گل کوٹ
۳۔ اگر راج محل کا نشان ہو تو ایسی عورت چکرورتی راجہ کی رانی ہوتی ہے۔ شنکھ، چھتر اور کچھوے کے نشان والی عورت راج ماتا ہوتی ہے۔ ہاتھی، گھوڑے، بیل، مندر اور وجر نشان والی عورت دھرماتما ہوتی ہے اور وہ دان پتر کو جنم دینے والی ہوتی ہے۔

۴۔ جس عورت کے ہاتھ میں ترازو کا نشانہ ہو، وہ بیوپاری کی پتنی ہوتی ہے۔ ہل یا گاڑی کے نشان والی عورت کسان کی بیوی جبکہ چامر، انکش اور دھنش کے نشان ہونے پر ایسی عورت ضروری طور پر راج رانی ہوتی ہے۔ ترشول، گدا، تلوار شکتی والی ہونے اور دان دینے سے شہرت حاصل کرتی ہے۔ اسی طرح شبھ دیگر نشانات ہونے سے وہ عورت رانی کرتی ہے، ماہر تعلیم اور پردھان منتری ہو سکتی ہے۔

۵۔ ہاتھ میں گیدڑ، مینڈک، بچھو، سانپ، گدھا، اونٹ اور بلی وغیرہ کا نشان ہونے سے وہ عورت دوسروں کو دکھ دینے والی بد قسمت ہوگی۔

ہاتھ میں تل کا نشان

تل کا نشان جس ریکھا یا پربت پر ہوگا اس کے شبھ پھل کو دوگنا کر دیتا ہے بالخصوص داہنے ہاتھ میں جو کہ مٹھی کے اندر پڑ جاتا ہے، تو ایسا تل لاثانی دھن دولت اور جائیداد دینے والا ہوتا ہے۔ وہ اپنے خاندان اور حالات کے مطابق ضروری طور پر دولت حاصل کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ میں تل ہونے سے خرچ میں اضافہ کر کے دکھ تکلیف اور پریشانی لانے والا ہوتا ہے۔

گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں

موجودہ تاریخ وار اور نکشتر کی تعداد کا جوڑ (میزان) کر کے جو تعداد حاصل ہو۔ اس میں موجودہ پہر کی تعداد بھی جمع کر لیں۔ کل جوڑ کو ۸ سے ضرب دے کر ۷ سے تقسیم کر دیں، اگر باقی ایک بچے تو کھوئی ہوئی چیز زمین میں گاڑی ہوئی سمجھیں دو بچیں تو گمشدہ چیز کسی برتن میں رکھی ہوئی سمجھیں۔ ۵ بچیں تو گمشدہ چیز بھوسے میں چھپائی سمجھیں۔ ۶ باقی بچیں تو گمشدہ چیز گوبر میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔ ۷ بچنے پر گمشدہ چیز راکھ میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔

نوٹ:۔ موجودہ دن کے طلوع آفتاب سے آئندہ دن کے طلوع آفتاب تک ۸ پہر ہوتے ہیں۔ ہر دن کے ۴ پہر اور ہر رات کے ۴ پہر ہوتے ہیں۔

خیر اندیش۔ مصنف:

پنڈت پنا لال جیوتشی جالندھر۔

بارہ گھروں میں نوگرہ کا مختصر پھلادیش

خانہ جات	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہو کیتو
خانہ اوّل	فکر طبیعت میں رنج خرچ کی زیادتی	دھن لابھ اور کوئی خوشی کا موقعہ ملے	دردسر آنکھوں میں تکلیف دل کو رنج و غم	دلیری، خوشی کلامکشاکشی آرام	ترقی ہنر حصول علم کا شوق مذہبی دلچسپی	راگ رنگ کا شوق دشمن کا ناش	جسم کو تکلیف تند مزاج۔ دل کو رنج	جسم کو تکلیف خرچ زیادہ دل کو رنج
خانہ دوم	مال دولت کیطرف فکر اور خرچ زیادہ	روزگار بہتر، تجارت سے فائدہ ہو	آمدن کم و خرچ زیادہ جسم روگی	زر و مال کی ترقی اور ہر طرف فائدہ	زر و مال کی بہتری سواری کا سکھ	دولتمند ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ	خرچ کی ترقی لابھ کم اور نقصان	دھن کا نقصان آمدن کم اور خرچ زیادہ
خانہ سوم	جانور محبت دشمن۔۔ ن دل کو خوشی آرام ملے	جسمانی آرام، بھائی سے محبت اور خوشی ہو	بھائیوں کا سکھ صاحب تدبیر واقبال مند ہو	بھائیوں اور مخالفوں پر غالب رہے۔	بدرجہ اوسط فائدہ بھائیو کی طرف سے نااتفاقی	بھائیوں کا سکھ کمد شمنو پر فتحیابی اور غالب رہے	بھائیو سے خوشی روزگار میں فائدہ صحت اچھی	تندرستی اور فائدہ روزگار بھائیوں سے سکھ، خوشی لابھ
خانہ چہارم	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے جھگڑا	گردش زمانہ اور لڑائی جھگڑا و تکرار پیدا ہوں	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے تنازعہ	والدین سے رنج اور بگاڑ پیدا کریگا دھن کا خرچ بڑھیگا	خویش و اقارب بگاڑ ہر کام میں نقصان۔	والدین سے رنج، دشمن سے خوف زر کا نقصان	خوف دشمن لڑائی جھگڑا والدین سے رنج تکلیف	خوف دشمن والدین سے رنج لڑائی جھگڑا ہوگا۔
خانہ پنجم	اولاد سے رنج پہنچے مگر عقل کی ترقی ہو۔	بدرجہ اوسط فائدہ دھن کا سکھ، گھر میں مایوسی	زر کا خرچ کاروبار میں ہانی، اولاد سے رنج ہو	اولاد کی خوشی عزت کی ترقی اور اقبالمند ہو	اولاد کا سکھ اور خوشی شوہر کی طرف سے بہتری	اولاد کا سکھ کشائش رزق اور آرام ملے	اولاد کیطرف سے خوف دل کو فکر و رنج ہو	اولاد کیطرف سے رنج اور فکر و تکلیف پیدا ہو۔
خانہ ششم	دشمن کا ناش دلکو راحت اور کوئی خوشی ملے	دشمن کا خوف گردش میں مبتلا اور لڑائی جھگڑا	دشمن کا ناش دل کو خوشی ترقی رزق مرتبہ بلند	دشمن کا ناش اور بیماری کی شکائت رہے۔	خوف دشمن جسم کو تکلیف درد کمر کی شکائت۔	خوف دشمن دل کو رنج اور زر کا نقصان ہو	دشمن کا ناش دل کو خوشی حب مراد کامیابی	دشمن کا ناش دل کو خوشی اور آرام ملے۔
خانہ ہفتم	آزار کم عورت کو تکلیف اور دل کو رنج	بہتر روزگار خوشی کامیابی عورت سے محبت	عورت سے رنج تکلیف دلی امیدوں میں کامیابی	عورت سے محبت و بہتر روزگار اور کشائش	عورت کا سکھ اور ہر طرح سے نئے کام میں فائیدہ	عورت کا سکھ بہت محنت سے فائدہ لابھ	عورت سے رنج غم اور تکلیف پہنچنے کا خوف	عورت سے رنج و تکلیف اور تنازعہ ہو۔
خانہ ہشتم	جسم کو تکلیف بیماری اور جدائی	ہر کام میں تکلیف خوف آزار کلیش	جسم کو کلیش دردسر اور دلکو رنج	جسم تکلیف اور بخار کی شکائت۔	شریر کو تکلیف اور فکر اندیشہ	طبیعت کو فکر کلیش چشم اور درد	آزار چشم اور تکلیف میں مبتلا	شریر کو کلیش امراض بادی و بواسیر
خانہ نہم	بدرجہ اوسط روزگار اور سفر دراز میں توجہ کم کرے	دلی مراد حاصل ہو اور دھرم کرم میں توجہ بڑھے	بیماری مور دلکو غم اور دھرم کرم میں توجہ کرے۔	قسمت یاور اور روزگار اچھا۔ دھرم میں توجہ رہے۔	دوستوں سے ملاپ روزگار کی بہتری نیک کام میں توجہ	روزگار کی بہتری عبادت اور نیک کام میں توجہ ہو	بدرجہ اوسط فائدہ دھرم میں توجہ کم اور خرچ زیادہ ہو	کھوٹے کرموں میں رغبت اور کمینے خیالات پیدا ہوں۔
خانہ دہم	کشائش رزق راج دربار سے فائدہ	زر و مال کی ترقی راج دربار سے فائدہ	تکلیف دور ہو۔ روزگار میں ترقی	عزت و مرتبہ بلند راجدربار کامیابی	مرتبہ زیادہ دشمن ناش اور کامیابی	دھن سکھ و راجدربار میں عزت	دلی مراد حاصل ہو امرتبہ زیادہ	بدرجہ اوسط فائدہ مگر سفر اور رنج۔
خانہ گیارھواں	دشمنوں کا ناش اور ہر طرح سے فائدہ ملے	حب المراد کامیابی اور کاروبار میں فائدہ	ہر طرح فائدہ ترقی روزگار حب المراد کامیابی ہو	ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے	ترقی اور مرتبہ بلند حب المراد کامیابی۔	دھن لابھ صاحب تدبیر اور مرتبہ بلند	ترقی روزگار ذی مرتبہ اور اقبال مند ہو۔	صاحب مرتبہ ترقی روزگار اور ناموری پیدا کرے
خانہ بارھواں	امراض چشم۔ دھن کا نقصان اور خرچ بڑھے	دل کو مایوسی اور زر کا نقصان ہو سفر پڑے۔	جسم کو تکلیف خرچ کی زیادتی دھن ہانی و رنج	دھن کا نقصان اور خرچ کی زیادتی رہے	شریر کو کلیش اور تکلیف خرچ زیادہ	زر کا نقصان خوف دشمن اور دلکو رنج	شریر کو تکلیف اور دھن کا نقصان	روزگار کا نقصان بیماری اور دشمنی پیدا کرتا ہے۔

دشا شول وچار

مندرجہ ذیل واروں اور پچھتروں میں ان کے سامنے والی دشامیں سفر کرنے سے دشاشول کادوش لگتاہے۔ ان دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کااندیشہ ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشاشول کچھ حد تک دور ہو جاتا ہے۔ جیسے اتوار کو گھی سوم وار کو دودھ کھیر۔ منگلوار کو گڑ بدھ وار کو تیل وتِل ویروار کو دہی شکروار کو کچادودھ یاجون سنیچروار تل وماش (اڑد) کو کھاکراس دشامیں سفر کرنے سے دشاشول نہیں رہتاہے۔

نقشہ دشاشول وپچھتر شول

نام وار	دشاشول	پچھتر خاص میں دوش
سنیچروار	مشرقی (پورب)	جیشٹا
منگلوار۔ بدھوار	شمال (اُتر)	اتراپھالگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پورباپھادرپدا
شکروار۔ اتوار	مغرب (پچھم)	روہنی
بدھ وار۔ سنیچروار	مشرق شمال (پورب اتر)	جیشٹا۔ اتراپھالگنی
بدھوار۔ اتوار	شمال۔ مغرب اُتر پچھم	اتراپھالگنی
سوموار ویروار	جنوب۔ مشرق۔ دکن۔ پورب	جیشٹا۔ پورباپھادرپدا
ویروار شکروار	جنوب۔ مغرب۔ دکن۔ پچھم	روہنی۔ پورباپھادرپدا

گھوڑے دوڑ میں ہار جیت کاسوال

گھوڑادوڑمیں عموماًپانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد۔ ڈبھرزبا اور کالا۔ دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں۔ جس رنگ کی گولی نکلے اسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی اس رنگ کاگھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج	اتوار	سرخی	بدھ	بدھوار	ڈبھرزبا	شکر	شکروار	سفید
چندر	سوموار	سفید						
منگل	منگلوار	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

میری قسمت آج کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آج کیسی ہے تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حرف شمار کرلو اور اس وقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو۔ اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں۔ لے کر جمع کرلیں۔ بعد ازاں ۲ اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کردیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ پر تقسیم کریں۔ اور اگر باقی ایک یا تین یا پانچ رہیں تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ رہیں تو نحوست گذر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امیدیں بر آئیں گی۔ اگر ۶ رہیں تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہوا ہے اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آج کل بعستہ ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالو گے اس میں نقصان اٹھاؤ گے اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کانشان ہے۔

اعداد یوم

نام مراد	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
اعداد	۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

چاروں یگوں کا بیان

چاریگ ایک بار گذر جانے پر برہماکاایک دن ہوتا ہے۔ انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو سو برس کی ہوتی ہے۔ اس وقت برہما کی آیو پچاس برس گذر کر ۵۱ برس کے پہلے دن کا طلوع ہو کر ۱۳ گھڑی ۴۲ پل ۳ پل ۴۳ پرتی ویل گذر چکے ہیں۔ برہما کے ایک دن میں ۱۴ منو ہوتے ہیں اور ایک منو میں ۷۱ مہایگ ست یگ ہوتے ہیں۔

کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون پچھتر بردھی یوگ میں ست یوگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی تھی۔ اس میں شری وشنو۔ متسیہ۔ کورم۔ وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔ متسیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لاکر دیئے وراہ نے جل ادھار کیا۔ کورم نے پرتھوی کی رکشا کی اور نرسنگھ ہرنیہ کشپ کو مارا۔ اس یگ میں منشیہ کی اوسط عمر ایک لاکھ سال تھی۔ بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ پنیہ ۲۰ دشوے تھے اس میں سورج گرہن بھی ۲۰ ہزار ہوئے۔

تریتا یُگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی پچھتر شوبھن یوگ میں تریتا یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۲۹۶۰۰۰ برس تھی اس یگ میں تین اوتار وامن پرشورام اور رام چندر جی ہوئے ہیں۔ وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا اور بعد میں راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا۔ پرشورام نے گھمنڈی کشتری راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قائم کیا اور رام چندر جی نے راون کو مارا۔ اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی۔ اس میں پنیہ ۱۵ اور دشوے ۵ تھے۔ شریر کی لمبائی ۱۴ ہاتھ تھی سونے کا سکہ چلتا تھا اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں۔

دواپر یُگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنیشٹا پچھتر وریان یوگ میں دواپر یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۸۶۴۰۰۰ برس تھی اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا ادھار کیا۔ اس میں پورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی جسم کی لمبائی سات ہاتھ اس میں پنیہ ۱۰ اور پاپ ۱۰ دشوے تھا اس میں اسوج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے۔

کل یُگ

بھادوں بدی تر ودشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیکھا پچھتر، ق پات یوگ میں کل یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۴۳۲۰۰۰ برس کی ہے اس میں دو اوتار بدھ اور کلکی ہیں ان میں بدھ اوتار تو ہو چکے ہیں۔ جنھوں نے اہنسا کا پرچار کیا۔ منشیہ کی آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے شریر کی لمبائی ۲/۱ ۳ ہاتھ ہے اس میں پنیہ ۵ اور پاپ ۱۵ دشوے ہے۔ اس میں ۴۶ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے اس یگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہوگا۔ تانبے اور نکل کا سکہ چلے گا۔ راجیہ شاسن میں دھرم کا نام نہیں ہوگا۔ لوگوں میں پاپ ورتی اور بھرشٹاچار کی ماترا دھک رہے گی۔

علم ہندسہ کے ذریعہ اپنی قسمت معلوم کرنا

جن لوگوں کو اپنی پیدائش کا صحیح وقت، تاریخ یا سن وغیرہ معلوم نہ ہو تو وہ لوگ علم ہندسہ یعنی مول انک کے ذریعہ اپنے مقدر کا حال جان سکتے ہیں۔ نام راس اور نام کے اکھروں کی بنا پر اپنا مول انک جان کر چھپی ہوئی اپنی قوت (گنوں) کا صحیح طرح سے پتا لگایا جا سکتا ہے۔ اسی کے مطابق زندگی میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ مول انک جاننے کے لئے دو تین طریقہ استعمال میں لائے جاتے ہیں ان میں سب سے آسان طریقہ انگریزی زبان کی بنا پر مول انک معلوم کرنا ہے۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9
S	T	U	V	W	X	Y	Z	R
J	K	L	M	N	O	P	Q	I
A	B	C	D	E	F	G	H	

مثال کے طور پر اگر کسی کا نام راکیش کمار ہے تو اس کا مول ہندسہ اس طرح سے ہوگا۔

RAKESH KUMAR

RAKESH = 9+1+2+5+1+8 = 26 = 2+6 = 8

KUMAR = 2+3+4+1+9 = 19 = 1+9 = 10 = 1

مول ہندسہ (انک) 8+1 = 9

اس طرح راکیش کمار کا مول انک (ہندسہ 9 ہوگا) اسی سے اپنے نام کا مول انک جان سکتے ہیں۔

مول انک (۱) والے شخص

اس ہندسہ کی نمائندگی کرنے والا سورج (آفتاب) ہے۔ یکم ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کر سکتے ہیں۔ انک یکم والوں کو اتوار، منگلوار، شکروار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔۱۹۔۲۲۔۲۸۔۳۱۔۴۹۔۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں۔ ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور پیٹ وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم (۲) کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت متررت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔۳۱۔۳۴۔۴۷۔۳۔ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔ انکو سوموار، منگلوار، اور شکروار مبارک ہوں گے۔

مول انک سوئم (۳) کا پھل

اس انک کا مالک برہسپت ہے اس انک والا شخص دھارمک۔ ایماندار، دیانتدار، دیا اور دھارمک اور اچھے کام کرنے والا ہوگا۔ ان کے لئے ویروار، اتوار اور سوموار مبارک ہوتے ہیں۔ قانون اور قاعدے کے پکے، اعلیٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۳۰۔۳۸، ۳۴ اور ۵۷ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم (۴) کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے، اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں۔ دولت زیادہ جمع نہیں کر پاتے۔ ۴۔۱۳۔۲۲۔۴۔۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہوں گے۔ سنیچر، اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنجم (۵) کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلدباز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔۲۵۔۳۴۔۴۱۔۵۱۔۵۷ ہوتے ہیں۔ بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید، ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے۔ پنا پتھر دھارن کرنے سے فائدہ ہوگا۔

مول انک ششم (۶) کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوبصورتی کو چاہنے والے اصول پسند اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل، جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔۲۴۔۳۳۔۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم (۷) کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاؤک رد و بدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں۔ تنتر اور جادو ودیا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوبصورت کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سوموار، اتوار کے دن اور ہر رنگ مبارک ہے۔ ۱۶۔۲۶۔۳۴۔۴۲۔۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہشتم (۸) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بیوہار کرنے میں ہوشیار، دوراندیش بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند، دوراندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوموار سنیچروار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں۔ زندگی کا ۲۶۔۳۳۔۳۵۔۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم (۹) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار بڑے محنتی۔ تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال و گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑو تا نترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۷۔۲۷۔۳۱۔۳۶۔۴۵ اور ۶۳ ویں سال خاط طور پر زندگی میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

مزید جانکاری کے لئے انک ودیا (Nemerology) کتاب منگوائیں۔ قیمت۔/40

آپ کی زندگی اور رنگ

جس طرح رتنوں میں مبارک اور خوشحال بنانے کی خوبی ہوتی ہے۔ اسی طرح کچھ خاص رنگوں کا بھی انسانی زندگی پر ضرور اثر پڑتا ہے۔ یہ سارا نظارہ ہی رنگوں کا ایک میلہ اور خوبصورت چمن ہے۔ پانی جیسی کچھ گنی چنی ہی چند ایک چیزیں ہوں گی جن کا اپنا اصلی رنگ نہ ہو۔ جن جن چیزوں میں ان کو ڈالا یا ملایا جاتا ہے۔ ان ان چیزوں کے رنگ اختیار کر لیتی ہے۔

نظارہ میں چھ رنگ اہم ہیں۔

۱۔ کالا ۲۔ نیلا ۳۔ ہرا ۴۔ پیلا ۵۔ سفید ۶۔ لال ان کے علاوہ کتھئی، گیروا، جامنی وغیرہ رنگ بھی دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن یہ سبھی اوپر بتائے ۶ رنگوں میں سے کسی دو رنگوں کا ملا کر تیار کئے جاتے ہیں۔ ہر ایک رنگ کی خوبی کیا ہے اس کے مفصل بیان مندرجہ ذیل ہیں۔

کالا:۔ جن کا بھاگیہ انک ۹ ہوگا ان کے لئے کالا رنگ فائدہ مند ہے۔ ایسے آدمیوں کو کالا رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔ مبارک تاریخیں ۹، ۱۸ اور ۲۷ ہیں۔ کم سے کم ان تاریخوں پر تو کالے کپڑے ضرور پہنیں۔ کالے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۶ انک والے آدمیوں کے ساتھ کسی طرح کا میل نہ رکھیں۔

نیلا:۔ جن کا بھاگیہ انک ۳ آتا ہے ان کے لئے نیلا رنگ فائدہ مند ہے نیلا رنگ کا قمیض تو ضرور پہنیں۔ انہیں ۳، ۱۲، ۲۱ اور ۳۰ ان مبارک تاریخوں پر تو نیلے رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔ نیلے رنگ کی سیاہی کا استعمال کریں۔ نیلے رنگ کی مٹھائی کھائیں دیوتا کو نیلے رنگ کے پھول چڑھائیں۔ ۹ بھاگیہ انک والے آدمیوں سے میل جول نہ رکھیں ان کو شنی کے رتن کا استعمال کرنا بھی فائدے مند رہے گا۔

ہرا:۔ جن کا جنم انک ایک ہے ان کے لئے ہرا رنگ فائدے مند رہے گا۔ ان کی مبارک تاریخ ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ہے۔ ان تاریخوں پر ہرے رنگ کے کپڑے ضرور پہنیں۔ ہر تلی بھاجی، ہرے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۷ بھاگیہ انک والے آدمیوں کے ساتھ میل جول نہ رکھیں کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ پنا رتن کا استعمال کریں۔ دولت ملے گی اور کاروبار میں برکت ہوگی۔

پیلا:۔ جن کا بھاگیہ انک ۴ آتا ہے ان کے لئے پیلا رنگ فائدہ مند ہے۔ پیلے رنگ کے کپڑے پہنیں ۴، ۱۳، ۲۲ ان کی مبارک تاریخیں ہیں۔ ان دنوں پیلے کپڑے ضرور پہنیں۔ جن کے بھاگیہ انک ا ہے ان کے ساتھ میل جول نہ رکھیں۔ پکھراج رتن کا استعمال کریں۔

سفید:۔ جن کا بھاگیہ انک ۸ ہے ان کے لئے سفید رنگ فائدہ مند ہے ۸، ۱۷، ۲۶ مبارک تاریخ میں سفید کپڑے ضرور پہنیں۔ دودھ چاول دہی کھائیں اچھدر موتی کی انگوٹھی پہنیں فائدہ ہو۔ جن کا بھاگیہ انک ۵ ہے ان لوگوں سے کسی طرح کا میل ملاپ نہ رکھیں بے عزت ہونا پڑے گا۔ انگوٹھی کے استعمال سے بڑا پن اور دھن بھی ملے گا۔

آپ کا بھاگیہ (نصیب) کب طلوع ہوگا؟

۱۔ بھاگیہ کا مالک دھن بھاؤ میں خزانے کے گھر کا مالک بھاگیہ کے خانے میں گیا ہو تو ۳۲ ویں سال کے بعد بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۲۔ بھاگیہ کا مالک بھاگیہ کے خانہ میں ہو۔ اور بدھ پر اوچیہ راشی میں گیا ہو تو ۳۶ ویں سال کے بعد بھاگیہ کا طلوع ہوگا۔

۳۔ برہسپت بھاگیہ کہ مقام میں گیا ہوا ہے اور اس کا مالک کا کیندر (۱، ۴، ۷، ۱۰) میں ہو تو ۳۰ ویں سال میں بھاگیہ کا طلوع ہوگا۔

۴۔ بھاگیہ کا مالک سورج ہو تو ۲۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۵۔ بھاگیہ کا مالک چندرماں ہو تو ۲۴ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۶۔ بھاگیہ کا مالک منگل ہو تو ۲۸ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۷۔ بھاگیہ کا مالک بدھ ہو تو ۳۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۸۔ بھاگیہ کا مالک برہسپت ہو تو ۱۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۹۔ بھاگیہ کا مالک شکر ہو تو ۲۵ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۱۰۔ بھاگیہ کا مالک سنیچر ہو تو ۳۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۱۱۔ بھاگیہ کا مالک راہو ہو تو ۴۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

نوٹ۔ اوپر لکھے یوگوں کے علاوہ اپنی دشا۔ انتر دشا اور گوچر گرہوں کا خیال بھی کر لینا چاہئے۔

نیاست بکرمی ۲۰٦۰ ۲راپریل بدھوار سے شروع ہورہا ہے۔اسکے متعلق والور ہیمپٹن انگلینڈ (.U.K) سے ہمارے مہربان دوست شری سوہن سنگھ جی نے اپنے دل کے اُدگار روانہ کئے ہیں۔

نئے سمت دی لکھ لکھ بدھائی ہووے

نئے سمت دی لکھ لکھ بدھائی ہووے
پربھو انگ سنگ سدا سہائی ہووے
نیاسمت تندرستی بخشے کل نرناراں نو
سدا خوشیاں رہوے سب دیا پرداراں نو
مُلاپنڈت پانڈے پادری کل گورگرنتھی بھائی
سارے دیشاں وچ پربھووے درباراں نوں
نئے سمت دی لکھ لکھ بدھائی ہووے........
بنگے نیانے جوان بزرگ سیانے امیر غریب
دنیا وچ رہندے وڈے چھوٹے کل نرناراں نوں
ہٹیاں والے منڈیاں والے ملوں والے شہر
پنڈ گاؤں نگر کھیڑے کماں والے زمیداراں نوں
اسکوکالج، یونیورسٹی وچ پڑھنے والے
گیت کارگانے والے کوی کویتر ہنسانے والیوں نوں
جادو منتر تنتر چلانے والے سب اپنے دپیاراں نوں
نیاسمت تندرستی بخشے کل نرناراں نوں
پٹواری اور تحصیلدار ڈپٹی کمشنر گورنر
ایم پرائم منسٹر پارلیمنٹ دے وزیراں دے پرداراں نوں
مکھ منتریاں دی سرکار عہدیدار پنڈاں دے ذیلدار
سرپنچ نمبردار چونکی داراں دے پردراں نوں
راشٹر پتی ملکی انگلینڈ دی کل سرکاراں نو!!
نئے سمت دی لکھ لکھ بدھائی ہووے
(۲) منشی کلرک وکیل کچہری دے جج صاب
اور افسر نوکر جیلی قیدی کل پہریداراں نوں
نئے سمت دی لکھ بدھائی ہووے
چھوٹے وڈے ندی نالے دنیا من دی اپناں دھارک دریاں نوں
چھوٹے وڈے پہاڑ سب تو وڈے سمندر دیوتے غارے نوں
دنیا ترسے ان پڑھ ایناں دے دیداراں
نیاسمت تندرستی بخشے کل نرناراں نو
سدا خوشیاں دیوے سب دنیا دے پرواروں نو

دعاگو سوہن سنگھ ان پڑھ
Sohan Singh Anparh
15.Phoenex St., Wolverhapton
Englnad (UK) 01902-336739

فائیدہ مند ٹوٹکے

۱۔ اگر پاؤں کی انگلیاں گلنے لگیں تو سرسوں کا تیل ملا کر اُوپر مہندی چھڑک دیں اور رات کو لگادیں۔

۲۔ مسوڑھوں کے پھولنے پر تین ماشہ سونٹھ کو ہر دن میں ایک بار پانی کے ساتھ چار دن کھانے سے آرام آجاتا ہے۔

۳۔ ہیضے کے لئے لیمن کا رس اور پیاز کا عرق برابر ملا کر ایک تولہ فی گھنٹہ لینے سے ہیضہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

۴۔ تلسی کے پتوں کا رس ۵ یا ۱۰ بوندیں ہر روز تھوڑے سے پانی میں ملا کر پلانے سے بچوں کی ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔

۵۔ تلسی کے پتوں کو پیس کر لگانے سے بواسیر سے راحت ملتی ہے۔

٦۔ درد کی جگہ پر تلسی کے پتے رگڑنے درد کو فائدہ ہوتا ہے۔

۷۔ یادداشت کے لئے۔ رومی مستی اور شکر برابر لے کر باریک کر لیویں۔ دونوں وقت ٦،٦ ماشہ استعمال کریں۔ یادداشت تیز ہوگی۔

۸۔ سوتے میں ڈرنا۔ بچے کے سرہانے کپڑے میں پھٹکڑی کی ڈالی باندھ کر رکھ دیں تو رات کے وقت ڈرنہ لگے گا۔

۹۔ یادداشت بڑھانے کے لئے ایک اور ٹوٹکا۔ بادام گری ۱۰۰ گرام اور سونف ۱۰۰ گرام۔ دونوں کو باریک کوٹ پیس کر رکھیں۔ ہر روز رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ ۱۰ گرام لیں۔ سر درد دماغی کمزوری دور کرنے اور نظر تیز کرنے کے لئے مفید ہے۔

بیوپار میں کامیابی کے لئے مسلم جنتر

اس جنتر کو نئے چاند کی جمعرات کو شروع کر کے یکصد جنتر روزانہ لکھ کر ان کی آٹے کی گولیاں بنا کر مچھلیوں والے پانی (تالاب۔ نہر۔ دریا وغیرہ) میں ڈال دیں۔ لگاتار ۴۰ روز یہ سلسلہ بلا ناغہ جاری رکھیں۔ جنتر سدھ ہو جائیگا۔ اس جنتر کو شبھ مہورت میں چار الگ۔ الگ کاغذوں پر لکھ کر گتوں پر چپکا کر آفس یا دکان کے چاروں کونوں میں دری یا کالین کے نیچے محفوظ طریقہ سے دھوپ دیکر کے رکھ دیں۔ ایک ہفتہ کے اندر بیوپار میں حیران کن اضافہ ہو جائے گا۔ یہ تجربہ شدہ ہے۔

۷۸٦

۵٦۰	۵۵۵	۵٦۲
۵٦۱	۵۵۹	۵۵٦
۵۵٦	۵٦۳	۵۵۸

خیر اندیش پنڈت پنالال جیوتشی جالندھر

بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو
زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

مفید عالم جنتری جالندھر

ہندوستان بھر میں اپنی
قسم کا پہلا اور مشہور کارخانہ

مفید عالم جنتری پر ایک نظر: سروشکتی مان پرماتما پروردگار کا بار بار دھنیہ واد ہے جسکی اپار کرپا درسٹی سے آج مفید عالم جنتری کو شائع 125 سال ہوگئے ہیں۔اس میں علم جیوتش کے سربستہ رازوں پر سے پردہ اٹھائے نے میں کوئی دقیقہ فرد گذاشت نہیں کیا جاتا۔اس میں کار آمد مضامین اور سال بھر کے تمام اہم وقعات سلیس اور عام فہم پرایہ میں درج ہوتے ہیں۔اس سال سے اسکے مضامین میں اضافہ اور خاص تبدیلی کی گئی ہے۔ناظرین نے اس کس قدر پسند کیا ہے ہم انکی رائے کے منتظر ہیں۔پنالال شرما ایم.اے۔

علم جیوتش و نجوم سے متعلق قابل دید و کار آمد رسالہ جات

آئینہ قسمت (حصہ اوّل)

علم جیوتش کے اس بے نظیر رسالہ میں جنم کنڈلی کے ابتدائی مراتب گرہوں کی تمام حالتیں سپشٹ کرنیکی جدولیں پچھتروں یوگوں اور گرہوں تاثیریں درشٹی نظرات کے اصول اور نیک و بد ثمر بری وضاحت سے درج ہیں۔ جنم پتری تیار کرنے اور زندگی کے رنج وراحت دیکھنے کیلئے پھوٹوسٹیٹ کاپی قیمت /۲۰۰ روپے

لگن آفتاب۔ لگن یا طالع وقت معلوم کرنے کیلئے یہ رسالہ امولک رتن ہے جس سے ہر شخص ہر مہینہ کی ہر ایک تاریخ اور وقت کا لگن بحساب گھنٹہ منٹ اور گھڑی پل ایک منٹ میں بخوبی دیکھ سکتا ہے اسمیں تقریباً ۲۰۰ سے زیادہ شہروں کا تفاوت بھی درج کیا گیا ہے۔ قیمت ۵۰ روپے۔

پرشن آفتاب پرشن کے متعلق وہ عمدہ اصول درج ہیں جن کے دیکھنے سے ہر شخص اپنے وقت مطلوب کی لگن کنڈلی بنا کر ہر ایک کام کے نیک بد انجام سے آگاہ ہو سکتا ہے۔ قیمت فوٹوسٹیٹ/160 روپے۔

گائیتری شکتی گائیتری کے جپ سے ہر قسم کی تکالیف رفع ہو کر انت میں شکتی پراپت ہوتی ہے سنتان کانہ ہونا دشمنوں پر فتح۔ امتحان میں کامیابی مقدمہ میں جیت اور روگوں سے نجات ملتی ہے قیمت ۴۰ روپے

دُرگا پاٹھ دیوی بھگوتی کا روزانہ پاٹھ کرنے کیلئے بیحد مفید کتاب اس میں استری دھن دولت سنتان روگ ناش کے لئے علیحدہ منتر دیئے گئے ہیں قیمت۔

آئینہ قسمت (حصہ دوم)

یہ انسان کی سوانح حیات کا بایں ہمہ رساہ ہے جو بہت سے معزز احباب کی فرمائش سے بہت محنت کے ساتھ عام فہم لکھا گیا ہے اس کا ہر ورق انسانی قسمت کا دفتر ہے اس میں گرہوں کے نیک و بد حالات ہر ایک لگن کے حساب درج کیے گئے ہیں اور نہایت ذُود فہم ہیں۔
پھوٹواسٹیٹ کاپ ۱۹۰ روپے۔

سر رشتہ تقدیر (حصہ اوّل)
اس میں درش پھل بنانے کے اصول اور قواعد نہایت واضح اور بالتفصیل درج ہیں جس سے ہر شخص اپنا درشن پھل خوبنا کر سال بھر کے حالات باسانی معلوم کر سکتا ہے۔ قیمت صرف ۵۰ روپے۔

رسالہ علم النفس
علم النفس (سردھاودیا) کا بے نظیر رسالہ جس کے ذریعہ عامل سروں کی رفتار اور ان کی دائیں بائیں شناخت سو موجودات عالم کے مخفی بھیدوں سے آگاہ ہو جاتا ہے۔
قیمت صرف ۴۰ روپے۔

منتر شکتی آج کل منتر شکتی میں لوگوں کا وشواس کم ہوتا جا رہا ہے۔ کیوں کہ نہ تو منتوں کے جپ کی ودھی بتلانیوالا کوئی ہے نہ راستہ دکھانیوالا گورو لیکن یہ کتاب آپ کو منتروں کے ذریعہ اپنی تمام مشکلات کا حل دکھائی گی۔ قیمت ۴۰ روپے۔
گذشتہ سالوں کی ہندی جنتریاں
۱۹۷۱ء تا ۱۹۸۰ء---۱۹۰ روپے۔
۱۹۸۱ء تا ۱۹۹۰ء---" "

آئینہ قسمت (حصہ سوم)

اس رسالہ میں گرہوں کے نیک و بد پھلادیش اس خوبی سے درج کیے گئے ہیں جس سے ہر شخص جنم کنڈلی دیکھ کر انسان کی قسمت کا فوٹو کھینچ سکتا ہے۔ اس رسالہ میں انسان کی جنم پتری تیار کرنے اور اوقات لگن و رنج وراحت دیکھنے کے لئے بارہ گھروں کے مفصل حالات درج کیے گئے ہیں۔ قیمت-/75روپے۔

سر رشتہ تقدیر (حصہ دوم)
اس رسالہ میں ورش کنڈلی کے گھروں کے یوگ درج ہیں۔ بارہ گھروں کے تفصیل حالات اور سال بھر کے احکام رنج وراحت کا بیاں تصیلی اور وضاحت سے درج ہے۔
قیمت ۴۰ روپے۔

آئینہ فلک آسمانی علامات اور گردش کواکب کی تاثیرات سے سال کے حالات رنج و راحت ابروباراں آندھی غرد غبار جنسوں کی ہندی تیزی قبل از وقت معلوم کر سکتے ہیں۔ قیمت۔۵۰ رپے۔

رسالہ علم کیرل یہ علم راذ کا بے نظیر رسالہ ہے جو غالباً اردو زبان میں آپ کی نظر سے گذرا ہوگا۔ آپ پوشیدہ حالات دریافت کرنے کے لئے دریاف کنندہ سے پھول یا پھل وغیرہ کا نام کہلوا کر حالت بتلا سکتے ہیں۔ قیمت۔
یوگ آسن وپرنایام۔ قیمت ۵۰ روپیہ
گنجینۂ روزگار۔ قیمت ۴۵ روپیہ
سنیاسی ٹوٹکے۔ قیمت ۵۰ روپیہ
بنگال کا جادو قیمت ۵۰ روپیہ

آئینہ قسمت (حصہ چہارم)

اس رسالہ میں بڑی محنت کر کے آیو نکالنے کے طریقے اور گھٹ برگی نکالنے کے سارنیاں اور گھٹ برگی کا پھلادیش۔ استری جالک یوگنی بنشوتری اور راشٹوتری دشا۔ انتر دشا اور پرتینتر دشا نکال کر درج کی گئی ہے۔ اس کے پڑھنے سے ہر شخص پھلادیش معلوم کر سکتا ہے۔
قیمت ۷۵ روپے۔

لکشمی شکتی پراچین گرنتھوں کے آدھار پر لکھی گئی کتاب نوکری روزگار اور کاروبار میں ترقی مرتبہ میں بلندی اور دھن پراپتی کے لئے ایک نایاب تحفہ ہے۔ قرضہ لاٹری و ترقی غرضیکہ ہر مقصد میں کامیابی کے لئے کتاب لکشمی شکتی منگائیں۔ قیمت ۳۰ روپے۔

علم الخواب رات کو آنے والے نیک بد خوابوں کی تعبیر دیکھنے اور ان کے اثرات کا حال وضاحت سے درج ہے کون خواب رات کو کس پہر میں آیا ہو کیا تعبیر رکھتا ہے۔ شگن وچار صحت۔ قیمت ۴۰ روپے۔

علم مسمریزم مسمریزم کے ذریعہ انسان میں موجود مقناطیسی کشش کی قوت ہر ناممکن اور کٹھن کام کر کے دکھاتی ہے۔ ہر مرض کا علاج کرنا کسی دفینہ یا گم شدہ کا حال جاننا مفصل درج ہے۔ قیمت۔

منوُشیہ جیون کا رھسیہ
منش جیون کے حالات انسان مر کر کہاں جاتا۔ لوک پرلوک۔ کرم پھل زندگی کو بہترین بنانے کے نہایت قیمتی ۵۰ روپے۔

پتہ۔ پنّا لال ولد پنڈت چونی لال معرفت کارخانہ مفید عالم جنتری بیرون مائی ہیراں گیٹ جالندھر شہر

قمری تاریخ کی پیدائش کا اثر

پیدائش مسیح سے ہزار سال پیشتر چاند کے اثرات اعتقادات میں داخل ہو چکے تھے اس زمانہ میں صرف چاند کا کیلنڈر رائج تھا۔ لہٰذا قدیم حکماء نے ان تاریخوں کی پیدائش کے متعلق جو اثرات بیان کئے ہیں وہ اپنے اندر حیرت انگیز حقائق رکھتے ہیں۔ وہ لوگ علم نجوم سے دلچسپی نہیں رکھتے۔ وہ قمری تاریخ تاریخ پیدائش کے اثر کو دیکھیں۔ اپنے آپ پر اپنے عزیزوں اور دوستوں پر آزمائیں۔

1۔ نئے چاند سے ۲۴ گھنٹوں کے اندر پیدا ہونے والا بچہ خاص طور پر خوش بخت ہوتا ہے اور طویل العمر۔
2۔ مولود چوری شدہ یا گم شدہ چیزوں کو تلاش کرنے میں خاصی قابلیت کا مالک ہوتا ہے۔ وہ علم آثار قدیمہ میں بھی کامیابی حاصل کرتا ہے۔
3۔ ان لوگوں سے فائدہ اٹھاتا ہے جو اعلیٰ عہدہ اور بااختیار پوزیشن کے مالک ہوں۔
4۔ دوسرے لوگوں سے زیادہ مرحلوں سے متاثر ہوتا ہے۔
5۔ شروع بہت اچھی طرح اور جوش سے کرتا ہے۔ لیکن نقصان سے بددلی سے اور بُری حالت میں ختم کرتا ہے۔
6۔ احکام، اصول و قوانین میں اثر پذیری اور قبولیت کا جذبہ احترام رکھتا ہے۔
7۔ طویل العمر بہت سے انقلاب دیکھے، اچھا جسم۔
8۔ اپنی ہمت سے اپنی قسمت بنائے گا۔
9۔ کاروبار میں خوش بختی دیکھے، دوسرے امور میں اعزاز حاصل کرے۔
10۔ بہت سفر، جگہ بہ جگہ گھومتا پھرے۔
11۔ افتاد مزاج، دلکش مذہب کی طرف رجوع رکھے۔
12۔ طویل العمر، صاحب ادراک، روشن ضمیر، غیب دان، رسول و نبی کا مرتبہ پانے والا
13۔ تیز شعور، اعلیٰ ادراک فلسفی، پیغمبرانہ خوابیں دیکھنے والا۔
14۔ دوسروں سے مدد حاصل کرنے میں بہت خوش قسمت۔
15۔ جسمانی طور پر کچھ نزاکت رکھے، بہت بااعتماد دوست اور حق پرست مددگار حاصل کرے۔
16۔ تقریر و اسلوب و انداز فن کا فوراً مظاہرہ کرے تجارت میں زندگی بنائے۔
17۔ مغرور و خود رائے، بیوفانہ حرکتیں کرے۔
18۔ باہمت اور صنعت کار، طویل العمر، لیکن بہت سے مشکلات پیش آئیں۔
19۔ طاقتور دشمن (اگر قمر نحس ہو)
20۔ بُری صحبت اس پر جلد اثر ڈالے، حالانکہ صاحب دانش ہو۔
21۔ اچھا جسم، جو شفایابی اور تلافی مافات کی بہترین قوت رکھے، قوت ارادی والا، خود پسندی کار جحان رکھے۔
22۔ ہمت بندھانے والے، دلاسا دینے والا، بہت محبوب، بہت دوست رکھے۔
23۔ غیر ممالک کے سفر کرے، اپنے کیریئر کو بنانے کے لئے دوستوں تک کو چھوڑ دے بعض اوقات بدمزاج۔
24۔ غیر معمولی ہوشیاری کا مالک، ایسی کہ اگر اسے استعمال کرے تو تحسین حاصل کرے۔
25۔ مہمات کی زندگی، خطرات میں پڑنے والا، ثابت قدم، مغرور ضدی۔
26۔ امیر آدمی ہوگا (یا ہو سکتا ہے) یا اعلیٰ عزت کا مالک، بشرطیکہ کسی قابلیت کا جوہر اس میں ہو۔
27۔ پیغمبرانہ خوابیں دیکھنے والا، برتاؤ میں خوش خلق۔
28۔ دوستوں اور اعزاء سے موافقت پائے لیکن نفیس افتاد مزاج اور پسندیدہ خصلت کی وجہ سے۔
29۔ بہت سے مصائب و مشکلات پر غالب آئے، شادی میں خوشی دیکھے یا کامیاب کیریئر حاصل ہو۔
30۔ آرٹ یا سائنس میں ماہر، بہت خوشیاں اور خوش بختیاں دیکھے۔

وہ لوگ جو گرہن سے قبل یا گرہن کے دوران پیدا ہوتے ہیں۔ وہ اصول، قوانین اور رواج کا خاتمہ کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر مسمار اور انہدام کا کام کرنے والے، جوشیلے ریفارمر اور انقلابی آدمی (جو پرانے قانون کو ختم کرتے ہیں) قریباً ایسے وقت کے قریب پیدا ہوتے ہیں۔

وہ لوگ جو گرہن کے فوراً بعد پیدا ہوتے ہیں۔ وہ اپنی بیوی سے کسی دوست عورت کی وجہ سے خوش قسمتی پاتے ہیں۔ کسی کے کام میں مدد اور کسی کام کے تعمیری سلسلہ میں مصروف رہتے ہیں۔ لیکن لا حاصل طور پر۔

سوائے مقابلہ کے دیگر قمری نظریات اس امر کی وضاحت کریں گے کہ گرہن کے بعد پیدا ہونے والے لوگ در حقیقت کیا کام کریں گے۔ ان میں تمام لوگوں سے بہتر کام کرنے کے صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ وسیع دولت کما سکتے ہیں۔

تقویم میں ہر ماہ کا نیا چاند دیکھ کر کچھ پڑھنا اور چیزوں کا دیکھنا لکھا جاتا ہے۔ شاید آپ نے نہ کبھی توجہ دی نہ عمل کیا۔ آپ اسی پر عمل کر کے قمری اثرات کو فوراً آزما سکتے ہیں۔ یوں کریں کہ نیا چاند دیکھ کر کسی سکہ یا نوٹ کو تین دفعہ دیکھیں۔ اس کے بعد اس چیز کو دیکھیں جو پسندیدہ ہو تو اس قمری میں روپیہ ملے گا۔ تجربہ کریں واقعات سے معلوم ہوگا کہ کون سے نئے اسباب پیدا ہوئے، چاندی کا سکہ یا سفید سکہ قمر سے منسوب ہے۔

زمانہ قدیم میں ایک تصویر ہوتی تھی کہ ایک غلام نے اشرفیوں سے بھری ٹوکری اٹھائی ہوئی ہے اور سفید پھول پہنے ہوئے ہیں۔ امراء میں یہ قاعدہ تھا کہ نیا چاند دیکھ اس تصویر کو دیکھا کرتے تھے۔ مقصد یہ تھا کہ دولت ملے۔ موجودہ دور کے لوگوں نے اس قسم کے نظریات کو ترک کر دیا ہے۔ وہ اس میں کوئی دلچسپی نہیں لیتے۔ لیکن مسلمانوں کی کتابوں میں اب بھی اس نظریہ کو یعنی قمری اثرات سے فائدہ اُٹھانے کے لئے نیا چاند دیکھ کر مخصوص سورتیں پڑھنا اور مخصوص اشیاء پر نظر ڈالنا لکھا ہوا ہے۔ اگر آپ ان پر عمل کریں گے تو ہر ماہ کوش بختی کے نئے انداز دیکھیں گے۔ ذرا آزمایئے تو سہی۔ کچھ خرچ تو آئے گا نہیں۔ البتہ اتنی بات ضرور ہوگی کہ نیا چاند دیکھنے کے منتظر رہنا پڑے گا۔

پیش کردہ :- **محمد سلیم الدین** جالندھر

جنم کنڈلی میں گرہوں کی تاثیر

آئینہ قسمت کی روح سے

شمس یعنی سورج کی تاثیرات کا بیان

لگن خانہ اوّل

جنم کنڈلی میں سورج لگن یعنی خانہ اوّل میں پڑا ہو یا لگن استھان کو دیکھتا ہو تو اس شخص کا جسم دُبلا، کرودھ سبھاؤ اور مزاج میں جلد بازی، گھبراہٹ اور کڑواپن بہت ہو۔ تھوڑی خلاف مزاج بات پر بگڑ جائے۔ شرویر، پراکرمی اور نیک نیت، حیا آلودہ ہو۔ چھوٹی عمر میں بیماری اور تکلیف پائے۔ بڑا دلاور اور عالی دماغ ہو۔ آنکھوں کے مرض اور سر درد کی شکایت میں اکثر مبتلا رہے۔ سفر کا زیادہ شائق ہو۔ اولاد کا سکھ کم پائے۔ سُرخ رنگت۔ چھوٹے بال اور مست آنکھیں ہوں۔ بال اوستھا میں کئی قسم کی تکلیفوں کا سامنا دیکھے۔ کھوٹے اور نیچ آدمیوں کی سنگت ہو۔ امراض سفراوی اور حرارتِ خون سے تکلیف پائے۔ قوت ہاضمہ اس کی اچھی نہ ہو۔ وات پت پر کرتی ہو۔ بڑا تیز طبع اور غصہ ور شوخ چشم ہو۔ ناک کچھ اُونچی ہو۔ کنٹھ یا ٹڈا میں برن یا تلی کا نشان ہو۔ چوٹ اور ضرب ہتھیار سے خطرہ پائے۔ دو شادیاں ہوں۔ عورت سے موافقت کم رکھے۔ پرچنڈ کرودھ۔ لمبی دیہہ شانتی اور کشما سے یکت ہو۔ زندگی میں ترقی، تنزلی کا زمانہ بہت دیکھے۔

خانہ دوم

سُورج جنم لگن سے دُوسرے گھر میں بیٹھا ہو یا دُوسرے استھان کو دیکھتا ہو۔ اور شبھ گرہ سے یکت ہو اور درشٹ ہو تو دولت مند اور صاحب اقبال ہو۔ دولت پیدا کرنے کے لئے نیک تدابیر پر عمل رکھے۔ لیکن تکبر اور غرور کے باعث تنزل پر گر جائے۔ کوشش اور پرتین اس کا نشپھل ہو اور ہانی کارک ہو۔ لابھ اور فائدہ کے عوض نقصان اُٹھائے۔ دشمن اس کے بہت ہوں۔ امیر لوگوں سے صحبت رکھے۔ عورت مطیع اور فرمانبردار ہو۔ استری کے نمت سمبندھیوں سے ورودھ پائے۔ کمزور اور لاغر بدن ہو۔ دھن نیک کاموں میں خرچ زیادہ کرے۔ احسان فراموش نہ ہو۔ ہمدردی اور دیالتا سے یکت ہو۔ چوپایہ اور سواری کا سکھ اور آرام دیکھے۔ اگر اشبھ گرہ کے ساتھ یکت و درشٹ ہو تو عورت روپیہ اس کے پاس کم ٹھہرے۔ دُکھی ہو۔ دُوسروں کی بُرائی کرے۔ حریص اور لالچی، فتنہ انگیز، فاسد اور کرتگھن ہو نیکی کا عوض بدی سمجھے۔ تھوڑی سنتان اور تھوڑی عقل ہو۔ دشمن بہت رکھے۔ فضول اور ناجائز اخراجات بہت ہوں اُمیدوں سے مایوس ہو کر زیر بار ہو جائے۔ مفلس، نادار اور دُوسروں کی زیر اطاعت اور جدوجہد سے گذارہ ہو۔ روپیہ حاصل کرنے کی نیت سے دوسروں کو دھوکہ میں ڈال دیوے۔ وراثتی جھگڑوں سے دُکھی ہو۔ راج استھان اور چوروں سے خطرہ پائے۔ ہمیشہ پریشان غمزدہ اور متلاشی روزگار ہو خویش و اقارب سے عناد رکھے۔ مریض طبع اور بے مطلب گفتگو کرنے والا ہو۔ صفراوی روگ اور آنکھوں کے مرض سے تکلیف اُٹھائے۔

خانہ سوم

جنم کنڈلی میں لگن سے تیسرے بھاؤ میں سورج پڑا ہو یا تیسرے استھان کو دیکھتا ہو تو دولت مند۔ صاحب اقبال اور نیک نام ہو۔ راج دربار میں عزت اور ادھیکار پائے عورت اور اولاد سے خوش اور راحت مند ہو۔ راج دربار میں عزت اور ادھیکار پائے عورت اور اولاد سے خوش اور راحت مند ہو۔ دشمنوں پر فتح پائے۔ درشٹی یعنی نگاہ ترچھی ہو۔ روپیہ پیسہ کا خرچ بہت رکھے۔ جنگی معاملات میں اچھا ماہر ہو۔ بیماری سے محفوظ رہے۔ عاقل و دانا اور عالم شخص ہو۔ نقل و حرکت بہت رکھے۔ نیک مزاج۔ ست بادی اور حیا آلودہ ہو۔ وہ بھائیوں سے سکھ اور آرام پائے۔ بڑا شور بیر پراکرمی دھیرج اور حوصلہ سے یکت ہو۔ رعب و داب اس کا اچھا ہو۔ سواری وغیرہ نوکر چاکروں سے سکھ اور آرام دیکھے۔ اگر اشبھ حالت میں ہو تو سب باتیں اس کے برعکس ہوں۔ بھائی بہنوں سے وِرودھ رکھے۔ دشمنوں سے پریشان اور خوفزدہ ہو۔ بڑا بھائی اس کا زندہ نہ رہے۔ تین بھائی اور دو بہنیں ہوں۔ شستر یا زہر سے کسی بھائی کی زندگی خطرہ میں ہو۔ کوئی بہن مرت بندھیا اور ودھوا ہو جائے۔ بھائیوں یا بہن کی سنتان کا دُکھ ہو۔ سفر اور نقل و حرکت میں بہت رہے۔

خانہ چہار

سورج لگن سے چوتھے بھاؤ میں بیٹھا ہو یا چوتھے استھان کو دیکھتا ہو اور شبھ گرہ یکت و شبھ درشٹ ہو تو زر و دولت سے آسودہ خوشحال اور نوکر چاکروں سے راحت مند ہو۔ زراعت کھیتی اور عمارات وغیرہ کے کاموں کی طرف رغبت بہت رکھے سمبندھیوں کا دشمن اور اپنے خاندان کا مخالف ہو۔ راجہ اور حکام سے ناموافقت پائے۔ مزاج میں حرارت اور تلخی ہو۔ پتا سے وِرودھ پائے۔ راحت والدین زیادہ نصیب نہ ہو۔ گورو اور مرشد کی خدمت کم کرے۔ بڑا ہوشیار اور چتر ہو۔ لڑائی جھگڑوں میں بہادر اور زمانہ ساز ہو۔ علم موسیقی اور گانے بجانے میں شوق رکھے عقلمند اور دانا اور صاحب علم ہو۔ کاروبار میں زیادہ مصروف رہے۔ زبان میٹھی ہو۔ کہنا کسی کا قبول نہ کرے۔ مجمع، مجالس میں مخبر قوی ہو۔ ہٹ اور ضد پر قائم رہے۔ دشمن بہت ہوں۔ زر و مال کی بہتری کے واسطے دُوسروں کو نقصان پہنچائے۔ والدین سے رابطہ و اتحاد کم ہو۔ خانگی معاملات میں جھگڑا اور تکرار بہت رکھے۔ گھر میں زیادہ عرصہ ٹکتی نہ ہو۔ باہر نکل جائے یا زیادہ عرصہ تک پردیس میں گزر اوقات کرے۔ اگر ضعیف ہو تو فسادی، جھگڑے خور، مزام میں حرارت اور تلخی ہو۔ دشمنوں کے مقابلہ میں شکست کھائے۔ والدین کا مخالف ہو۔ جائداد املاک کو نقصان پہنچائے۔ لوگوں کی نظر میں حقیر ہو۔ قوم رزیل اور صحبت بد سے اختلاط رکھے۔ کار بد اور جھوٹ کے کاموں میں زیادہ مصروفیت ہو۔ راج اور حکام سے خطرہ پائے۔ زر و دولت سے آسودہ خوشحال اور نوکروں چاکروں سے راحتمند ہو۔

خانہ پنجم

سورج لگن سے پانچویں گھر میں بیٹھا ہو یا پانچویں استھا کو دیکھتا ہو اور شبھ دبلوان ہو تا اولاد کا سکھ پائے۔ بڑا عقلمند و دانا اور صاحب علم ہو۔ روزگار اچھا اور عمدہ پائے پنڈت اور عالم، سیشٹ بدھی اور گنوں سے یکت ہو۔ مشکل اور پیچیدہ کاموں کو انجام پہنچائے۔ شوجی دُرگا بھگوتی کا اُپاسک ہو۔ بال اوستھا میں دُکھی

ہے۔ عمر اوسط میں سکھی اور آسودہ ہو۔ روپیہ کئی قسم کے ذرائع اور تجویزوں
سے پیدا کرے۔ زوجہ کا پہلا حمل اس کے پورن نہ ہو۔ گر جائے۔ فرزند زینہ
سنتان اوّل کا دُکھ دیکھے۔ عقلندی اور ہوشیاری سے کام کرنے والا ہو۔ عورت
غیر کی طرف رغبت زیادہ رکھے۔ حکمت و نجوم اور قانون کے اصولوں سے
واقف ہو۔ عزیزوں اور دوستوں سے آرام پائے۔ اگر ضعیف اور شبھ یکت ہو تو
تیز مزاج چنچل غصہ ور اور شکی طبیعت ہونے کی قدر نہ کرے سنتان سے دُکھی
قلیل اولاد ہو۔ سفر میں بہت رہے۔ فریب اور ٹھگی سے دولت پیدا کرے
افسوں اور طلسمات وغیرہ کے کام سے واقف ہو۔ شکل و صورت واجبی
ہو۔ امراض صفراوی سے تکلیف اُٹھائے۔

خانہ ششم

لگن سے چھٹے گھر میں پڑا ہو تو چھٹے گھر کو دیکھتا ہو تو راج منتری ہو یا منتری
کے سمان عہدہ پر تعینات ہو۔ سواری وغیرہ سے آرام پائے۔ ماموں اور نانکے
خاندان کے لئے تکلیف دہ ہو۔ لوگوں پر بہت جلد اعتبار قائم کر لیوے۔ یوگ
ابھیاس اور مسمریزم کے اُصولوں سے واقف ہو۔ دوستوں کی خاطر راج کاریہ
کی ڈنڈ برداشت کرے سمبندھیوں اور دوستوں میں مشہور اور نیک نام ہو۔
دشمنوں اور مخالفوں پر ہمیشہ فتحمند رہے۔ ملک و املاک اور زر و دولت اچھی ہو۔
شریف اور نیک لوگوں کی عزت اور قدر رکھے۔ شور بیر پراکرمی اور اقبال مند
ہو۔ مسافری میں تکلیف اُٹھائے۔ چوروں سے خوف زدہ ہو۔ راجہ اور احاکم
کے نزدیک عزت و توقیر پائے۔ اگر اشبھ یکت و اشبھ درشٹ ہو تو بے عقل اور
مردہ دل ہو۔ نیک اور اچھے کاموں سے علیحدہ رہے۔ صحبت اور مجلس اچھی نہ
ہو۔ کھوٹے کاموں میں روپی ضائع کرے۔

خانہ ہفتم

قسمت یعنی کمزور طالع ہو۔ تھوڑی اولاد پائے۔ دولت و گذران واجبی ہو۔
پیٹ شکم یا پوشیدہ بیماری سے تکلیف اُٹھائے۔ دو عورتیں ہوں۔ دوستی میں
راست نہ رہے۔ راج کرودھ سے دُکھ کو پراپت ہو۔ دُنیاوی کاروبار کی طرف
سے فکر مند رہے۔ کھوٹا سبھاؤ چنچل پرکرتی اور ترچھی نظر ہو۔ عورت کی
طرف سے دُکھی رہے۔ مجمع عائد میں بہت شریک ہو۔ بیوپار میں فائدہ کم
پائے۔ جسمانی دردوں سے دُکھت ہو۔ وایو اور کف کے روگوں سے تکلیف
پائے۔ سیاح، مسافر کثیر السفر ہو۔ قوم ارزل اور ہلکے درجہ کے لوگوں سے اختلاط
رکھے۔ اگر خانہ ہفتم میں متھن راشی کا سورج ہو تو دُنیاوی کاموں کو انجام
پائے۔ علم جیوتش و نجوم سے واقف ہو۔ سفر غیرہ ممالک کا بہت کرے۔

خانہ ہشتم

سورج لگن سے آٹھویں گھر پڑا ہو تو مسافری اور پردیس میں بہت رہے۔
احسان فراموش اور منحوس طالع ہو۔ عورت کی خواہش بہت رکھے۔ چنچل،
کرودھ سبھاؤ اور تنہائی پسند ہو۔ علیحدہ رہائش اور تنہائی میں خوش رہے۔
دشمنوں اور مخالفوں سے پریشان ہو۔ تھوڑی عقل اور مند درشٹی ہو۔ کھوٹے
نیچ آدمیوں سے محبت رکھے۔ مریض اور دُکھی کرتا سے ہین ہو۔ لڑائی
جھگڑے اور چوری، تجارت میں نقصان اُٹھائے۔ تیز طبع، ناقص الرائے اور
بدکار آدمی ہو سختی سے موت پائے۔ بھائیوں سے سکھ کم ہو۔ وراثتی

جھگڑوں سے پریشان رہے۔ عورت غیر سے محبت رابطہ ہو۔ بواسنہ خونی سے
تکلیف پائے۔ اگر شبھ یکت و شبھ درشٹ ہو تو دشمنوں پر غالب رہے۔

خانہ نہم

سورج لگن سے ناںویں پڑا ہو اور شبھ یکت و اشبھ درشٹ ہو تو والدین سے
وِرودھ رکھے۔ علم و عقل اور شرم و حیا سے روہت ہو۔ نیک و بد کی تمیز کم سمجھے۔
بال اوستھا میں دُکھی اور تکلیف زدہ ہو۔ جوان عمر میں روپیہ کمائے۔ بے عقل، بے
دین اور بے مذہب ہو۔ زر و مال کی بہتری کے واسطے دوسروں کو نقصان
پہنچائے۔ دھوکہ اور فریب دینے کا عادی ہو۔ دھرم کے مخالف عمل کرے۔
گورو۔ مرشد اور مذہب و دین سے رہت ہو۔ سفر کا شوق بہت رکھے۔ قسمت
و کمزور طالع ہو۔ اُمیدوں میں اکثر مایوس اور پریشان ہو جائے۔ اگر شبھ یکت و شبھ
درشٹ ہو تو ست بادی اور کل پرور ہو۔ بھائیوں کی بدولت دُکھ اور تکلیف
اُٹھائے۔ دھرم کرم اور سخاوت سے یکت ہو۔ سادھوں اور براہمنوں سے رابطہ
رکھے شریشٹ بدھی ہو۔ عزیزوں اور سمبندھیوں سے آرام پائے۔

خانہ دہم

جائدہ اور وراثت پائے۔ دولت مند۔ عاقل اور ذی علم ہو۔ روزگار سے
خوش رہے۔ دوست کم ہوں۔ راجہ اور حکام کے نزدیک عزت و توقیر پائے۔
متکبر، غصہ ور۔ آتش مزاج ہو۔ زر و دولت اور جاہ و جلال زیادہ عرصہ اُس کے
پاس کم ٹھیرے۔ والد کا سکھ اُس کو بہت کم ہو۔ امیر لوگوں سے ملاقات پائے۔
راگ و رنگ اور گانے بجانے کا شائق ہو۔ عورتوں پر نیت قابض رکھے۔ اگر اشبھ
یکت و اشبھ درشٹ ہو تو راجہ اور حاکم سے خطرہ ہو۔ روزگار کی تلاش میں
مصروف رہے۔ باپ سے رابطہ و محبت کم ہو۔ عمر کے آخر حصہ میں دُکھ اور تکلیف
پائے۔ اگر شبھ یکت اور شبھ درشٹ ہو تو صاحب اقبال اور پیش حکام صاحب قدر
ہو۔ سنتان سے سکھ پائے۔ فیاض اور سخی ہو۔ شبھی یعنی نیک کاموں میں روپیہ
خرچ کر کے سادھوؤں میں اکار کے کرنے والا ہو۔ سواری وغیرہ کا آرام پائے۔

خانہ یازدہم

دوستوں سے راحت مند ہو۔ خاندان کا خیال بہت رکھے۔ دولت مند
خوبصورت شکل اور صحاب حکومت ہو۔ عمر دراز پائے۔ زر و مال اور دھن دولت
سے آسودہ ہو۔ گھوڑے ہاتھی وغیرہ سواری کا آرام دیکھے عقلمند و دانا اور سریشٹ
گنوں سے ممکت ہو۔ اولاد کا سکھ پائے۔ نیک نیت اور دھرم و ایمان والا اور خدا
شناس ہو۔ غذا اور پوشاک عمدہ رکھے۔ عورتوں کو اپنے اُوپر فریفتہ رکھے۔ راج
پر تشٹھت اور مشہور و نیک نام ہو۔ دشمنوں کے مقابلہ میں فتح اور کامیابی پائے۔

خانہ دوازدہم

سورج لگن سے بارہویں گھر پڑا ہو تو آنکھوں کے مرض سے تکلیف پائے۔
مند درشٹی یعنی بصارت میں کچھ نقص ہو۔ عورت غیر سے بھوگ بلاس پائے۔
عیاش اور کامی ہو۔ پتا کے ساتھ وِرودھ بدھی رکھے۔ شکاری اور ہنسک ہو۔
سمبندھیوں سے پریشان رہے۔ متکبر غصہ ور۔ آتش مزاج ہو۔ جھگڑے خور
اور فساد طبیعت ہو۔ کار بدی میں زیادہ مصروف رہے۔ جھوٹ اور فریب سے دُکھ
اور کلیش پائے۔ چور اور ڈاکوؤں سے تکلیف زدہ اور پریشان ہو۔ زر و دولت کا
نشان نہ دیکھے۔ سفر میں زیادہ رہے۔ چچا یا تایہ سے دُکھ اور تکلیف پائے۔

گرہوں کی دوستی ودشمنی کا بیان

کنڈلی میں جو گرہ جن استھان پر ہوتا ہے وہ اُس استھان سے دوسرے تیسرے چوتھے دسویں اور گیارھویں بارھویں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال متر ہوتا ہے اِس کے برعکس دوسرے استھان میں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال تشرو کہنا چاہئے اگر کوئی گرہ تت کال متر ہوتا ہے نقشہ ذیل کے مطابق اُس کے گھر میں پایا جائے تو وہ دِلی متر اس کا نہایت دوست کہلاتا ہے۔ اِسی طرح شترو تت کال ہوتا ہے۔ اگر نقشہ میں شترو پایا جائے تو نہایت دشمن کہلاتا ہے۔ اگر متر ہو تو نہایت متر کہلاتا ہے۔

نام گرہ	سورج	چند	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
دوست گرہ	چندرماں منگل	سورج بدھ	سورج چندرماں برہسپت	سورج شکر منگل	سورج چندرماں منگل	سنیچر بدھ راہ	شکر بدھ راہ	سنیچر بدھ شکر	سنیچر بدھ شکر

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
مساوی گرہ	بدھ	شکر منگل برہسپت	شکر سنیچر	برہسپت سنیچر منگل	سنیچر راہ	منگل برہسپت	برہسپت	برہسپت	برہسپت
دشمن گرہ	شکر سنیچر راہ	راہ کیت	بدھ راہ	چندرماں	شکر بدھ	سورج چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں

گرہوں کی نظرات (دریشٹی) کا بیان

کنڈلی کے اندر جس جس گھر میں گرہ پڑے ہوتے ہیں وہاں سے تیسرے دسویں بھاؤ میں اُن کی چوتھائی درشٹی ہوتی ہے۔ پانچویں ناویں بھاؤ میں آدھی ساتویں بھاؤ میں پورن درشٹی بھی جاتی ہے چوتھے آٹھویں تین پاؤ ۳/۴ درشٹی جیوتش شاستر میں کہی ہے۔ برہسپتی جس گھر میں ہوتا ہے اُس گھر سے ترکون بھاؤ پانچویں ناویں خانہ میں اُس

نام گرہ	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہو کیت
درشٹی خانہ	-	-	-	-	-	-	-	-
خانہ سوم	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	پورن	۴/۱
خانہ چارم	۴/۳	۴/۳	پورن	۴/۳	۴/۳	۴/۳	۴/۳	۴/۳
خانہ پنجم	۲/۱	۲/۱	۲/۱	۲/۱	پورن	۲/۱	۲/۱	-
خانہ ہفتم	پورن	نظر کامل	کامل	پورن	پورن	پورن	کامل	پورن
خانہ ہشتم	۴/۳	۴/۳	پورن	۴/۳	۴/۳	۴/۳	۴/۳	-
خانہ نہم	۲/۱	۲/۱	۲/۱	۲/۱	پورن	۲/۱	۲/۱	-
خانہ دہم	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	۴/۱	پورن

کو پورن درشٹی ہوتی ہے۔ شنی کی اپنے استھان سے تیسرے یا دسویں اور منگل چوتھے اور آٹھویں استھان میں پورن درشٹی کہی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ باقی سب گرہوں کی درشٹی تیز شنی منگل اور برہسپتی کی درشٹی بھی اپنے استھان سے ساتویں استھان پر پورن درشٹی مانی ہے۔

شرف وہبوط سیارگان

شرف یعنی اوچہ اور ہبوط یعنی نیچ سے متصور ہے۔ جو گرہ اپنی راشی یا خانہ شرف میں وقت مطلوب کے ہوتا ہے طاقتور اور بلوان ہوتا ہے اور شمرہ نیک ظاہر کرتا ہے جو ستارہ خانہ ہبوط نیچ راشی میں واقع ہوتا ہے وہ ناطاقت اور کمزور ہوتا ہے اور اُس کے گھر کے منسوبات سمجھ پریشان کرتا ہے نقصان پہنچاتا ہے۔ گرہوں سے شرف وہبوط کا وچار رنج ہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
شرف اوچہ راشی	میکھ	برکھ	مکر	کنیا	کرک	مین	تلا	کنیا	مین
اوچہ درجہ	۱۰ درجہ	۳ درجہ	۲۷ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ
ہبوط نیچ راشی	تلا	برچھک	کرک	مین	مکر	کنیا	میکھ	دھن	متھن
نیچ درجہ	۱۰ درجہ ۱۸	۳ درجہ	۲۸ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۷ درجہ	۲۰ درجہ	۳۰ درجہ	۲۲ درجہ

مکیت اور وبال سیّارگان

کنڈلی میں گرہ پڑے ہیں ان کو دیکھنا چاہئے کہ وہ خانہ خود یا خانہ وبال یا اوچہ نیچ راشی میں پڑا ہے۔ پس جو گرہ جس گھر کا مالک ہے۔ اس سے ساتواں گھر اُس کا وبال یعنی ناقص ہوتا ہے۔ جیسے سورج کا سنگھ راس اپنا گھر ہے سنگھ سے شمار میں ساتویں راس کنبھ ہے جو سورج کے لئے وبال راشی ہے۔ اِس لئے اس میں ہبوط ستارہ مثل حیران اور بیقرار رہے اور جو برج جس ستارہ کا ہو وہ شرف ہوتا ہے۔ اِس سے ساتواں گھر اس کا ہبوط یعنی نیچ ہے۔ جیسے سورج کا میکھ شرف ہے اور میکھ سے شمار میں ساتویں راس تلا ہے جو سورج کی ہبوط یعنی نیچ راشی ہے۔ پس اِس طرح سے ہر ایک ستارہ کا اُوچ نیچ اور خانہ وبال وغیرہ کو دیکھنا چاہے۔

نام گرہ	سورج	چند	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیتو
خانہ عروج	سنگھ	کرک	میکھ برچھک	متھن کنیا	دھن مین	برکھ تلا	مکر کنبھ	متھن کنیا	متھن کنیا
خانہ وبال	کنبھ	مکر	تلا برکھ	دھن مین	متھن کنیا	برچھک میکھ	کرک سنگھ	دھن مین	دھن مین